یہی وجہ ہے کہ ایک سانس خاصانِ خُدا کی اوروں کی ہزاروں برس کی عبادت سے بدرجہا افضل ہے۔ ان کا سونا غافل کے تہجد سے اولیٰ ہے۔ جب یہ معلوم ہو چکا ثواب کمال یقین سے اس ہفت ہیکل کو ہر روز پڑھا کرو۔ جس غرض اور مطلب کے واسطے پڑھو گے بفضلہٖ تعالیٰ بیڑا پار ہو گا۔ جس قدر دل تعلقات ماسوائے سے منقطع ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف جھکے گا اسی قدر فوائد حاصل ہوتے جائیں گے ؎

دلآرامی کہ داری دل درو بند
دگر چشم از ہمہ عالم فرو بند

اللہ تعالیٰ سب کو توفیق عطا فرمائے، وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

ہیکل اوّل ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اُعِيْذُ نَفْسِىْ بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ ○ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

هُوَ ۚ اَلْحَىُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا

فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِىْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا

يُحِيْطُوْنَ بِشَىْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ ○ البقرة ۲۵۵

ہیکل دوم ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اُعِيْذُ نَفْسِىْ بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ ○ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ

عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّىْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِىْ بَطْنِىْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ

مِنِّیْ ؕ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا
قَبْلَکَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِیْلًا ○ اَقِمِ الصَّلٰوةَ
لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ اِلٰی غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ
قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْهُوْدًا ○ وَمِنَ الَّیْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً
لَّکَ ۖ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ○ وَقُلْ رَّبِّ
اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ
اجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ○ بنی اسرائیل ۷۷ تا ۸۰

هیکل سوم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ
بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ کُلٌّ اٰمَنَ
بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِکَتِهٖ وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ
اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَکَ

رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا
وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا
تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ نَّسِيْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ
عَلَيْنَاۤ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا
وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة
وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

ہیکلِ چہارم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اُعِيْذُ نَفْسِيْ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ
وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝ وَنُنَزِّلُ
مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا
يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝ وَاِذَاۤ اَنْعَمْنَا عَلَى
الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

كَانَ يَئُوْسًا ○ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ط
فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ○ وَيَسْئَلُوْنَكَ
عَنِ الرُّوْحِ ط قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ
مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ○ بنی اسرآءیل ۸۱-۱۵

ہیکل پنجم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اُعِيْذُ نَفْسِيْ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○ قَالَ رَبِّ
اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا
وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ○ وَاِنِّيْ خِفْتُ
الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآئِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ
لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ○ لا يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ
يَعْقُوْبَ ق وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ○ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ
رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ج لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِیْنَ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِیْنَ لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِیْبًا ۝ الفتح ۲۷

هیکل ششم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ یَّهْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ یَقُوْلُ سَفِیْهُنَا عَلَی اللّٰهِ شَطَطًا ۝ الجن ۱-۴

هیکل هفتم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

أُعِيْذُ نَفْسِى بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ
يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ○ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ القلم ۵۱-۵۲

شش قفل

قفلِ اوّل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِہٖ الَّذِیْ لَيْسَ
كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ○
بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○ وَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

*

قفل دوم ۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

بِسۡمِ اللّٰہِ الۡخَالِقِ الۡعَلِیۡمِ ○ الَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ

وَّ ھُوَ الۡفَتَّاحُ الۡعَلِیۡمُ ○ بِرَحۡمَتِکَ یَآ اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ ○

قفل سوم ۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

بِسۡمِ اللّٰہِ السَّمِیۡعِ الۡعَلِیۡمِ ○ الَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ

وَّ ھُوَ الۡغَنِیُّ الۡقَدِیۡرُ ○ بِرَحۡمَتِکَ یَآ اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ ○

قفل چہارم ۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

بِسۡمِ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡکَرِیۡمِ ○ الَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ

وَّهُوَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ○ بِرَحْمَتِكَ يَاۤ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

قفل پنجم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ ○ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ

وَّهُوَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ○ بِرَحْمَتِكَ يَاۤ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

قفل ششم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ○ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ

شَىْءٌ وَّهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ○ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا ○

وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ○

اسنادِ مُسبّعاتِ عَشر

یہ وہ دس چیزیں ہیں جو حضرت خضر علیہ السلام نے جناب رسُولِ خُدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھ کر ابراہیم تیمیؒ کو تعلیم کیں اور فرمایا کہ اس کی برکت سے خواب میں زیارت ہوگی جناب رسُول خُدا صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ تب حضرت سے اس کی فضیلت دریافت کر لینا۔ چنانچہ ان کو زیارت نصیب ہوئی اور بہشت میں حضرت نے میوہ کھلایا اور اس کے فضائل بیان فرمائے۔ جب حضرت ابراہیم تیمی خواب سے بیدار ہوئے مدتوں سے کھانا نہ کھایا انھیں سے مشائخ عظام کو یہ دولت پہنچی۔ بزرگانِ دین کا یہ ورد ہے۔ اس کے فضائل بے حد ہیں۔ اگر کچھ دیکھنے ہوں تو کتاب احیاء العلوم کی جلد اوّل باب دہم فصل اوّل میں ملاحظہ فرمالیجئے۔ یہاں بیان کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔ مُسبّعاتِ عَشر کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز صبح کو آفتاب کے نکلنے اور زمین پر پھیلنے سے پیشتر اور شام کو غروب سے پہلے باوضو سورۂ اَلْحَمْدُ سات بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ سات بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ سات بار قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ سات بار قُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ سات بار اٰيَةُ الْكُرْسِيْ سات بار سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ سات بار اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ سات بار اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ ط اِنَّكَ قَرِيْبٌ مُّجِيْبُ الدَّعَوَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ ط بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

الرَّاحِمِيْنَ سات بار اَللّٰهُمَّ افْعَلْ بِیْ وَبِهِمْ عَاجِلًا وَّ اٰجِلًا فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَآ اَنْتَ لَهٗ اَهْلٌ وَّ لَا تَفْعَلْ بِنَا يَامَوْلٰنَا مَا نَحْنُ لَهٗ اَهْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ جَوَّادٌ كَرِيْمٌ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ سات بار اور ہر بار ہر ستّو دفعہ آیۃ الکرسی کو بسم اللّٰہ کے ساتھ پڑھے اور ناغہ نہ کرے۔

عِلاجُ الاعظم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسّلام علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

بعد حمد و نعت کے احقر العباد غلام نبی خاں ابن حاجی محمود خاں مرحوم و مغفور مسلمان بھائیوں کی خدمت میں عرض پرداز ہے کہ ایک روز معدنِ شفقت واتحاد مخزن مودت و وداد سالک مسلک صدق وسداد جناب منشی خداداد صاحب نے فرمایا کہ اسمائے حسنیٰ باری تعالیٰ کے جتنے ہیں ان کے خواص اگر آپ اردو زبان میں ترجمہ کر دیجئے تو اغلب ہے کہ خواص وعوام اس کے فوائد سے محروم نہ رہیں۔ اس لیے اس عاجز نے اس رسالہ کا ترجمہ کیا اور نام اس کا "علاج الاعظم" رکھا اب اس رسالہ کے فائدہ اٹھانے والوں سے یہ عاجز بھی امید قوی رکھتا ہے کہ اس کمترین کو دعائے خیر سے یاد فرمادیں۔ جاننا چاہیئے کہ تمام اسمائے حسنیٰ کی ایک بڑی خاصیّت حدیث شریف کی رُو سے یہ ہے کہ جو شخص ان کو پڑھا کرے

داخل جنت ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ : اس اسم کو یا کہ اسم (یَا هُوَ) کو ہر روز جو کوئی ہزار بار پڑھے وُہ صاحب یقین ہووئے۔

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ : اس اسم کو جو شخص ہر روز سَو مرتبہ پڑھے فراموشی و غفلت اس کے دل سے جاتی رہے۔

هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ : اس اسم کو جو شخص ہر روز ایک سَو مرتبہ پڑھے تمام عالم اس پر مہربان ہووے۔

اَلْمَلِكُ : اس اسم کو جو کوئی ہر روز وقتِ زوال کے ایک سَو مرتبہ پڑھے تو غفلت و فراموشی اس کے دل سے جاوے اور دل اس کا پاک ہوئے۔

اَلْقُدُّوْسُ (یَا سُبُّوْحُ ، یَا قُدُّوْسُ) : اس اسم کو جو کوئی روٹی کے اوپر لکھ کر کھایا کرے اس شخص میں فرشتوں کی صفت پیدا ہووے۔

اَلسَّلَامُ : اس اسم کو جو کوئی بیمار کی صحت کے لیے ہر روز سَو مرتبہ پڑھا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ بیمار جلد آرام پاوے۔

اَلْمُؤْمِنُ : اس اسم کو جو کوئی پڑھا کرے یا اپنے پاس رکھے تو اس شخص کے ظاہر و باطن کی دولت حق تعالیٰ کی امان میں رہے اور اس پر کبھی شیطان قابو نہ پاوے۔

اَلْمُهَيْمِنُ : اس اسم کو جو کوئی ہر روز پڑھا کرے۔ اس کے ظاہر و باطن میں نُور پیدا ہوئے۔

اَلْعَزِيْزُ : اس اسم کو جو کوئی چالیس روز صبح کی نماز کے بعد اکتالیس بار پڑھا کرے تو امور دنیا و عقبیٰ میں کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

اَلْجَبَّارُ : اس اسم کو جو کوئی بعد مسبعات عشر کے اکتالیس بار پڑھا کرے تو کسی

جابر اور ظالم کے پنجے میں گرفتار نہ ہوئے۔

اَلْمُتَکَبِّرُ: اس اسم کو جو کوئی اپنی منکوحہ سے جماع کرنے سے پہلے دس مرتبہ پڑھے اور بعد اس کے صحبت کرے تو فرزند شائستہ و نیک اسے حق تعالیٰ عنایت کرے۔

اَلْخَالِقُ: اس اسم کو جو کوئی رات کے وقت جب لوگ سو جاویں بہت پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ فرشتے کو فرماوے کہ قیامت تک تُو عبادت کیا کرتا کہ ثواب اس شخص کے نام پر لکھا جاوے۔

اَلْبَارِئُ: اس اسم کو جو کوئی ہر روز سات مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اسے عذاب گور نہ ہووے بلکہ لاش اس کی گور سے فرشتے اٹھالے جاویں

اَلْمُصَوِّرُ: اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو عورت بانجھ ہو اور حمل اس کو نہ رہتا ہو تو چاہئیے کہ وہ سات دن روزہ رکھے اور افطار کے وقت اکیس بار اس اسم کو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اسی پانی سے افطار کرے انشاء اللہ تعالیٰ سات روز نہ گذرنے پاویں کہ اسے حمل رہ جاوے اور فرزند شائستہ تولد ہووے۔

اَلْغَفَّارُ: اس اسم کو جو کوئی بعد نماز جمعہ کے سو بار ان الفاظ کے ساتھ پڑھے کہ (یَا غَفَّارُ اِغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ) وہ شخص مغفوروں اور مقبولوں کے زمرے میں داخل ہووے

اَلْقَهَّارُ: اس اسم کو جو کوئی بہت پڑھا کرے دنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے دل پاک ہو۔

اَلْوَهَّابُ: اس اسم کو جو کوئی نماز چاشت کے بعد سجدے میں سات بار پڑھے تو اسے بے نیازی حاصل ہوگی اور اگر کسی حاجت کے حاصل ہونے کو پڑھا جائے تو آدھی رات کو صحن مکان یا مسجد میں ننگے سر ہاتھ اٹھا کر سو بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مدعا اس کا حاصل ہو۔

اَلرَّزَّاقُ: اس اسم کو جو کوئی نماز فجر سے پہلے صبح کاذب کے وقت ہر چار کونوں گھر کے دس دس بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس مکان میں بے برکتی و بے نوائی نہ ہو۔

اَلْفَتَّاحُ : اس اسم کو جو کوئی بعد نماز صبح کے سینے پر دونوں ہاتھ رکھ کر ستّر مرتبہ پڑھے تو زنگ اس کے دل سے دُور ہو اور قسمت بڑھے اور ہرگز بے نوا نہ ہووے۔

اَلْعَلِیْمُ ، اس اسم کو جو کوئی بہت پڑھا کرے حق تعالیٰ کی معرفت اس کو نصیب ہو علم میں کامل ہو۔

اَلْقَابِضُ : اس اسم کو جو کوئی چالیس دن تک ہر روز چالیس ٹکڑوں پر روٹی کے لکھے اور کھایا کرے تو بھوک کے عذاب سے نجات پاوے۔

اَلْبَاسِطُ : اس اسم کو جو کوئی صبح کے وقت ہاتھ اٹھا کر دس بار پڑھے اور اپنا ہاتھ مُنہ پر ملے تو وُہ ہرگز کسی کا محتاج نہ ہو۔

اَلْخَافِضُ : اس اسم کو جو کوئی سات ہزار بار پڑھے دشمنوں کی بدی سے نجات پاوے۔

اَلرَّافِعُ : اس اسم کو جو کوئی دن کو یا رات کے وقت سَو مرتبہ پڑھے حق تعالیٰ اسے تمام آفات و بلیات سے دور رکھے اور وُہ شخص خلق میں صاحب توقیر ہووے۔

اَلْمُعِزُّ : اس اسم کو جو کوئی شنبے یا جمعہ کی شب کو مغرب کی نماز کے بعد اکتالیس بار پڑھے تو خلق میں عزیز اور مکرم ہووے۔

اَلْمُذِلُّ : جو شخص کسی ظالم جفاکار سے خوف رکھتا ہو اسے چاہیئے کہ پچھتّر مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر سجدے میں جاوے اور حق تعالیٰ سے دُعا کرے کہ یا الٰہی تو فلاں شخص کے شر سے امان دے اور اس کی بدی سے بچاتے رکھ تو ان شاء اللہ تعالیٰ وُہ ظالم اس پر غالب نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کی پناہ میں امن و امان کے ساتھ رہے۔

اَلسَّمِیْعُ : اس اسم کو جو شخص پنجشنبہ کو نماز چاشت کے بعد پانچ سو بار پڑھے اور پڑھتے وقت کسی سے بات نہ کرے پس اللہ تعالیٰ سے جو دُعا مانگے گا وُہ قبول ہوگی۔

اَلْبَصِیْرُ : اس اسم کو جو کوئی جمعے کی سنت اور فرض کے درمیان سو مرتبہ پڑھے

وہ اللہ تعالیٰ کی نظروں میں مخصوص ہووے۔

اَلْحَکَمُ: اس اسم کو اگر سخت کام در پیش آجائے تو ہمیشہ بہت پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور کرم سے آسان ہووے۔

اَلْعَدْلُ: اس اسم کو جو کوئی جمعے کی رات کو بیس ٹکڑے روٹیوں پر لکھ کر کھائے تو اللہ تعالیٰ تمام خلق اللہ کو اس شخص کا تابعدار کرے۔

اَللَّطِیْفُ: اس اسم کو وضو کر کے سو مرتبہ پڑھنے سے مُدعائے دلی جو کچھ ہو بر آتا ہے اور وحشت تنہائی دفع ہوتی ہے اور بیماری سخت کی دوا ہے اور ناکتخدا لڑکی کی شادی ہونے کو علاج بے بہا ہے۔

اَلْخَبِیْرُ: جو شخص اس اسم کو ہمیشہ پڑھے نفس کے شر سے خلاصی پاوے۔

اَلْحَلِیْمُ: اس اسم کو اگر پانی پر دم کرے یا کاغذ پر لکھ کر دھو لیوے اور اس پانی کو کھیت پر چھڑک دیوے تو انشاء اللہ تعالیٰ کھیت بخوبی پھولے پھلے اور آفات سے محفوظ رہے

اَلْعَظِیْمُ: اس اسم کو جو شخص ہمیشہ پڑھا کرے وُہ خلق میں عظیم ہوگا۔

اَلْغَفُوْرُ: اس اسم کو اگر کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھے اور کیسے ہی بیمار کو کھلائے تین روز تک تو انشاء اللہ تعالیٰ شفا پاوے۔

اَلشَّکُوْرُ: اس اسم کو اگر تنگی معاش والا ہر روز اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس پانی کو سینے اور آنکھوں سے لگائے تو فراخیِ معاش حاصل ہو اور اسی پانی سے آنکھوں کی روشنی جو کم ہوئی ہو زیادہ ہوتی ہے۔

اَلْعَلِیُّ: اس اسم کو جو ہمیشہ پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کی عزت اور حرمت لوگوں میں زیادہ ہو اور دوسرے مقصد کے واسطے بھی مفید ہے۔

اَلْکَبِیْرُ: اس اسم کو جو شخص ہمیشہ پڑھے اسے کوئی گزندہ کاٹ نہ سکے، اور تمام آفات سے محفوظ رہے۔

اَلْحَفِيْظُ : اس اسم کو جو شخص لکھ کر اپنے پاس تعویز کر کے رکھے تو وُہ پانی میں غرق نہ ہو اور آگ میں نہ جلے اور دیو پری جن وغیرہ کے آسیب سے محفوظ رہے۔

اَلْمُقِيْتُ : اس اسم کو اگر سات بار پڑھے اور خالی کوزے کے اندر دم کرے بعد ازاں اس کوزے میں پانی بھر کر رکھے۔ پس اس پانی میں یہ تاثیر ہوگی کہ اس سے تھوڑا سا اس شخص کو جو مسافرت میں جاتا ہو یا ایک مکان سے دوسرے مکان میں نقل ہوتا ہو یا کسی نے اس سے بدمعاملگی کی ہو یا کوئی لڑکا بدخوئی میں مبتلا ہو، پلادے تو ہر طرح کی بلا سے نجات پاوے۔

اَلْحَسِيْبُ : اس اسم کو اگر ستتر مرتبہ روزانہ پڑھا کرے تو چوٹوں کے خوف سے اور ہمسایہ کی بدی سے اور دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہے۔

حَسْبِیَ اللّٰهُ الْحَسِيْبُ : اس دُعا کو جس مطلب کے واسطے سات روز پڑھے بفضل تعالیٰ وُہ مقصد سات دن کے اندر حاصل ہو اور لازم ہے کہ پنجشنبے کے روز سے پڑھنا شروع کرے۔

اَلْجَلِيْلُ : اس اسم کو جو شخص مشک وزعفران سے لکھ کر کھاوے تو اپنی قوم میں موقر و معزز ہو اور اس سے ہر ایک خوفناک رہے۔

اَلْكَرِيْمُ : اس اسم کو جو سوتے وقت پڑھ کر سو رہے تو وُہ شخص جہاں میں مکرم و محترم ہووے۔ کہتے ہیں کہ حضرت علی ابن طالب کرم اللہ وجہہ اس اسم کو ہمیشہ پڑھا کرتے تھے اس لیے اسم مبارک میں لفظ کرم اللہ وجہہ کا لوگ کہنے لگے۔

اَلرَّقِيْبُ : اس اسم کو اگر کوئی شخص اپنے اہل وعیال اور مال ومتاع کے گرد بگرد پڑھ دیوے تو سب دشمنوں کی دشمنی اور ہر طرح کے خطرے اور نقصان سے حفاظت میں رہے۔

اَلْمُجِيْبُ : اس اسم کو جو شخص پڑھا کرے یا اپنے پاس رکھے حق تعالیٰ کی امان میں رہے۔

اَلْوَاسِعُ : اس اسم کو جو شخص بہت پڑھا کرے اسے قناعت حاصل ہو۔

اَلْحَكِيْمُ : اس اسم کو جو شخص آدھی رات کے وقت پڑھا کرے حق تعالیٰ اُسے محرم اسرار کرے۔

اَلْوَدُوْدُ : اس اسم کو کسی کھانے کی چیز پر ایک ہزار اور ایک بار پڑھ کر ان جورو یا خصم کو جو آپس میں محبّت نہ رکھتے ہوں کھلا دیوے تو الفت و محبّت زیادہ ہو اور ایک دوسرے کے تابعدار رہوں۔

اَلْمَجِيْدُ : اس اسم میں یہ خاصیت ہے کہ اگر کوئی شخص مرض جذام میں مبتلا ہو تو اسے چاہیئے کہ ایام بیض (یعنی تیرھویں، چودھویں، پندرھویں دن) کے روزے رکھے اور افطار کرتے وقت اس اسم کو بہت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہو اور ہر ایک مطلب کے واسطے مفید ہے۔

اَلْبَاعِثُ : اس اسم کو جو شخص سوتے وقت اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر سو مرتبہ پڑھے تو بفضل تعالیٰ دل اس کا زندہ ہووے۔

اَلشَّهِيْدُ : اس اسم کو اگر صبح کے وقت پیشانی پر ہاتھ رکھ کر اکیس بار پڑھے اور منہ آسمان کی طرف کرے تو اس کی برکت سے بیٹا فرمانبردار اور بیٹی نیک کردار اور پرہیزگار ہو۔

اَلْحَقُّ : اس اسم کی یہ خاصیت ہے کہ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو ایک کاغذ کے چاروں گوشوں میں اس اسم کو لکھے اور اس چیز کا نام بھی اس کاغذ پر لکھے اور آدھی رات کے وقت اس کاغذ کو ہاتھ میں لے کر آسمان کی طرف نظر کرے۔ انشاء اللہ صبح ہونے سے پہلے وہ چیز مل جائے گی یا کوئی آکر پتہ بتا جائے گا۔

اَلْوَكِيْلُ : اس اسم کو جو شخص ہمیشہ ورد کرے گا تو بفضل تعالیٰ وہ شخص باد و باراں و صاعقہ وغیرہ آفات سے امن و امان میں رہے گا۔

اَلْقَوِيُّ : جو شخص دشمن سے خوف رکھتا ہو تو ایک ہزار اور ایک گولی آٹے کی بنا دے

اور ہر ایک گولی پر ایک مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور ان گولیوں کو پرندے جانوروں کو کھلا دیوے اور کھلاتے وقت اپنے دل میں دم دشمن کی نیت کرے۔ بفضل تعالیٰ دشمن مقہور ہو۔

اَلْمَتِیْنُ: اگر لڑکا دودھ نہ پیوے یا دائی کا دودھ کم ہو جائے تو اس اسم کو لکھے اور دھو کر پانی اس کا دائی کو پلاوے اور کچھ چھاتی پر لگائے تو انشاء اللہ تعالیٰ دودھ زیادہ ہو اور لڑکا بھی تسکین پاوے۔

اَلْوَلِیُّ: اگر مرد یا عورت یا لونڈی کی طبیعت بد فعلی یا حرام کاری پر مائل ہو اور کسی طرح سے اس بد فعل سے باز نہ آوے تو جماع سے پہلے اس اسم کو باوضو مع اول و آخر درود شریف کے پڑھ کر اس بدکار اپنی لونڈی یا عورت سے صحبت کرے، وہ پرہیزگار ہو جاوے۔

اَلْحَمِیْدُ: جس شخص کو فحش بکنے کی عادت ہو تو اس اسم کو کسی ظرف پر لکھے اور ہمیشہ اسی ظرف میں پانی پیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ فحش بکنے کی عادت اس سے جاتی رہے گی۔ اور کار ناشائستہ کے نزدیک نہ جائے گا۔

اَلْمُحْصِیْ: جسے عبادت کرنے میں سستی اور کاہلی ہو تو اسے لازم ہے کہ رات کو سوتے وقت ہاتھ اپنا سینے پر رکھے اور سات بار اس اسم کو پڑھ کر سو رہے بفضلہٖ تعالیٰ نفس اس کا امان میں رہے اور عبادت و ریاضت کا شائق ہو اور اگر عذاب قیامت کا خوف ہو تو ہر جمعہ کی رات اس اسم کو ایک ہزار بار پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے عذاب اس کا کم ہو جائے گا اور حساب بآسانی لیں گے۔

اَلْمُبْدِئُ: اس اسم کو حمل والی عورت کے پیٹ پر صبح کے وقت انیس مرتبہ شوہر اس کا شہادت کی انگلی سے لکھے تو بفضل تعالیٰ اسقاط حمل کا خوف جاتا رہے اور جس کا حمل دیر تک رہے (یعنی نو مہینے سے زیادہ گذر جاویں) تو اس عورت کے پیٹ پر لکھنے سے جلد فرزند تولد ہو۔

اَلْمُبْدِیُٔ : اگر کوئی شخص غائب ہو جائے اور خبر اس کی نہ ملے تو اس اسم کو رات سوتے وقت گھر کے ہر گوشے میں ستر ستر مرتبہ پڑھے اور کہے فلانے کو جو بیٹا فلانے کا ہے مجھ تک پہنچا۔ انشاء اللہ تعالیٰ ستر دن تک وہ خود آجاوے یا اس کی خبر آجاوے۔

اَلْمُحْیِیْ : جسے اللہ تعالیٰ کا خوف اور اس کے عذاب کا ڈر ہو تو چاہیئے کہ اس اسم کو سات دن تک اپنے بدن پر پھونکے۔ نفس اس کا تابعدار ہو جاوے۔

اَلْمُمِیْتُ : جس شخص کو عذاب آخرت کا خوف ہو تو چاہیئے کہ سات روز سوتے وقت ہاتھوں کو سینے پر رکھ کر اس اسم کو سات مرتبہ پڑھے بفضلِ تعالیٰ نفس اس کا تابعدار ہو۔

اَلْحَیُّ : اس اسم کو جس مریض پر پڑھ کر دم کیا جائے بفضلِ تعالیٰ شفا حاصل ہو۔ مروی ہے کہ اسی اسم کی برکت سے تمام فرشتوں کو سونے اور کھانے کی حاجت نہیں ہے۔

اَلْقَیُّوْمُ : اس اسم کو جو شخص صبح کے وقت چلا چلا کر پڑھا کرے تو اس کی برکت سے ہر شخص کے دل کو مسخر کر سکے گا۔

اَلْوَاجِدُ : اس اسم کو اگر کھانا کھاتے وقت ہر لقمے پر پڑھا کرے دل میں اس کے نور پیدا ہو۔ لکھا ہے کہ اس اسم کی برکت سے طالب صادق کے دل میں وجد و رقت پیدا ہوتی ہے۔

اَلْمَاجِدُ : اس اسم کی ہیبت سے مشرکین مقہور ہوتے ہیں۔

اَلْوَاحِدُ : اگر حالت تنہائی میں خوف و ہراس کسی کو لاحق ہو تو اس اسم کو پڑھنے سے اس کے دل میں قوت و ہمت حاصل ہو۔ خوف یک قلم زائل ہو اور اس اسم کی صفت کسی مخلوق کو معلوم نہیں۔

اَلْاَحَدُ : اس اسم کو ہزار بار پڑھنے سے وحشت تنہائی جاتی رہتی ہے۔ عنایتِ رحمتِ یزدانی مددگار ہوتی ہے۔

اَلصَّمَدُ : اگر اس اسم کو آدھی رات یا صبح کے وقت ایک سو گیارہ بار پڑھا

کرے. صدیقوں کے زمرے میں داخل ہووے۔

اَلْقَادِرُ : اگر کوئی شخص کسی دشمن کو غالب جان کر ڈرتا رہے اور اس کے دفع کرنے کی کوئی تدبیر اس سے نہ ہو سکے تو چاہیئے کہ وضو کرتے وقت ہر ایک عضو کے دھونے میں اس اسم کو پڑھے اور پانی بہاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں پر وہ غالب رہے گا۔

اَلْمُقْتَدِرُ : جو کوئی سو کر اُٹھے اور آنکھ کھول کر اس اسم کو پڑھا کرے تو تمام خلائق پر قادر رہے۔

اَلْمُقَدِّمُ : جو شخص خوف و وحشت سے اپنے مقام میں نہ رہ سکے تو اس اسم کو پڑھے یا اپنے پاس رکھے تو اس کی برکت سے کسی طرح اسے اذیت نہ پہنچے۔

اَلْمُؤَخِّرُ : اس اسم کو ہر روز سو مرتبہ پڑھا کرے تو سوائے ذکر حق کے دل میں اس کے کچھ نہ آوے اور عاقبت اس کی بخیر ہووے۔

اَلْاَوَّلُ : جو شخص اپنے زن و فرزند سے جُدا ہو کر غائب ہو گیا ہو تو چاہیئے کہ متواتر ہر شب جمعہ کو ایک ہزار بار اس اسم کو پڑھا کرے بفضلہٖ تعالیٰ سب مقصد اس کے بر آئیں گے

اَلْاٰخِرُ : جس شخص کی عُمر آخر ہوئی ہو اور نیک عمل اس نے کچھ نہ کیا ہو تو اُسے لازم ہے کہ اس اسم کو ہر روز سو بار پڑھا کرے اور پڑھ نہ سکے تو لکھ کر تعویز اس کا اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عاقبت اس کی بخیر ہووے۔

اَلظَّاهِرُ : اس اسم کو جو شخص نماز اشراق کے بعد پانسو بار پڑھا کرے آنکھیں اس کی روشن ہوں اور اللہ تعالیٰ سے جو مانگے وُہ حاصل ہو۔

اَلْبَاطِنُ : اس اسم کو جو شخص ہر روز ایک ہزار تیس بار پڑھا کرے اس پر اسرارِ الٰہی ظاہر ہوں۔

اَلْوَلِيُّ : جس شخص کو باد و باراں و برق سے خوف ہووے تو چاہیئے کہ اس اسم کو لکھ کر پانی بھرے کوزے میں ڈال دیوے اور اس کے پانی کو تمام در و دیوار اور گوشوں میں گھر

کے چھڑک دیوے اور ہر روز اس اسم کو پڑھا کرے بفضلِ تعالیٰ ان آفات سے بے خوف رہے۔

اَلْمُتَعَالِیْ: اس اسم کو جو عورت حیض کے دنوں میں پڑھے وُہ مثل باکرہ کے ہو جائے۔

اَلْبَرُّ: جس کا چھوٹا لڑکا زندہ نہ رہے وہ اس اسم کو سات مرتبہ پڑھے اور سات بار اس لڑکے کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرے تو وُہ لڑکا سلامت رہے گا۔

اَلتَّوَّابُ: اس اسم کو جو شخص نماز چاشت کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔ توبہ اس کی قبول ہووے۔

اَلْمُنْعِمُ: اس اسم کو جو شخص ہمیشہ پڑھے غنی ہووے۔

اَلْمُنْتَقِمُ: جو شخص دشمنوں کے ظلم کو برداشت نہ کر سکے تو اس اسم کو پیاپے تین جمعے کی رات کو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین شب نہ ہونے پائیں کہ دشمن اس کے اس سے راضی ہو جائیں۔

اَلْعَفُوُّ: جس شخص کو بہت گناہوں کے باعث مغفرت سے ناامیدی ہو تو چاہیے کہ وُہ اس اسم کو بہت پڑھے اور ورد کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وُہ بخشا جاوے اور بغیر حساب کے بہشت میں داخل ہو

اَلرَّءُوْفُ: اس اسم کو جو شخص پندرہ مرتبہ پڑھ کر کسی حاکم ظالم سے جس مظلوم کی شفاعت کرے وُہ ظالم رحم کر کے مظلوم کو بخش دیوے اور ظلم سے باز آوے۔

مٰلِكُ الْمُلْكِ: اس اسم کو جو شخص ہمیشہ پڑھا کرے نحوست اس کی دُور ہو جائے تونگری منہ دکھائے۔

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ: جس شخص کو کوئی سخت مہم پیش آئے تو اس اسم کو سات سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فضل ہو جاوے۔

اَلرَّبُّ: جو شخص اپنے عیال و اطفال کو بیگانوں میں رکھے اور اسے ان سے کسی

طرح کا وسواس پیدا ہو تو اپنے گھر کے چاروں طرف لکیر کھینچے اور اس اسم کو پڑھے بفضلہٖ تعالیٰ اس کے عیال و اطفال بیگانوں کے شر فساد سے محفوظ رہیں۔

اَلْمُقْسِطُ: اس اسم کو ہمیشہ ورد کرنے سے وسوسہ شیطانی دل سے دُور ہو جائے۔

اَلْجَامِعُ: جس شخص کے اہل وعیال جُدا ہو گئے ہوں تو اتوار کے دن چاشت کے وقت غسل کرے اور آسمان کی طرف منہ کر کے ایک ایک بار اس اسم کو پڑھتا جائے۔ اور ایک ایک انگلی اپنی بند کرتا جاوے جب دسوں انگلیاں بند ہو جاویں تو ہاتھ اپنے منہ پر پھیرے بفضلہٖ تعالیٰ اس کے اہل وعیال اس سے آملیں۔

اَلْغَنِیُّ: جو شخص ایسی بلا میں گرفتار ہووے کہ اسکے دفع کرنے کا چارہ اسے معلوم نہ ہو چاہیئے کہ اس اسم کو پڑھ کر ہاتھ پر دم کرے اور اس ہاتھ کو تمام بدن پر پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس بلا سے خلاصی ہووے۔

اَلْمُغْنِیُّ: اس اسم کو جو شخص بہت پڑھا کرے وُہ خلق اللہ سے بے نیاز ہو جاوے اور بعضوں نے کہا ہے کہ ہزار بار پڑھا کرے اور ایک جمعے سے دوسرے جمعے تک اگر پڑھے تو خلق اللہ سے بے نیاز ہو جائے گا۔

اَلْمُعْطِیُ: جو شخص دُعا مانگتے وقت (یَا مُعْطِیَ السَّآئِلِیْنَ) بہت پڑھے گا وُہ انشاء اللہ تعالیٰ کسی مخلوق کا محتاج نہ ہو گا۔

اَلْمَانِعُ: جس شخص کی جورو ناموافق ہو تو سوتے وقت اس اسم کو دل سے بہت پڑھے بفضلہٖ تعالیٰ عورت موافق ہو جاوے گی۔

اَلضَّآرُّ: اگر کوئی شخص کسی جگہ اقامت کرنا چاہتا ہو دل میں اس کے اس طرح تردد ہو کہ یہاں کا رہنا ہمارے واسطے بہتر ہے یا مُضر تو اسے چاہیئے کہ ایام بیض کے روزے رکھے جو جمعہ کے دن سے شروع ہوویں اور اس کے ہر روز اس اسم کو سَو بار پڑھے تین دن کے پڑھنے سے معلوم ہو جائے گا کہ وُہ مقام اس کے حق میں نیک ہے یا بد۔

اَلنَّافِعُ: جو شخص کشتی یا جہاز پر سوار ہو کر سفر میں جاتا ہو اگر اس اسم کو بہت

پڑھے تو بفضلہٖ تعالیٰ وُہ جہاز طوفان اور غرق ہونے سے محفوظ رہے

اَلنُّوْرُ : جو شخص شب جمعہ کو سات مرتبہ سُورۃ فاتحہ پڑھے بعد اس کے ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل میں اسرار الٰہی ظاہر ہوں اور بعض نے کہا ہے کہ سُورۃ نور کو سات بار پڑھے۔

اَلْهَادِیْ : اس اسم کو جو شخص بہت پڑھا کرے اور پڑھتے وقت اسمان کی طرف نظر کرے اور ہاتھ اٹھاوے پھر آنکھیں نیچی کرلیوے پھر ہاتھ اٹھاوے اور ہاتھوں کو منہ اور آنکھوں پر پھیرے تو بفضل تعالیٰ اہل معرفت وصاحب عرفان ہو جاوے

اَلْبَدِیْعُ : جس شخص کو کوئی مہم درپیش آئے تو چاہیے کہ ستر ہزار مرتبہ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پڑھے۔ بفضل تعالیٰ اس مہم کی سختی آسانی سے بسر ہو جائے گی اور اگر کوئی شخص کسی مطلب کے حاصل ہونے میں عاجز و پریشان ہووے تو لازم ہے کہ جمیعت کے وقت اس اسم کو ستّر مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وُہ مطلب اس کا حاصل ہووے۔

اَلْوَارِثُ : اس اسم کو جو کوئی آفتاب طلوع ہونے سے پہلے ستّر مرتبہ پڑھا کرے بفضلہٖ تعالیٰ اس شخص کو زندگی میں اور بعد مرنے کے کسی طرح کی تکلیف اور اذیت نہ ہوگی۔

اَلرَّشِیْدُ : جو شخص ایسا ہووے کہ اپنے کام کی تدبیر میں عاجز ہووے اور تردد میں پڑے کہ اس کام میں کیا کیا جائے یا کوئی چیز کسی کی گم ہو گئی ہو تو چاہیے کہ نماز مغرب و عشاء کے درمیان اس اسم کو ہزار بار پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے کام کی تدبیر جلد ہو جاوے اور چیز گم شدہ کی بھی خبر مل جاوے۔

اَلصَّبُوْرُ : اگر کسی کو کوئی درد یا رنج یا مشقت پیش آوے تو اسے چاہیے کہ تین ہزار بار اس اسم کو پڑھے بفضلہٖ تعالیٰ وُہ سب دُور ہو جاوے اور ہر طرح سے اطمینان و سکون اس کے دل کو حاصل ہووے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علاج برائے دفع چشم زخم

یعنی

نظر بد

جاننا چاہیے کہ نظر ایک زہر ہے کہ حق تعالیٰ نے بعضے آدمی کی آنکھوں میں اس کو رکھا ہے جیسا کہ بچھو کے ڈنک اور سانپ کی زبان میں زہر رکھا گیا ہے۔ اسی طرح آدمی کی آنکھ میں بھی نظر مقرر کی گئی ہے، اور یہ نہ جانے کہ نظر غیر کی لگا کرتی ہے اپنی نہیں لگتی ہے۔ بعضے وقت اپنی ہی نظر لگا کرتی ہے۔ اور یہ نہ جانے کہ فقط آدمی ہی پر لگتی ہے دوسری چیز پر نہیں لگتی ہے بلکہ لڑکے، جانور، کھیتی، باغ، دولت اور اسباب سب چیز پر نظر لگا کرتی ہے۔ سو حق تعالیٰ نے علاج اس کا اپنے رسول ﷺ کی زبان سے فرمایا کہ خلقت کو فائدہ ہووے۔ چنانچہ حسن بصری نے کہا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے اوپر یا اپنے مال پر نظر لگنے کا وہم کرے تو اس آیت کو جو سورۂ نون میں ہے پڑھ کر تین بار دم کر دیا کرے۔

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ○ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ○

- القلم ۵۸ -

اور اگر کسی کو کوئی چیز پسند آوے اور وُہ مال ہو یا اولاد ہو یا زوجہ یا مکان ہو یا اس کے سوا اور کوئی چیز ہو جب اپنی آنکھوں میں وُہ چیز اچھی معلوم ہو تو اس وقت یہ کہے ۔

• مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط

اس کے کہنے سے حق تعالیٰ نظر کی تاثیر کو ہونے نہیں دیتا ۔ اگر کوئی جانے کہ میری نظر بڑی سخت ہے تو چاہیئے اس کو کہ کسی چیز کو نہ دیکھا کرے اور اگر کسی چیز پر نظر پڑ جاوے تو یہ کہے :-

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَيْهِ ط

اس کلمہ کی برکت سے نظر اثر نہیں کرے گی ۔ صراط المستقیم میں لکھا ہے کہ شیخ ابو قاسم قشیری نے کہا ہے کہ ایک بار لڑکا بیمار ہوا یہاں تک کہ مرنے کے قریب پہنچا ۔ اتفاقاً میں نے خواب میں دیکھا رسولِ خدا ﷺ کو ، پس شکایت کی میں نے اس کی بیماری کی ۔ آپ ﷺ نے مجھ کو فرمایا تو کیوں غافل ہو رہا ہے آیاتِ شفا سے ، وُہ یہ ہیں ۔

پہلی آیت

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ط التوبۃ-۱۴

دوسری آیت

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ط یونس-۵۷

تیسری آیت

يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ

شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ط النحل ٦٩

چوتھی آیت

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ط بنی اسرائیل ٨٢

پانچویں آیت

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ط الشعراء

چھٹی آیت

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ط حم السجدة ٤٤

پس ان آیات کو لکھ کر اور پانی میں گھول کر میں نے اس بیمار کو پلایا۔ اسی وقت اس نے شفاء پائی۔ گویا کبھی بیماری اسے ہوئی نہ تھی۔

عبداللہ ایک عالم ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں سفر میں تھا اور میرا اونٹ بہت تیز اور چالاک تھا۔ اتفاقاً ایک جگہ پر جو اترا کسی نے مجھ سے کہا کہ اس جگہ ایک شخص نظر لگانے میں مشہور ہے اور تمھارا اشتر بہت خوب ہے ایسا نہ ہو کہ وہ کہیں نظر لگا جاوے اور تمھارا اونٹ ضائع ہو جاوے۔ میں نے کہا کہ میرے اونٹ پر اس کی نظر نہیں لگنے کی۔ جب یہ خبر اس کو پہنچی تو اس نے اسی وقت آن کر میرے اونٹ کو نگاہ بھر کر دیکھا۔ اس کے دیکھتے ہی اونٹ گر پڑا اور مضطر ہونے لگا۔ لوگوں نے مجھ سے کہا کہ فلانا شخص تمھارے اونٹ کو نظر لگا گیا ہے۔ میں نے اس کو بلوا کر اپنے رو برو بٹھایا اور منتر پڑھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ حَبْسٌ حَابِسٌ يَا شَجَرٌ يَابِسٌ

وَ شِهَابٍ قَابِسٍ رَدَدْتُ عَيْنَ الْعَآئِنِ عَلَيْهِ وَعَلٰى
اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيْهِ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ
فُطُوْرٍ ط ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ
الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ط

پس جس وقت پڑھا میں نے اس منتر کو اسی وقت آنکھ اس شخص کی نکل پڑی اور اونٹ میرا اچھا ہوگیا۔

غرض اس نقل سے یہ ہے کہ منتر بھی نظر کو بہت فائدہ کرتا ہے اگرچہ وُہ عائن یعنی نظر لگانے والا سامنے نہ ہووے کیونکہ حق تعالیٰ کے نام میں بڑی تاثیر ہے۔ جب جادو غائب پر اور دُور کے رہنے والے پر اثر کر جاوے تو اللہ تعالیٰ کا نام کیونکر اثر نہ کرے گا۔ واللہ اعلم

علاج برائے دفع زخمِ چشم: جب کسی کو نظر لگ جاوے تو چاہیئے اس کو کہ یہ دُعا پڑھے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَ بَرْدَهَا وَوَصَبَهَا ط

اور اگر کسی کو جانوروں میں سے نظر لگ جاوے تو اس دُعا کو پڑھ کر چار بار اس کے داہنے نتھنے میں اور تین بار بائیں نتھنے میں پھونک دے اور بعد اس کے اس دُعا کو پڑھے:۔

لَا بَأْسَ اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ لَنَا اَنْتَ
الشَّافِيْ لَا يَكْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ ط

آیاتِ شفاء

اَلْحَمْدُ شریف تین مرتبہ پڑھ کر یہ آیاتِ شریفہ پڑھے اور بیمار شخص پر دم کرے
پانی پر دم کر کے پلانا بہت مفید ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیمار تندرست ہوگا۔

۱۔ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ ۝ وَ
يُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوبِهِمْ ؕ (التوبة ۱۵-۱۴)

۲۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ
رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ ۙ وَهُدًى وَّ
رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۝ (یونس ۵۷)

۳۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ
فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ ؕ (یونس ۵۷)

۴۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ
لِّلْمُؤْمِنِينَ ۙ وَلَا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ إِلَّا خَسَارًا ۝ (بنی اسرائیل ۸۲)

۵۔ اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ۝ وَالَّذِیْ هُوَ

يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِ ○ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ

يَشْفِينِ ○ الشعراء ۷۸-۸۰

۶ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ ط

۷ اللَّهُمَّ اشْفِ أَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ

شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا ط

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ

فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي

اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَ

النُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ ط أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ ط

تَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ○ ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَ

خُفْيَةً ط إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ○ الاعراف ۵۴-۵۵

"یہاں پر دعا مانگے"

وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا ط وَادْعُوهُ

خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ

الْمُحْسِنِیْنَ ○ الاعراف ۵۶

مُعْتَدِیْنَ کے بعد کوئی بھی دُعا مانگے۔ اسکے بعد پوری آیت پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِیْٓــًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ اِنَّا كَذٰلِكَ

نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ○ المرسلٰت ۴۳ - ۴۴

جس شخص کو بدہضمی کی شکایت ہو تو اس کو پڑھ کر پیٹ پر ہاتھ پھیرنے سے کھانے پر دم کر کے کھانے سے وہ شکایت دُور ہو جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ○

وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ○

اس دُعا کو تین مرتبہ پڑھے اور سُورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے پلانے سے جادو اور جنات کا اثر دُور ہو جاتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا

كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ○ طٰهٰ ۶۹

اگر کوئی بیمار ایسا ہو جو بے ہوش ہو جاتا ہو تو پانی کا چلو بھر کے اس آیت کو پڑھ کر دم کر کے منہ پر مارنے سے صحت ہوتی ہے اور جادو اور جنات کا اثر دُور ہو جاتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۙ○ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ○ المؤمنون ۹۷ - ۹۸

قرآن مجید شروع کرنے سے پہلے اَعُوْذُ اور بِسْمِ اللّٰہ کے بعد اس آیت کو پڑھنے سے ہر قسم کے شیطانی وسوسے دُور ہو جاتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ الزمر ۵۳

اُوپر کی آیات استغفار پڑھنے سے پہلے پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ هود ۴۱

کوئی بھی نیا کام شروع کرنا ہو تو اس آیت کو پڑھ کر شروع کرے۔

وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ○ المؤمنون ۲۹

کوئی بھی سفر میں یا سواری پر بیٹھے بیٹھے اس آیت کو پڑھے تو نہایت امن وامان سے اپنے مقام پر پہنچ جاتا ہے۔

متفرق دعائیں

حالتِ زچگی کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ○ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ○

وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ○ وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ ○

وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ○ الانشقاق ۱ - ۵

یہ سورت کسی عورت کے بچہ اڑا ہو یا حالتِ زچگی میں ہر تکلیف کے لیے پڑھنے سے اور تین مرتبہ پانی پر دم کر کے پلانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

ایامِ بیض کی دُعا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

زیادتی علم کی دُعا

رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ط طٰهٰ ۱۱۴

اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ علم زیادہ عطا کرتا ہے۔

زبان کی لکنت کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ○ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ○ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ○ طٰهٰ ۲۵-۲۸

اگر زبان میں لکنت ہو تو اس کو پڑھے۔ اس کے پڑھنے سے سینہ بھی کشادہ ہوتا ہے۔

نفاق، ریاء وغیرہ سے بچنے کی دعاء

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَاۤءِ

وَلِسَانِيْ مِنَ الْكِذْبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّكَ

تَعْلَمُ خَاۤئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ○

دعائے طلب اولاد

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ○

منڈی یا بازار میں داخل ہونے کی دعاء

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

بیت الخلاء میں جاتے وقت کہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَاۤئِثِ

بیت الخلاء سے نکلتے وقت کہے : غُفْرَانَكَ

قومی قوت کیلیے

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ
اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ط

گناہوں کی بخشش اور عمل نامہ کو بھاری کرنے کے لیے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ط

تزکیہ نفس کیلیے

اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَ زَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ
زَكّٰهَا وَ اَنْتَ وَلِيُّهَا وَ مَوْلٰهَا ط

گھر سے سفر کے لیے نکلتے وقت کہے

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ ط

سواری پر سوار ہونے کی دُعا

خواہ کسی قسم کی سواری ہو، سوار ہوتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ کہے۔ جب پوری طرح سوار ہو کر بیٹھ جائے تو یہ دُعا پڑھے:۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ۝

وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝ الزخرف ۱۳ - ۱۴

قبرستان میں داخل ہونے کی دعاء

اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ یَآ اَهْلَ الْقُبُوْرِ یَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ

اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ

سخت مصیبت سے پناہ کی دعاء

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ الانبیاء ۸۷

فکر و غم میں

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

سُبْحَانَ الْاَبَدِیِّ الْاَبَدِ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ

سُبْحَانَ الْفَرْدِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ رَافِعِ السَّمَآءِ بِغَیْرِ

عَمَدٍ سُبْحَانَ مَنْ بَسَطَ الْاَرْضَ عَلٰی مَآءٍ جَمَدٍ

سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ الْخَلْقَ فَاَحْصَاهُمْ عَدَدًا

سُبْحَانَ مَنْ قَسَمَ الرِّزْقَ وَلَمْ يَنْسَ اَحَدًا

سُبْحَانَ الَّذِىْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

سُبْحَانَ الَّذِىْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ

لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

سیدالاستغفار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو نہایت رحم والا بڑا مہربان ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِىْ وَ

اے اللہ تو میرا رب ہے نہیں کوئی معبود مگر تو نے مجھے پیدا کیا اور

اَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ

میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں اپنی طاقت کے

اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ

موافق پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اپنی بدکاریوں سے

بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ

اور تیری نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں تو مجھے بخش دے گناہ میرے

فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

پس تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخشتا

دُعائے امن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع ساتھ نام اللہ بخشنے والے مہربان کے

اَللّٰهُمَّ فَرِّجْنَا بِدُخُوْلِ الْقَبْرِ وَاخْتِمْ لَنَا بِالْخَيْرِ

اے اللہ! کشادگی کر ہم کو ساتھ داخل ہونے قبر کے اور خاتمہ کر ہمارا ساتھ بھلائی کے

وَالظَّفَرِ وَاغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدَيْنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور کامیابی کے اور بخش دے ہم کو اور ہمارے والدین کو اور سب مومن مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○

اور مومن عورتوں کو ساتھ رحمت اپنی کے اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

اور درود بھیجے اللہ اوپر محمد ﷺ کے اور آل اس کی کے سب کے

عملِ مُجرّب واکسیر

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ (النمل ۶۲)

بھلا کون پہنچتا ہے بے کس کی پکار کو جب اس کو پکارتا ہے اور دُور کر دیتا ہے سختی

روزانہ بعد نماز عشا پانچ سو مرتبہ پڑھیں چالیس دن تک یہی عمل کریں۔ انشاءاللہ ہر جائز مُراد بر آئے گی۔

وظیفہ کے شروع و آخر میں گیارہ مرتبہ درُود شریف پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شش (۶) کلمے

اوّل کلمہ طیّب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں ☆

دوم کلمہ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی

اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ

معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

کہ بیشک محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں

تیسرا کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ

لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط

کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ

گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی توفیق نہیں مگر اللہ کی طرف سے جو

الْعَظِيْمِ ط

بہت بلند عظمت والا ہے۔

چوتھا کلمہ توحید

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے

لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لیے بادشاہی اور اسی

الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ

کے لیے تعریف ہے وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے اس کو ہرگز

اَبَدًا اَبَدًا ط ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط

کبھی موت نہیں آئے گی بڑے جلال اور بزرگی والا ہے

بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

پانچواں کلمہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے

كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاً

ہر گناہ سے جو میں نے جان بوجھ کر کیا یا بھول کر

سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ

چھپ کر کیا یا ظاہر ہو کر کیا اور میں اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں

مِنَ الذَّنْبِ الَّذِيْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ

اس گناہ سے جس کو میں جانتا ہوں اور اس گناہ سے بھی

الَّذِيْ لَا اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ

جس کو میں نہیں جانتا (اے اللہ) بیشک تو غیبوں کا جاننے والا

وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ

اور عیبوں کا چھپانے والا اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

اور نیکی کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی مدد سے جو بہت بلند عظمت والا ہے

چھٹا کلمہ ردِّ کفر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں

مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ

اس بات سے کہ میں کسی شے کو تیرا شریک بناؤں جان بوجھ کر

وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ

اور بخشش مانگتا ہوں تجھ سے اس (شرک) کی جس کو میں نہیں جانتا اور میں نے اس

وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ

سے توبہ کی اور برأت کا اظہار کرتا ہوں کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ سے

وَالْغِیْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِیْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ

اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بے حیائیوں سے

وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ

اور بہتان سے اور تمام گناہوں سے اور میں اسلام لایا اور میں کہتا ہوں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں

وضو کا بیان

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلوٰةِ فَاغْسِلُوا		
اے ایمان والو!	جب تم نماز کے لیے اٹھو	تو اپنے مونھوں
وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ		
کو دھوؤ اور اپنے ہاتھوں کو بھی	کہنیوں تک	اور اپنے سروں کا مسح کرو
وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ط	المآئدۃ ۶	
اور اپنے پاؤں کو دھوؤ	ٹخنوں تک ۔	

نماز کے لیے وضو ضروری ہے بغیر وضو کے نماز نہیں ہوتی ۔

وضو کا طریقہ

پہلے پاکی حاصل کرنے اور ثواب پانے کی نیت کرے اور بسم اللہ پڑھ کر تین بار دونوں ہاتھوں کو پہنچوں تک دھوئے ۔ پھر تین بار کلی کرے اور مسواک کرے پھر تین بار ناک میں پانی چڑھائے اور بائیں ہاتھ سے ناک صاف کرے ۔ پھر تین بار منہ دھوئے کہ پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور دونوں کانوں کی لو تک کوئی جگہ خشک نہ رہے ۔ اگر داڑھی ہو تو خلال کرے ۔ پھر تین بار دونوں ہاتھ کہنیوں تک ، پہلے دایاں پھر بایاں دھوئے پھر نئے پانی سے دونوں ہاتھ تر کر کے پورے سر کا مسح کرے اس طرح کہ پیشانی کے بالوں

سے دونوں ہاتھوں کی تین انگلیاں پھیرتا ہوا گدی تک لےجاوے اور پھر گدی سے ہتھیلیاں پھیرتا ہوا واپس لائے۔ پھر شہادت کی انگلی سے کان کے اندرونی حصے اور انگوٹھے کے پیٹ سے کان کی بیرونی سطح اور انگلیوں کی پشت سے گردن کا مسح کرے۔ پھر تین بار دونوں پاؤں، پہلے دایاں پھر بایاں ٹخنوں تک بائیں ہاتھ سے دھوئے اور انگلیوں کا خلال کرے۔ یہ طریقہ جو بیان ہوا ہے اس میں بعض وضو کے فرائض، بعض سنتیں اور بعض مستحبات ہیں۔

اذان کا بیان

وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ ط المائدة

اور جب تم نماز کے لیے اذان کہو

پانچوں وقت کی نماز فرض کے لیے، جس میں جمعہ بھی ہے۔ اذان سنّتِ مؤکدہ ہے اذان وقت پر کہنی چاہیے۔ اگر وقت سے پہلے کہہ دی تو دوبارہ کہی جائے۔ فرض عین کے علاوہ کسی اور نماز کے لیے اذان نہیں ہے۔ عورتوں کو اذان کہنا مکروہ تحریمی ہے۔ بے وضو کی اذان ہو جائے گی مگر مکروہ ہوگی۔ اس لیے بہتر یہ ہے کہ باوضو اذان کہی جائے۔ بلند جگہ قبلہ رو کھڑے ہو کر کانوں میں انگلیاں ڈال کر اذان اس طرح کہنی چاہیے۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ط اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ

إِلَّا اللّٰهُ ؕ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ اَشْهَدُ
اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ حَیَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ؕ
حَیَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ؕ حَیَّ عَلَى الْفَلَاحِ ؕ حَیَّ عَلَى
الْفَلَاحِ ؕ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ

حَیَّ عَلَى الصَّلٰوةِ کہتے وقت دائیں طرف منہ کرنا اور حَیَّ عَلَى الْفَلَاحِ کہتے وقت بائیں طرف کرنا چاہیئے۔ اگر فجر کی اذان ہو تو حَیَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے بعد دو مرتبہ اَلصَّلٰوةُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کہنا سنت ہے۔

اقامت

اذان کے بعد جماعت کھڑی ہونے کے وقت جو تکبیر یا اقامت کہی جاتی ہے اس کے الفاظ اذان کے مثل ہیں چند باتوں میں فرق ہے۔

۱۔ حَیَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے بعد دو مرتبہ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ کہے۔

۲۔ اذان کے مقابلہ میں آواز پست ہو۔

۳۔ اس کے کلمات جلد جلد کہے جائیں۔

۴۔ کانوں میں انگلیاں نہ ڈالی جائیں۔

اجابت اذان و اقامت

اذان و اقامت دونوں کی اجابت مستحب ہے۔ اجابت کا مطلب یہ ہے کہ سننے والا بھی وہی کلمات کہتا جائے اور اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہتے وقت

انگوٹھوں کو چوم کر آنکھوں سے لگائے اور پہلی مرتبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اور دوسری مرتبہ قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ۔ اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ کے جوایا کرتا رہے گا۔ حضور ﷺ اس کی شفاعت فرمائیں گے اور اس کی آنکھوں کی روشنی کبھی نہ جائے گی۔ اور حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے جواب میں لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کہے اور فجر کی اذان میں اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کے جواب میں صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ کے اور اقامت میں قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کے جواب میں اَقَامَھَا اللّٰہُ وَ اَدَامَھَا کہے۔

اذان کی دُعاء

اذان کے بعد مؤذن وسامعین درود شریف پڑھ کر یہ دعاء پڑھیں :۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ
الْقَآئِمَۃِ اٰتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ
وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ
الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ط
اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

نماز پڑھنے کا طریقہ

ضروری ہے کہ نمازی کا بدن ، کپڑے اور نماز کی جگہ پاک ہو اور نماز کا وقت ہوگیا

ہو۔ پھر باوضو قبلہ کی طرف منہ کرکے دونوں پاؤں کے درمیان چار پانچ انگل کا فاصلہ کرکے کھڑا ہو اور جو نماز پڑھنی ہو اس کا دل سے ارادہ کرے اور زبان سے کہنا مستحب ہے۔ مثلاً نیت کی میں نے آج کی نماز ظہر، چار رکعت نماز فرض یا سنّت کی، اللہ جل جلالہ کے واسطے منہ میرا طرف کعبہ شریف کے۔ اگر امام کے پیچھے ہو تو کہے پیچھے اس امام کے اور دونوں ہاتھ اپنے کانوں تک لے جائے اس طرح کہ ہتھیلیاں قبلہ کو ہوں اور انگلیاں نہ کھلی ہوں اور نہ ملی ہوئی بلکہ اپنی حالت پر ہوں۔ اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ نیچے لائے اور ناف کے نیچے ہاتھ باندھ لے اس طرح کہ داہنی ہتھیلی بائیں کلائی کے سرے پر ہو اور بیچ کی تین انگلیاں بائیں کلائی کی پشت پر، اور انگوٹھا اور چھنگلیا کلائی کے اغل بغل ہو اور نظر سجدہ کی جگہ پر رہے اور ثنا پڑھے۔

ثنا سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

تعوّذ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝

تسمیہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سُورہ فاتحہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ لا الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لا مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ ط اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ ط اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ لا صِرَاطَ الَّذِيْنَ

اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ۬ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ

وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ۝ اس کے بعد امام ومقتدی آہستہ کہے اٰمِیۡنَ ط

سورہ اخلاص قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ

الصَّمَدُ ۝ لَمۡ يَلِدۡ ۙ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ۝ وَلَمۡ

يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

پھر اَللّٰهُ اَكۡبَرُ کہتے ہوئے رکوع میں جائے اور گھٹنوں کو ہاتھ کی انگلیوں سے مضبوط پکڑلے اور اتنا جھکے کہ سر اور کمر برابر ہو جائے اور کم سے کم تین بار کہے۔

تسبیح رکوع سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡعَظِيۡمِ ط

تسمیع سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنۡ حَمِدَهٗ ط

قومہ پھر دونوں ہاتھ چھوڑ کر سیدھا کھڑا ہو جائے اور مقتدی تحمید کہے۔

تحمید رَبَّنَا لَكَ الۡحَمۡدُ ط

تنہا نماز پڑھنے والا تسمیع اور تحمید دونوں کہے۔ پھر اللہ اکبر کہتا ہوا سجدہ میں جائے اس طرح کہ پہلے گھٹنے پھر دونوں ہاتھ زمین پر رکھے پھر ناک اور پھر پیشانی خوب جمائے اور چہرہ دونوں ہاتھوں کے درمیان رکھے اور مرد بازوؤں کو کروٹوں سے اور پیٹ کو رانوں سے اور رانوں کو پنڈلیوں سے جُدا رکھے اور کہنیاں زمین سے اٹھی ہوئی ہوں اور دونوں پاؤں

کی انگلیوں کے پیٹ قبلہ رو زمین پر جمے ہوئے ہوں اور کم سے کم تین بار پڑھے۔

سجدہ کی تسبیح سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ط

جلسہ پھر اللہ اکبر کہتا ہوا سجدہ سے اس طرح اٹھے کہ پہلے پیشانی پھر ہاتھ اٹھیں اور بایاں قدم بچھا کر اس پر بیٹھے اور داہنا قدم کھڑا کر کے رکھے کہ اس کی انگلیاں قبلہ رُو ہوں اور ہاتھ رانوں پر گھٹنوں کے قریب رکھے کہ ان کی انگلیاں بھی قبلہ رُخ ہوں پھر اللہ اکبر کہتا ہوا دوسرا سجدہ اسی طرح کرے پھر اللہ اکبر کہتا ہوا کھڑا ہو جائے

قیام تسمیہ، فاتحہ اور کوئی سُورت پڑھ کر اسی طرح رکوع و سجود کرے لیکن امام کے پیچھے مقتدی بسم اللہ، فاتحہ اور سُورت نہیں پڑھے گا۔ وُہ خاموش کھڑا رہے گا۔

قعدہ دوسری رکعت کے دونوں سجدوں سے فارغ ہو کر اسی طرح بیٹھ جائے جس طرح دو سجدوں کے درمیان بیٹھا تھا۔

تشہد اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبٰتُ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ

بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ

الصّٰلِحِیْنَ ○ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

جب تشہد میں کلمہ لا پر پہنچے تو اپنے داہنے ہاتھ کی بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کا

حلقہ بنائے اور چھنگلیا اور اس کے پاس والی کو ہتھیلی سے ملادے اور لفظ لا پر کلمہ کی انگلی اٹھائے اور اِلّا پر گرادے اور سب انگلیاں فوراً سیدھی کردے۔ اگر دو رکعت والی نماز ہے تو پھر اس تشہد کے بعد درود شریف اور دعاء پڑھ کر سلام پھیر دے اور اگر چار رکعت والی نماز ہے تو تشہد کے بعد اللہ اکبر کہہ کر کھڑا ہو جائے اور دونوں رکعتوں میں اگر فرض ہوں تو صرف بسم اللہ اور سورۂ فاتحہ پڑھ کر قاعدہ کے مطابق رکوع سجود کرے اور اگر سنّت یا نفل ہوں تو بسم اللہ، سورۂ فاتحہ اور سورت بھی پڑھے۔ لیکن امام کے پیچھے مقتدی تسمیہ اور فاتحہ نہیں پڑھے گا وہ خاموش کھڑا رہے گا پھر چار رکعتیں پوری کر کے بیٹھ جائے اور تشہد درود شریف اور دعاء پڑھے اور سلام پھیر دے۔

درُود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

دُعاء

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ

وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ○

اور چاہے کہ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ کی بجائے یہ دعا پڑھ لے:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ط

پھر نماز ختم کرنے کیلیے ایک بار دائیں پھر ایک بار بائیں طرف منہ کر کے سلام کہے۔

سلام اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ط

داہنی طرف کے سلام میں داہنی طرف کے فرشتوں اور نمازیوں کی نیت کرے کہ میں ان کو سلام کہہ رہا ہوں اور بائیں طرف کے سلام میں بائیں طرف کے فرشتوں اور نمازیوں کی نیت کرے اور جس طرف امام ہو اس طرف کے سلام میں امام کی نیت بھی کرے۔ اور اسی طرح امام بھی، دونوں طرف کے سلاموں میں فرشتوں اور مقتدیوں کی نیت کرے اور جب تنہا ہو تو دونوں طرف فرشتوں کی نیت کرے۔

یہ نماز پڑھنے کا طریقہ مردوں کے لیے ہے عورتوں کے لیے چند باتوں کا فرق ہے۔ عورت تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ کندھوں تک اٹھائے گی اور کپڑے سے باہر نکالے گی۔ قیام میں سینے پر ہاتھ باندھے گی اور ہتھیلی پر ہتھیلی رکھے گی رکوع میں کم جھکے گی اور گھٹنوں کو جھکائے گی اور ہاتھ گھٹنوں پر رکھے گی مگر ان کو پکڑے گی نہیں اور انگلیاں کشادہ نہ رکھے گی۔ رکوع سجود سمٹ کر کرے گی سجدہ میں پیٹ ران سے اور ران پنڈلی سے ملائے گی اور ہاتھ زمین پر بچھا دے گی۔ التحیات

میں بیٹھتے وقت دونوں پاؤں داہنی طرف یا بائیں طرف نکال کر سُرین پر بیٹھے گی اور انگلیاں ملا کر رکھے گی۔ باقی سب کچھ اسی طرح کرے گی۔

نماز کے بعد کی دُعائیں و اذکار

فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوۃَ فَاذْکُرُوا اللّٰہَ ط

پس جب تم نماز پڑھ لو تو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو

اوّل یہ کہ ہر نماز کے بعد تین بار استغفار کرے۔

استغفار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

اس کے بعد جو دُعا چاہے پڑھے۔

دعائے اوّل اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ وَاِلَیْکَ یَرْجِعُ السَّلَامُ حَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ
وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

اس کے پڑھنے سے سب گناہ بخشے جاتے ہیں۔

ذکر دوم لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ
لِمَآ اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَآدَّ
لِمَا قَضَيْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ط

ذکر سوم آیۃ الکرسی اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ
الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ
عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا
خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا
بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ط وَلَا
يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○ البقرۃ ۲۵۵

اَوقاتِ مکروہہ

۱. سورج نکلتے وقت، ۲. غروب ہوتے وقت، ۳. استواء[۱] کے وقت کوئی نماز نہیں پڑھنی چاہیئے، ۴. طلوعِ صبحِ صادق سے طلوعِ آفتاب تک سوائے دو سنّت نمازِ فجر اور نمازِ عصر کے بعد غروبِ آفتاب تک کوئی نفل نہیں پڑھنے چاہئیں، ۵. امام کے خطبۂ جمعہ کے لیے کھڑے ہونے سے لے کر فرض جمعہ تک کوئی نماز نہیں پڑھنے چاہیے۔

تعداد رکعات

نام نماز	غیر مؤکدہ سنت قبل فرض	سنت مؤکدہ قبل فرض	فرض	سنت مؤکدہ بعد فرض	نفل	کل رکعتیں
فجر	-	۲	۲	-	-	۴
ظہر	-	۴	۴	۲	۲	۱۲
عصر	۴	-	۴	-	-	۸
مغرب	-	-	۳	۲	۲	۷
عشاء	۴	-	۴	۲ ۳ وتر واجب	۴ ۲ وتروں سے پہلے ۲ بعد	۱۷
میزان	۸	۶	۱۷	۶ - ۳	۸	۴۸

نمازِ وتر

نمازِ وتر واجب ہے اگر یہ چھوٹ جائے تو اس کی قضاء لازم ہے۔ اس کا

---

۱ دوپہر کو جب سورج بالکل سر پر ہو (زوالِ آفتاب سے قبل کا وقت)

وقت عشاء کے فرضوں کے بعد سے صبح صادق تک ہے۔ بہتر یہ ہے کہ آخر رات میں تہجد کے ساتھ پڑھی جائے۔ لیکن جس کو خوف ہو کہ اٹھ نہیں سکے گا وہ عشاء کی نماز کے ساتھ سونے سے پہلے پڑھ لے۔ اس کی تین رکعتیں ہیں دو رکعت پڑھ کر قعدہ کیا جائے اور تشہد پڑھ کر کھڑا ہو جائے۔ تیسری رکعت میں تسمیہ، سورۂ فاتحہ اور سُورت پڑھ کر دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھائے اور اللہ اکبر کہتا ہوا باندھ لے اور دُعائے قنوت آہستہ آہستہ پڑھے کہ یہ واجب ہے۔

دُعائے قنوت

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ

وَنَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ وَنُثْنِیْ عَلَیْكَ الْخَیْرَ وَنَشْكُرُكَ

وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ یَّفْجُرُكَ ط اَللّٰھُمَّ

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْكَ نَسْعٰی

وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰی عَذَابَكَ اِنَّ

عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ط

جو دُعائے قنوت نہ پڑھ سکے وہ یہ پڑھے۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط اگر دُعائے قنوت پڑھنی بھول گیا اور رکوع میں چلا گیا تو واپس نہ لوٹے بلکہ سجدہ سہو کرلے۔

جب چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ

اے اللہ اس چاند کو ہم پر برکت، ایمان، خیریت اور سلامتی والا

وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى رَبِّىْ

کردے اور (ہمیں) توفیق دے اس (عمل) کی جو تجھے پسند اور مرغوب ہو (اے چاند)

وَرَبُّكَ اللّٰهُ ط

میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔

تسبیح تراویح

سُبْحَانَ ذِى الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ ط سُبْحَانَ ذِى

پاک ہے وہ زمین کی بادشاہی اور آسمانوں کی بادشاہی والا پاک ہے

الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَآءِ

عزت اور بزرگی اور ہیبت والا اور قدرت اور بڑائی

وَالْجَبَرُوْتِ ط سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَىِّ الَّذِىْ لَا

اور دبدبے والا پاک ہے بادشاہ (حقیقی) زندہ جو سوتا

يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ

نہیں اور نہ مرے گا بہت ہی پاک ہے بہت ہی مقدس ہمارا پروردگار اور فرشتوں

الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ط اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ ط

اور رُوح کا پروردگار الٰہی ہم کو دوزخ سے پناہ دے

يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ ط

اے پناہ دینے والے اے پناہ دینے والے اے پناہ دینے والے

*
نمازِ قضائے حاجات

جس کو کوئی حاجت پیش آئے تو وُہ اچھی طرح وضو کرے۔ پھر دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درُود بھیجے، پھر یہ پڑھے:۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ط سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ ط لَا تَدَعْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط ٥

یا یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ قَدْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى لِیْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ ط

فضائلِ دُرُود شریف

حضرت عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے میزان میں نقل فرمایا ہے کہ جو شخص اس دُرود شریف کو ایک بار پڑھے گا، اتنا ثواب پائے گا کہ اگر ہزار فرشتے ستر دن تک یا ستر فرشتے ہزار دن تک اس کے ثواب کو لکھیں تو نہ لکھ سکیں گے۔

وُہ یہ ہے:-

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا سَيِّدَنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِمَا هُوَاَهْلُهٗ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَفِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰۤى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ط

دُعائے استخارہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡتَخِیۡرُکَ بِعِلۡمِكَ وَاَسۡتَقۡدِرُكَ

بِقُدۡرَتِكَ وَاَسۡاَلُكَ مِنۡ فَضۡلِكَ الۡعَظِیۡمِ

فَاِنَّكَ تَقۡدِرُ وَلَآ اَقۡدِرُ وَتَعۡلَمُ وَلَآ اَعۡلَمُ وَ

اَنۡتَ عَلَّامُ الۡغُیُوۡبِ ط اَللّٰھُمَّ اِنۡ کُنۡتَ تَعۡلَمُ اَنَّ

ھٰذَا الۡاَمۡرَ خَیۡرٌ لِّیۡ فِیۡ دِیۡنِیۡ وَدُنۡیَایَ وَعَاقِبَۃِ

اَمۡرِیۡ فَقَدِّرۡہُ لِیۡ وَیَسِّرۡہُ ثُمَّ بَارِكۡ لِیۡ فِیۡہِ وَاِنۡ

کُنۡتَ تَعۡلَمُ اَنَّہٗ شَرٌّ فِیۡ دِیۡنِیۡ اَوۡ دُنۡیَایَ اَوۡ

عَاقِبَۃِ اَمۡرِیۡ فَاصۡرِفۡہُ عَنِّیۡ وَاصۡرِفۡنِیۡ عَنۡہُ وَ

قَدِّرۡ لِیَ الۡخَیۡرَ حَیۡثُ کَانَ ثُمَّ رَضِّنِیۡ بِہٖ ط

صبح، شام پڑھنے کی دُعا

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا
خَلَقَ رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ
بِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا ط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا وَاحِدُ يَا مَوْجُوْدُ يَا جَوَّادُ يَا بَاسِطُ
يَا كَرِيْمُ يَا وَهَّابُ يَا ذَا الطَّوْلِ يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيْ
يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ
يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ نَفِّحْنِيْ
مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَيْرٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ اِنْ
تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ
فَتْحًا مُّبِيْنًا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ اَللّٰهُمَّ

يَا غَنِيُّ يَا حَمِيْدُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا وَدُوْدُ

يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اَكْفِنِيْ

بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ

سِوَاكَ وَاحْفَظْنِيْ بِمَا حَفِظْتَ بِهِ الذِّكْرَ وَ

انْصُرْنِيْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّكَ عَلٰى

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

جو آدمی ہر نماز کے بعد اس کو ہمیشہ پڑھے خصوصاً جمعہ کی نماز کے بعد تو اللہ تعالیٰ ہر خوف کی چیز سے اس کی حفاظت کرے گا اور اس کے دشمنوں پر اس کی مدد کرے گا اور اس کو غنی کر دے گا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچائے گا۔ جہاں اس کا خیال بھی نہ جائے اور اس کی زندگی اس پر آسان کر دے گا اور اسکا قرضہ ادا کر دیگا اگرچہ پہاڑ کے جتنا قرضہ ہو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے پورا کرے گا۔

اسنادِ دعائے ایامِ بیض مکرم

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس مبارک دُعا کو پڑھے گا یا اپنے نزدیک رکھے۔ اللہ تعالیٰ اس بندہ کو آفتوں اور بلاؤں سے نگاہ رکھے، جو شخص اس دُعا کو پڑھے یا اپنے نزدیک رکھے اس کو بہت کرامتیں میسر ہوں۔

اگر کسی کی چوری ہو جائے چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں اَلْحَمْدُ کے بعد قُلْ ھُوَ اللّٰہُ دس بار پڑھے اور جب نماز سے فارغ ہو تو سر سجدے میں رکھے اللہ تعالیٰ گئی ہوئی چیز اس کو ملا دیوے۔ اس دُعاء کو جو پڑھے یا اپنے نزدیک رکھے۔ اگر پڑھنا نہ جانے تو سنے دشمنوں کے شر اور تمام آفتوں سے امن میں رہے۔ اور اگر کوئی اعتقاد کے ساتھ پڑھ کر پہاڑ پر مارے تو پہاڑ ٹوٹے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس واسطے کہ اس دُعاء میں اللہ تعالیٰ کے بزرگ نام ہیں۔ اگر کوئی دِکھاوے بخیلی کرے گنہگار ہو، حضرت رسول اکرم ﷺ سے روایت ہے کہ جو شخص روزگار نیک چاہے اس دُعاء کو ہمیشہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے تنگی دُور ہو جائے اور حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ جناب رسُولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی چیز اس دُعاء سے بہتر نہیں جو شخص اچھے اعتقاد سے اس دُعاء کو پڑھے اور پاؤں زمین پر رکھے، عجب نہیں کہ اس کے پاؤں سے زمین ہلے۔

اس دُعاء کے پڑھنے والے کو کوئی غم نہ ہو۔ جو شخص اس دُعاء کو صبح کی نماز کے بعد تین مرتبہ یا ایک مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس بندے کی عُمر زیادہ کرے اور دشمنوں پر فتح پاوے اگر کوئی قید خانے میں گرفتار ہو تو یہ دُعاء پڑھے اللہ تعالیٰ اس بندہ کو قید سے رہا کرے۔

وُہ دُعائے معظم و مکرم یہ ہے

دُعائے ایّام بیض مکرّم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی بِحَقِّکَ

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى
يَا رَحِيْمُ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ يَا مَالِكُ
مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ يَا قَهَّارُ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ
لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ يَا قُدُّوْسُ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ
يَا سَلَامُ اَلسَّلَامُ الْمُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ اَلْمُهَيْمِنُ
الْعَزِيْزُ يَا جَبَّارُ اَلْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ يَا عَزِيْزُ وَكَانَ
اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ يَا خَالِقُ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ
الْخَالِقِيْنَ ۝ يَا بَارِئُ اَلْخَالِقُ الْبَارِئُ يَا مُصَوِّرُ
هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ يَا اَوَّلُ يَآ اٰخِرُ هُوَ الْاَوَّلُ
وَالْاٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ اَلظَّاهِرُ الْبَاطِنُ يَا شَكُوْرُ
اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ يَا غَفُوْرُ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا
رَّحِيْمًا ۝ يَا وَدُوْدُ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ يَا قَاهِرُ وَهُوَ
الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ يَا حَلِيْمُ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ

يَا خَلَّاقُ هُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيْمُ يَا نُوْرُ اَللّٰهُ نُوْرُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا بَاسِطُ اِنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ
لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ يَا قَآئِمُ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ط يَا حَيُّ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ يَا سَمِيْعُ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ يَا بَصِيْرُ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ
بِالْعِبَادِ يَا عَلِيُّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ط يَا حَكِيْمُ وَ
كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ه يَا قَادِرُ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ
عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا يَا رَحِيْمُ اِنَّ رَبَّكُمْ
لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ يَا لَطِيْفُ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا
يَشَآءُ يَا خَبِيْرُ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ط يَا قَرِيْبُ
اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ يَا بَاعِثُ اِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ
مَنْ فِي الْقُبُوْرِ يَا رَزَّاقُ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ط
يَا وَارِثُ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا قَوِيُّ

إِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ يَا شَهِيْدُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
شَهِيْدٌ يَا مُبْدِئُ إِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۝ يَا
تَوَّابُ إِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ
يَا وَهَّابُ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ يَا جَمِيْلُ فَاصْبِرْ
صَبْرًا جَمِيْلًا ۝ يَا وَكِيْلُ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝ يَا كَافِيْ
وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ يَا وَلِيُّ وَهُوَ الْوَلِيُّ
الْحَمِيْدُ يَا رَبِّ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ يَا
غَنِيُّ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَأَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ يَا مُحْسِنُ وَاللّٰهُ
يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ يَا قَدِيْرُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يَا مُفَضِّلُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ
وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝
يَا مُعِزُّ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ يَا مُذِلُّ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ
يَا رَفِيْعُ رَفِيْعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ يَا شَفِيْعُ
مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ إِلَّا بِإِذْنِهٖ ۝ يَا كَبِيْرُ

إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ۝ يَا حَقُّ فَتَعَالَى اللّٰهُ
الْمَلِكُ الْحَقُّ يَا بَرُّ إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ۝ يَا وِتْرُ
وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ يَا غَفَّارُ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا ۝ يُّرْسِلِ
السَّمَآءَ يَا غَافِرُ وَأَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ۝ يَا حَمِيْدُ
تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ۝ يَا مَنَّانُ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ
عَلَيْكُمْ أَنْ هَدٰكُمْ لِلْإِيْمَانِ يَا بَاقِىْ وَيَبْقٰى وَجْهُ
رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَا أَحَدُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ
أَحَدٌ ۝ يَا مَتِيْنُ إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ
يَا هَادِىْ إِنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ يَا بَدِيْعَ
السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ يَا
فَتَّاحُ هُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ۝ يَا رَقِيْبُ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ
عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۝ يَا مُحِيْطُ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ
يَا قَاضِىْ وَاللّٰهُ يَقْضِىْ بِالْحَقِّ يَا صَمَدُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ
أَحَدٌ ۝ اللّٰهُ الصَّمَدُ يَا حَسِيْبُ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ

شَیْءٍ حَسِیْبًا ۝ یَا نَصِیْرُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ
النَّصِیْرُ ۝ یَا وَاسِعُ وَکَانَ اللّٰہُ وَاسِعًا حَکِیْمًا ۝ یَا
مُتَعَالُ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ
یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝
وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
اَجْمَعِیْنَ ۝ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا ۝ بِرَحْمَتِكَ
یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ یَا وَلِیَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ
مَسِّکْنَا بِالْاِسْلَامِ وَثَبِّتْنَا عَلَی الْاِیْمَانِ حَتّٰی
نَلْقَاكَ بِهٖ وَاَنْتَ عَنَّا رَاضٍ غَیْرُ غَضْبَانَ یَا اَللّٰہُ
یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ
سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کَمَا هُوَ اَهْلُهٗ بَارِكْ لِیْ
فِی الْمَوْتِ وَفِیْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ ۝

پانچ آیاتِ شریفہ کے بیان میں

کہا گیا ہے کہ ان میں اسم اعظم ہے اور ان میں سے ہر ایک آیت میں دس قاف ہیں اور اس کا ایک عجیب قصہ ہے۔ وہ یہ ہے کہ ایک بادشاہ کا وزیر تھا۔ بادشاہ کو اس سے سخت دشمنی تھی یہاں تک کہ ایک روز بادشاہ نے جلاد سے کہا جس وقت وزیر آئے میں تجھ کو اشارہ کردوں فوراً گردن اڑا دیجیو۔ مگر تعجب کی بات ہے کہ جس وقت وزیر سامنے آیا بادشاہ کا بُغض محبت سے بدل گیا اور جلاد کو اشارہ کیا کہ واپس چلا جا۔ پھر کئی روز تک ایسا ہی ہوتا رہا کہ جب وزیر غائب ہوجائے تو بادشاہ جلاد کو قتل کا حکم دے اور جب وہ حاضر ہو تو بادشاہ اس سے محبت کرے۔

پھر ایک روز بادشاہ کہیں جا رہا تھا اور وزیر بھی ہمراہ تھا۔ بادشاہ وزیر کے نزدیک ہوا اور اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہنے لگا میں تجھ سے ایک بات دریافت کرتا ہوں، سچ سچ بتانا۔ وزیر نے کہا آپ فرمایئے میں سچ ہی عرض کردوں گا۔ بادشاہ نے کہا کہ میں ہر روز قتل کا ارادہ کرتا ہوں مگر جب تیری صورت دیکھتا ہوں تو سارا غصہ جاتا رہتا ہے بلکہ تیری محبت ہو جاتی ہے تو بتا کہ اس کا کیا سبب ہے اور سچ سچ کہہ دے کیونکہ میں تجھ کو معاف کرچکا ہوں۔

وزیر نے عرض کی کہ حضور بات یہ ہے کہ میرے ایک استاد تھے جن سے میں نے قرآن شریف پڑھا تھا انھوں نے ایک روز مجھ سے کہا کہ ہم تجھے ایک تحفہ دیتے ہیں۔ اس کو اچھی طرح رکھنا اور ہمیشہ اس کو پڑھتے رہنا ہر ایک دشمن سے امن میں رہے گا اور وہ پانچ آیتیں ہیں جن میں سے ہر ایک میں دس دس قاف ہیں اور جو شخص اس کو قبل طلوع اور قبل غروب پڑھتا رہے، سب لوگ اس پر مہربان رہیں اور اگر سلطان اور حاکم اس کو پڑھے تو اس کی حکومت قائم رہے اور رعایا اور نوکروں پر رعب قائم ہو اور اگر کوئی حاجتمند

ان کو پڑھے اور حاجت مانگے پوری ہو۔

بادشاہ نے جب وزیر سے یہ ذکر سنا تو بہت تعریف کی اور خود بھی یہ آیتیں سیکھیں۔ وہ پانچ آیتیں یہ ہیں:۔

پہلی آیت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ
مُوْسٰى اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ
الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ؕ
فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

دوسری آیت

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ

وَنَحْنُ اَغْنِيَاۤءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَاۤءَ

بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝

تیسری آیت

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَ

اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ

الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ

اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا

الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۗ قُلْ مَتَاعُ

الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا

تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝

چوتھی آیت

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا

فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ

قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ

الْمُتَّقِيْنَ ۝

پانچویں آیت

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ

اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ

نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ

اَمْ هَلْ تَسْتَوِى الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ

شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ

اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَىْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝

دُعاء

یہ دُعا امام محمد بن ادریس خوارزمیؒ کی ہے

اس دُعا سے فرشتے کانپتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا مُبْدِئُ

يَا مُعِيْدُ يَا فَعَّالُ لِّمَا يُرِيْدُ يَا ذَا الْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا
تُرَامُ وَالْمُلْكِ الَّذِيْ لَا يُضَامُ يَا مَنْ عَلٰى نُوْرِهٖ أَرْكَانُ
عَرْشِهٖ يَا مُغِيْثُ أَغِثْنِيْ يَا مُغِيْثُ أَغِثْنِيْ يَا
مُغِيْثُ أَغِثْنِيْ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

فرماتے ہیں ایک مظلوم نے یہ دُعاء پڑھی اسی وقت ایک کڑک کی آواز آسمان سے آئی اور ایک فرشتہ ہاتھ میں برچھا لیے ہوئے نازل ہوا، اس قزاق کو جو اس مظلوم کو قتل کرنا چاہتا تھا قتل کر دیا۔ اور کہا اے زید جب تُو نے پہلی مرتبہ اللہ تعالیٰ سے دُعاء کی تو میں ساتویں آسمان پر تھا۔ جبرئیل نے آواز دی کہ اس مظلوم کی مدد کو کون جاتا ہے۔ میں نے کہا میں جاتا ہوں۔ پھر جب تُو نے دُعاء کی تو میں آسمان دنیا پر تھا۔ پھر جب تو نے تیسری بار دُعاء کی تو میں آن پہنچا جو اس دُعا کو پڑھ کر دُعا مانگے گا اس کی دُعاء قبول ہوگی۔

پھر جب زید حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے واقعہ بیان کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تجھ کو اپنا اسم اعظم تلقین کیا جس کے ساتھ جو دُعاء مانگی جاتی ہے قبول ہوتی ہے۔

مسنون دُعائیں

قبولیتِ دُعا، کب اور کیسے

حضور ﷺ نے فرمایا: - وُہ طویل سفر میں ہے پراگندہ حال، غبار آلود دونوں ہاتھ آسمان کی طرف پھیلا کر کہتا ہے: اے رب! اے رب! مگر اس کی خوراک حرام ہے، اس کا پینا حرام ہے، اس کا لباس حرام کا ہے، حرام کی غذا سے نشوونما پا رہا ہے۔ بھلا ایسے شخص کی دُعا کیونکر سُنی جائے گی۔ (مُسلم)

اللہ تعالیٰ غافل اور بے حضور دل کی دُعا قبول نہیں کرتا۔ (ترمذی)

جو آدمی بھی اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کی دُعا قبول کرتا ہے پس یا تو دنیا کے اندر اس کا اثر کر دیتا ہے، یا آخرت کے لیے اس کا اجر محفوظ کر دیتا ہے یا دُعا کے مقدار اس کے گناہ دُور کر دیتا ہے۔ بشرطیکہ وُہ گناہ کی یا قطع رحمی کی دُعا نہ کرے یا جلدی نہ مچائے۔ (ترمذی)

صبح ہونے پر

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا

وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ط

شام ہونے پر

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ نَحْیَا وَ
بِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ ؕ

سونے کے وقت

بِاسْمِکَ اللّٰھُمَّ اَمُوْتُ وَاَحْیَا

خواب دیکھنے پر

خَیْرًا تَلْقَاہُ وَشَرًّا تَوَقَّاہُ خَیْرًا لَّنَا، وَشَرًّا عَلٰٓی
اَعْدَآئِنَا، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ؕ

بیدار ہونے پر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ
النُّشُوْرُ ؕ

بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ

بیت الخلاء سے باہر آتے وقت

غُفْرَانَکَ (البقرۃ ۲۸۵)

وضو کرتے وقت

اَتَوَضَّأُ بِسْمِ اللّٰهِ

وضو کرنے کے بعد

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ
الْمُتَطَهِّرِيْنَ ط

اذان سننے کے بعد

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ
الْقَآئِمَةِ اٰتِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ
وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ
الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط
اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ط

شیطانی وسوسوں سے بچنے کے لیے

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝ وَاَعُوْذُ بِكَ
رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝

بیمار کی عیادت پر

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِهٖ وَاَنْتَ
الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَآؤُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا ؕ

مریض کی وفات پر

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْفَعْ دَرَجَتَهٗ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَ
اخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهٖ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهٗ يَا رَبَّ
الْعٰلَمِيْنَ ؕ وَافْتَحْ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ وَنَوِّرْ لَهٗ فِيْهِ ؕ

نمازِ جنازہ

نماز جنازہ میں چار تکبیریں (اَللّٰهُ اَكْبَرُ) کہی جاتی ہیں۔

پہلی تکبیر کے بعد ثنا پڑھے :۔

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَ
تَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ؕ

دوسری تکبیر کے بعد درود شریف:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَسَلَّمْتَ وَبَارَكْتَ وَرَحِمْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

تیسری تکبیر کے بعد دُعاء۔ اگر میّت بالغ مرد یا عورت ہے:۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَآئِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا ط اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ ط وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ ط

اگر میّت نابالغ لڑکا ہو تو یہ دُعاء پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَآ اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا ط

اگر میّت نابالغ لڑکی ہو تو اِجْعَلْهُ کے بجائے اِجْعَلْهَا اور شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا کے بجائے شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً پڑھنا چاہیے اور اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر سلام پھیر دینا چاہیے۔

میّت کو قبر میں رکھتے وقت

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰی سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

قبر پر مٹی ڈالتے وقت

قبر پر مٹی ڈالتے وقت مستحب یہ ہے کہ سرہانے کی طرف سے ابتداء کی جائے اور ہر شخص اپنے دونوں ہاتھوں میں مٹی بھر کر قبر میں ڈال دے۔ پہلی مرتبہ پڑھے: مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ (اسی زمین سے ہم نے تم کو پیدا کیا) دوسری مرتبہ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ (اور اسی میں تم کو لوٹا کر لائیں گے) اور تیسری مرتبہ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰی۔ (اور اسی سے قیامت کے روز تم کو نکال کھڑا کریں گے) پڑھے۔ (طٰہٰ۔ ۵۵)

عام طور پر قبرستان جانے پر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ ط نَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ

مسجد میں داخل ہوتے وقت

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

مسجد سے نکلتے وقت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

گھر سے نکلنے پر

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

اِلَّا بِاللّٰهِ ط

گھر میں داخل ہونے پر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ

بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ

رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا ط

سفر پر روانہ ہونے پر

اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا تَضِیْعُ وَدَائِعُهٗ ط

سواری پر سوار ہونے پر

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ

مُقْرِنِیْنَ ○ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ○ (الزخرف ۱۳-۱۴)

سفر سے واپسی پر

اَللّٰهُمَّ نَسْئَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَ
مِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی ط اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا
هٰذَا وَاطْوِعَنَّا بُعْدَهٗ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَ
الْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ
وَّعْثَآءِ السَّفَرِ وَكَاٰبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَسُوْٓءِ الْمَنْظَرِ فِی
الْمَالِ وَالْاَهْلِ ط اٰئِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ
لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ ط

کسی بستی میں داخلہ پر

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهَا (یہ تین مرتبہ فرماتے) اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا
جَنَاهَا وَحَبِّبْنَآ اِلٰٓی اَهْلِهَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَهْلِهَآ
اِلَیْنَا (طبرانی السند جید)

بادل آتا دیکھ کر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِیْهِ
اور اگر وہ برسنے لگتا تو آپ ﷺ فرماتے: اَللّٰهُمَّ صَیِّبًا نَّافِعًا

بجلی کے کڑکنے پر

وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ (الرعد ۱۳)

آندھی کے آنے پر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ ۚ (صحیح مسلم)

کسی قوم سے اندیشہ لاحق ہونے پر

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ ۚ (ابوداؤد، نسائی، ابن حبان، حاکم)

کوئی مصیبت آنے پر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ عِبَادِكَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۚ

ادائیگی قرض کے لیے

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ

فَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ـــــ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ

مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسْلِ وَالْبُخْلِ وَ

الْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ ط

اچھی چیز دیکھنے پر

مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط

بُری چیز دیکھنے پر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ ط

خطبۂ نکاح

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ

بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا

وَمِنْ سَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَامُضِلَّ

لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَاهَادِیَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآاِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ
مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ يَّعْصِهِمَا
فَلَا يَضُرُّ اِلَّا نَفْسَهٗ وَلَا يَضُرُّ اللّٰهَ شَيْئًا ط
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ
اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ
الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا
وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ج وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ
تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ
رَقِيْبًا ○ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا
قَوْلًا سَدِيْدًا ○ لا يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ
ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ
فَوْزًا عَظِيْمًا ○

شادی پر مبارکباد

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكُمَا وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ ط

شادی پر شوہر کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْهِ وَ
اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْهِ ط

خلوت پر

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّیْطٰنَ مَا
رَزَقْتَنَا ط

بچے کی ولادت پر

آیت الکرسی اور ذیل کی دو آیات کی تلاوت کرو اور معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس)
سے ان کو دم کرو۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ
سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ قف یُغْشِی الَّیْلَ
النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا لا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ
مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ط اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ط تَبٰرَكَ اللّٰهُ
رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ○ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً ط اِنَّهٗ
لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ○

الاعراف ۵۴-۵۵

تحفہ لینے اور دینے پر

تحفہ لینے پر: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمْ ❖ تحفہ دینے پر: وَفِيهِمْ بَارَكَ اللّٰهُ

نیا لباس پہننے پر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ ط

مصیبت زدہ دیکھنے پر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ اللّٰهُ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا

بے چینی اور اضطراب پر

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ❖ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ط

مرنے کے وقت کی دُعاء

مرنے کے وقت مرنے والے کا منہ قبلہ کی طرف کر دیا جائے اور وہ یہ دُعاء مانگے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی

اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق اعلیٰ (انبیاء و صالحین) کے ساتھ ملا دے

اور یہ کہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں بے شک موت کی سختیاں (برحق) ہیں

اور یہ دعا کرتا رہے۔

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ

اے اللہ! تو موت کی سختیوں پر اور جان کنی (کی تکلیف) پر میری مدد فرما۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ (فرشتوں سے) فرماتے ہیں: میرا مومن بندہ میرے نزدیک ہر خیر و خوبی (کے اعلیٰ مرتبہ) کا مستحق ہے (اس لیے کہ) میں اس کے دونوں پہلوؤں کے درمیان سے اس کی روح قبض کر رہا ہوں اور وہ (اس جان کنی کے وقت بھی) میری تعریف کر رہا ہے۔

(لہٰذا جان کنی کے وقت مذکورہ بالا دعائیں پڑھنا اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرنا بہت بڑی سعادت ہے)

تعزیت کرنے والے یہ کہیں

جب تعزیت (پرسے) کے لیے جائے تو اہل خانہ کو سلام کرے اور یہ کہے

اِنَّ لِلّٰهِ مَآ اَخَذَ وَلِلّٰهِ مَآ اَعْطٰی وَكُلٌّ عِنْدَهٗ

بے شک اللہ ہی کا تھا جو اس نے لے لیا اور اللہ ہی کا تھا جو اس نے عطا کیا تھا اور اللہ تعالیٰ کے ہاں

بِاَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ

ہر ایک کی اجل مدت مقرر و معین ہے پس تم صبر کرو اور ثواب حاصل کرو۔

آندھی اور طوفان کے وقت

جب آندھی آئے تو اس کی طرف منہ کرکے دوزانو بیٹھ کر اور گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کے

یہ دعاء کرے :-

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ

اے اللہ میں تجھ سے اس آندھی کی خیر و برکت کا، اور جو کچھ اس میں ہے اس کی خیر و برکت کا اور

مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا

جو یہ اپنے ساتھ لاتی ہے اس کی خیر و برکت کا سوال کرتا ہوں اور اس آندھی کے شر سے اور اس آندھی میں ہے

فِيْهَا وَشَرِّ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ

اس کے شر سے اور یہ جو اپنے ساتھ لاتی ہے اس کے شر سے تیری پناہ لیتا ہوں۔

آگ بجھانے کی دعاء

کہیں[1] آگ لگی ہوئی دیکھے تو اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہے اور بجھائے۔

جلے ہوئے کے لیے دعا

جلے ہوئے شخص پر یہ پڑھ کر دم کرے :

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ، اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ

دور کردے تکلیف کو اے لوگوں کے پروردگار ، شفاء دے تو ہی شفاء دینے والا ہے

[1] مصنف علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں : یہ عمل مجرب ہے۔

لَا شَافِیَ اِلَّا اَنْتَ

تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں

بدشگونی کا کفارہ

کسی چیز سے بدشگونی نہ لے اگر ایسا کر بیٹھے تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ یہ کہے:

اَللّٰھُمَّ لَا خَیْرَ اِلَّا خَیْرُكَ، وَلَا طَیْرَ اِلَّا طَیْرُكَ

الٰہی! تیری خیر و برکت کے سوا کوئی خیر و برکت نہیں اور تیرے شگون کے سوا اور کوئی شگون..،

وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ ط

اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں

پیشاب بند ہو جانے کے لیے دُعا

جب پیشاب بند ہو جائے،

یا پتھری ہو تو یہ دُعا پڑھے:

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ، تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ

ہمارا رب اللہ ہے جو آسمان میں ہے، (اے ہمارے رب) تیرا نام پاک ہے، تیرا حکم

فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا كَانَتْ رَحْمَتُكَ فِی السَّمَآءِ

آسمان اور زمین میں (یکساں) ہے تیری رحمت جیسے آسمان میں ہے

فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِی الْاَرْضِ، وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَ

ایسے زمین میں بھی عام کردے ہمارے گناہ اور خطائیں

خَطَايَانَا، اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ

معاف کردے تو پاک لوگوں کا پروردگار ہے پس تو اپنے (خزانہ) شفا سے

شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْعِ

شفا اور (خزانہ) رحمت سے رحمت نازل فرمادے اس بیماری پر (کہ یہ جاتی رہے)

پھوڑے پھنسی اور زخم کے لیے دُعاء

جس شخص کے پھوڑے پھنسی یا زخم ہو تو اس کا علاج اس طرح کرے کہ اپنی شہادت کی انگلی زمین پر رکھ کر یہ کہتے ہوئے اٹھالے:

يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا

ہمارا بیمار ہمارے رب کے حکم سے اچھا ہونا چاہیئے

پاؤں (ہاتھ) سُن ہوجانے کیلیے دُعاء

جب پاؤں ہاتھ سن ہوجائے تو جس سے سب سے زیادہ محبت ہو اس کا نام لے۔

جسمانی دکھ تکلیف کے لیے دُعاء

جس شخص کو کوئی جسمانی دکھ درد یا اور کوئی تکلیف ہو تو وُہ اپنا دایاں ہاتھ تکلیف کی جگہ رکھے اور تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ کہے اور سات مرتبہ یہ دُعاء پڑھے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ

میں اللہ اور اس کی قدرت کی پناہ لیتا ہوں اس تکلیف کے شر سے جو مجھے ہو رہی ہے اور جس سے ڈر رہا ہوں

آنکھ دُکھنے کیلئے دُعا

جس شخص کی آنکھ دکھ رہی ہو وہ یہ دُعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ

اے اللہ تو مجھے میری بینائی سے نفع پہنچا اور اس کو میرا وارث (یادگار) بنادے

مِنِّیْ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ

اور میرے دشمن (کی زندگی) میں میرا بدلہ مجھے (اپنی آنکھوں سے) دکھادے اور جو مجھ پر ظلم

ظَلَمَنِیْ ط

کرے اس پر میری مدد فرما

بخار کے لیے دُعا

جس شخص کو بخار آجائے وہ یہ دُعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ

بزرگ و برتر اللہ کے نام سے میں پناہ لیتا ہوں خدائے بزرگ و برتر کی۔ ہر جوش مارنے

عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ط

والی رگ کے شر سے اور جہنم کی آگ کی سوزش کے شر سے

بیماری کی حالت میں دُعا

بیمار آدمی بیماری کی حالت میں چالیس مرتبہ پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے بیشک میں ہی ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس مسلمان نے اپنی بیماری کی حالت میں چالیس بار مذکورہ بالا آیت کریمہ پڑھ لی تو اگر اس بیماری میں وفات پاگیا تو چالیس شہیدوں کا اجر پائے گا اور اگر تندرست ہو گیا تو اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

---

*

قرآنی دُعائیں

قرآنی دُعاؤں کو چند وجوہات کی بنا پر ترجیح حاصل ہے:

جب خود حاکم عرضی کا مضمون بتلا دیتا ہے تو اس کی منظوری میں پھر کسی شک کی گنجائش نہیں رہتی۔ اسی طرح جو دُعائیں اللہ تعالیٰ نے خود تعلیم فرمائی ہیں تو وُہ بلاشک قبولیت میں سب سے زیادہ قریب ہیں۔

ان میں جس قدر دینی و دنیاوی ضرورتوں کی رعایت کی گئی ہے، اگر ہم لوگ قیامت تک بھی سوچیں تو ممکن نہیں کہ ایسے جامع مضامین تجویز کر سکیں۔ بعض اوقات دُعا کے مضمون میں بے ادبی ہو جاتی ہے جس سے وُہ دُعا الٹی وبالِ جان ہو جاتی ہے۔ مثلاً کسی صحابیؓ نے صبر کی دُعا کی تھی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ تم نے بلا کی درخواست کی۔ ایک اور صحابیؓ نے یہ دُعا کی تھی کہ جتنا عذاب مجھ کو آخرت میں ہونا ہو وُہ سب یہیں ہو جائے تو حضور مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو تنبیہ فرمائی تھی۔ مطلب یہ ہے کہ قرآن مجید کی تلاوت کے علاوہ جس کسی کو مزید تسکین کے لیے دُعاؤں کا ورد کرنا ہو وُہ ان دُعاؤں کا ورد کرے۔ یہ دُعائیں اکثر انبیاء علیہم السلام کی ہیں۔ اور دنیاوی و اُخروی دونوں قسموں کے مقاصد پر حاوی ہیں۔

طلبِ صبر اور دشمنوں پر فتح یابی کی دُعاء

اس دُعاء کی بدولت لشکر طالوت نے باوجود قلت تعداد کے جالوت کے لشکر کثیر پر فتح پائی تھی۔

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا

اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر ڈال دے اور (لڑائی میں) ہمارے قدم جما۔ اور کافروں کی

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

جماعت پر ہم کو فتح دے۔

فتح یابی کی مکمل دُعاء

نبی کریم رؤف ورحیم ﷺ نے یہ دُعاء جنگ وجہاد کے وقت پڑھی اللہ تعالیٰ نے کفار کو شکست دی۔ ہم بھی اس دُعاء کو ہر وقت پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

اے اللہ ہم ان کے مقابلے میں تجھ کو پیش کرتے ہیں اور ان کے شر سے پناہ مانگتے ہیں

رنج و مصیبت کے وقت کی دُعاء

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ○

ہم اللہ ہی کا مال ہیں (ہم کو جس حال میں چاہے رکھے) اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

طلبِ رحم و مغفرت کی دُعاء

اللہ تعالیٰ نے اس کے پڑھنے والوں کی فضیلت فرمائی ہے۔ دُعاء یہ ہے۔

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ المؤمنون

اے پروردگار! ہم ایمان لائے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے۔

● ——— یہ دین و دنیا کے لیے خیر و برکت طلب کرنے اور دوزخ کے عذاب سے نجات پانے کی جامع ترین دُعاء ہے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی خیر و برکت دے اور آخرت میں بھی خیر و برکت دے

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ البقرة ۲۰۱

اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا

● ——— یہ اصحاب اعراف کی دُعاء ہے، دوزخیوں کو دیکھ کر اللہ تعالےٰ سے یہ دُعاء کریں گے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝ الاعراف ۴۷

اے ہمارے پروردگار! ہم کو گنہگار لوگوں کے ساتھ (شامل) مت کر۔

● ——— دشمنوں کے مقابلہ میں صبر اور انجام بخیر ہونے اور ایمان کی سلامتی کی دُعاء۔

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ ۝ الاعراف ۱۲۶

اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر ڈال دے اور (اپنی) فرمانبرداری کی حالت میں ہم کو موت دے

● ——— یہ دُعاء اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو والدین کی مغفرت کے واسطے تعلیم فرمائی ہے۔ اس سے والدین کے کمال درجہ عظمت و احترام پر روشنی پڑتی ہے۔

رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ۝ بنی اسرائیل ۲۴

ترجمہ: اے میرے پروردگار! جس طرح میرے والدین نے مجھے چھوٹے سے کو پالا ہے (اور میرے حال پر رحم کرتے رہے ہیں) اسی طرح تو بھی ان پر (اپنا) رحم کر۔

● ——— اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو یہ دعا تعلیم کی۔ یہ دعا ایسی جامع ہے کہ ہر کام کے شروع کرنے اور ختم کرنے کے لیے مفید ہے۔

رَّبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّاَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ

اے میرے پروردگار! مجھ کو اچھی جگہ پہنچا اور مجھ کو اچھی طرح نکال

صِدۡقٍ وَّاجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِيۡرًا ۝

اور اپنی جناب سے مجھ کو (دشمنوں پر) فتحیابی کے ساتھ غلبہ دے

● ——— یہ مغفرت و رحم طلب کرنے کی دعا ہے جو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو تعلیم فرمائی تاکہ امت بھی آپ ﷺ کی اس استغفار کی اقتدار کرے۔

رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ ۝ المؤمنون ۱۱۸

اے میرے پروردگار (ہمارے قصور) معاف کر اور رحم فرما اور تو سب رحم کرنے والوں سے بہتر رحم کرنے والا ہے

رحم و مغفرت طلب کرنے کے لیے دعا

دشمنوں پر فتحیابی کی دعا ہے رسول اللہ ﷺ ان دعاؤں کو پڑھتے تو فرشتے آمین کہتے تھے۔

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَاۤ اِنۡ نَّسِيۡنَاۤ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا

اے ہمارے پروردگار! اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں تو ہم کو نہ پکڑ اے ہمارے پروردگار

تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَاۤ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ

جو لوگ ہم سے پہلے ہو گزرے ہیں جس طرح تو نے اُن پر بھاری بوجھ ڈالا تھا، ویسا بھاری بوجھ ہم پر

قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ

نہ ڈال اور ہمارے پروردگار ہم سے اتنا بوجھ نہ اٹھوا جس کی ہم کو طاقت نہیں

وَاعْفُ عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وَارْحَمْنَا ۗ اَنْتَ مَوْلٰىنَا

اور ہمارے قصوروں سے درگزر کر اور ہمارے گناہوں کو معاف کر اور ہم پر رحم فرما تو ہی ہمارا مالک ہے

فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ البقرة ۲۸۶

تو ان لوگوں کے مقابلہ میں جو کافر ہیں، ہماری مدد فرما

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا

یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس وقت فرمایا تھا جب بنی اسرائیل کو ایک قاتل کی شناخت کے سلسلہ میں گائے ذبح کرنے کا حکم سنایا گیا اور وہ لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہنے لگے کہ "کیا آپ ہم سے مذاق کرتے ہیں؟"

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ البقرة

میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں جاہلوں میں ہوؤں

● ——— فرشتے یہ دعائے مغفرت اور انجام بخیر و حصولِ جنت، مسلمانوں کے لیے مانگتے ہیں۔ ایماندار بندوں کے حق میں اللہ تعالیٰ کی یہ سب سے بڑی نعمت و رحمت ہے کہ بندے اپنے دینی اور دنیاوی فائدے کے لیے تو ایمان لائیں اور عرش الٰہی اٹھانے والے فرشتے، ایماندار بندوں کے حق میں دعا کیا کریں۔

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ

اے ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور تیرا علم سب چیزوں پر حاوی ہے تو جو لوگ

لِلَّذِیْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِیْلَکَ وَقِہِمْ عَذَابَ

توبہ کرتے اور تیری راہ پر چلتے ہیں ان کو بخش دے اور ان کو دوزخ کے

الْجَحِیْمِ ○ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِیْ

عذاب سے بچا اور اے ہمارے پروردگار! ان کو ہمیشہ رہنے والے جنتوں میں داخل کر

وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ

جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور ان کے باپ دادا اور ان کی بیبیوں اور ان کی اولاد میں سے

وَذُرِّیّٰتِهِمْ ؕ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ○ لا وَقِهِمُ

جو نیک ہوں ان کو (بھی) بے شک تو ہی زبردست (اور) حکمت والا ہے اور ان کو قیامت

السَّیِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّیِّاٰتِ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ

کے دن) خرابیوں سے محفوظ رکھ۔ اور جس کو تو اس دن خرابیوں سے محفوظ رکھے گا، تو اس پر تو

وَذٰلِکَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ○ المؤمن ۲۰

نے (بڑا) رحم کیا۔ اور یہی تو بڑی کامیابی ہے۔

طلبِ اولاد کی دُعاء

طلبِ اولاد کی یہ وُہ دُعاء ہے جو حضرت زکریا علیہ السلام نے بڑھاپے میں کی تھی چنانچہ قبول ہوئی اور حضرت یحیٰی علیہ السلام پیدا ہوئے۔

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ؕ اِنَّکَ

اے میرے رب! مجھ کو اپنے پاس سے پاکیزہ اولاد عطا کر بے شک تو

سَمِيْعُ الدُّعَآءِ

دُعاء کا سننے والا ہے

ظُلم سے نجات اور مغفرت کی دُعا

یہ دُعا حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کے وقت کے مسلمانوں کی ہے۔

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ

اے ہمارے پروردگار! ہم تجھ ہی پر بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں اور تیری ہی

الْمَصِيرُ ○ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ

طرف لوٹ کر جانا ہے اے ہمارے پروردگار! ہم کو کافروں (کے ظلم) کا تختہ مشق نہ بنا۔

كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○

اور اے ہمارے پروردگار! ہمارے گناہ معاف کر۔ بیشک تو زبردست (اور) حکمت والا ہے۔

● یہ دُعا، رحم اور مغفرت طلب کرنے کیلیے ہے۔ اس دعا کی بدولت حضرت آدمؑ اور حواؑ کو معافی ملی تھی۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا سكتة وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا

اے ہمارے پروردگار! ہم نے اپنے آپ کو خود تباہ کیا اور اگر تو ہم کو معاف نہیں فرمائے گا

وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ○

اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو ہم بالکل برباد ہو جائیں گے

انجام بخیر ہونے کی دُعا

یہ حضرت یوسف علیہ السلام کی آخری دُعا ہے۔ آپ نے تمام جاہ و حشمت پر خاتمہ بالخیر ہونے کو ترجیح دی۔ حسن خاتمہ سے بڑھ کر کون سی دولت بندہ کے لیے ہو سکتی ہے۔

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا

اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے دنیا اور آخرت میں تو ہی میرا

یوسف ۱۰۱

وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ○

رفیق ہے۔ تو مجھ کو اپنی فرمانبرداری کی حالت میں (دنیا سے) اٹھالے اور مجھ کو اپنے نیک بندوں میں داخل کر

● اپنے اور والدین اور عام مسلمانوں کے لیے طلب برکت و مغفرت کی دُعا۔ یہ دُعا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کی تھی۔ قرآن مجید نے اسے سند اور نظیر کیلیے قیامت تک اہل حق کے لیے نقل کر دیا ہے۔

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ق صلے

اے میرے پروردگار! مجھ کو توفیق دے کہ میں نماز پڑھتا رہوں اور میری اولاد کو (بھی)

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ

اور اے ہمارے پروردگار میری دُعا قبول فرما اے ہمارے پروردگار! جس دن اعمال کا حساب

ابراھیم ۴۱

وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ○

ہونے لگے مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور سب ایمان والوں کو بخش دینا۔

طلب رزق کی دُعا

یہ طلب رزق کی دعاء ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام بہ حالت سفر اور بے سرو سامانی اس کو پڑھ کر حضرت شعیب علیہ السلام کے مہمان اور داماد ہوئے تھے۔

رَبِّ إِنِّي لِمَآ أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ۝ (قصص ۲۴)

اے میرے پروردگار! میں اس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے، محتاج ہوں۔

نیک عمل کی توفیق، نیک اولاد اور استقامت کی دُعاء

پختہ عمر لوگوں کو چاہیئے کہ یہ دعاء مانگا کریں۔

رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ
عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ
وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي ۖ إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي
مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝ (الاحقاف-۱۵)

برائے رفع شکایت بے خوابی

لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِينُ ۝

رات کو سوتے وقت پہلے سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد اس آیت کو بار بار پڑھیں۔ انشاء اللہ نیند بہت اچھی آئے گی اور بے خوابی کی تکلیف دُور ہو جائے گی

صالح اولاد کی دُعاء

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام بیت المقدس میں تشریف لائے تو اولاد کیلیے یہ دُعاء مانگی تھی

(الصّٰفّٰت-۱۰۰)

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○

اے رب! مجھے (اولاد) عطا فرما (جو) سعادت مندوں میں سے (ہو)

دفع لکنت کی دُعا

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ○ وَيَسِّرْ لِيْ أَمْرِيْ ○

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ○ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ○ (طٰهٰ ۲۵ تا ۲۸)

برائے حل مشکلات

وَأُفَوِّضُ أَمْرِيْ إِلَى اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ ○ (المؤمن ۴۴)

اہل جنت کی دُعا

اللہ تعالٰی نے یہ دُعا ان لوگوں کی نقل فرمائی ہے جو جنتی ہوں گے۔

رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

اے ہمارے پروردگار! ہم تجھ پر ایمان لائے ہیں، تو ہمارے گناہ معاف کر اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا۔

دُعا برائے توفیق عمل

یہ دُعا حضرت سلیمان علیہ السلام نے نیک عمل کی توفیق اور انجام بخیر کے لیے کی تھی۔ اغنیاء کے لیے خاص طور پر مناسب حال ہے۔

رَبِّ أَوْزِعْنِيْ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ

اے میرے پروردگار! مجھ کو توفیق دے کہ جیسے جیسے احسانات تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیے

وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَدْخِلْنِیْ

میں تیرے ان احسانات کا شکر ادا کروں اور زندگی بھر ایسے نیک عمل کرتا رہوں جن کو تو پسند فرمائے اور

بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ○ النمل

(مرنے کے بعد) تو مجھ کو اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں داخل کر

نظرِ بد، سحر اور حسد کے دفعیہ کی دُعاء

حضرت رسول اللہ ﷺ کے گھر والوں میں کوئی بیمار ہوتا تو آپ ﷺ ان پر معوذتین بار پڑھ کر دم کرتے تھے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَ

میں صبح کے رب کی پناہ میں آیا ہر چیز کی بدی سے جو اس نے بنائی اور

مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

اندھیرے کی بدی سے جب سمٹ آئے (چھا جائے) اور عورتوں کی بدی سے جو گرہوں میں

فِی الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

پھونک ماریں اور بُرا چاہنے والوں کی بدی سے جب ٹوکنے (نظر) لگانے لگے (حسد کرنے لگے)

● یہ اپنے اور تمام مسلمانوں کیلئے نجات و مغفرت اور دشمنوں کیلئے ہلاکت کی دُعا ہے جو حضرت نوحؑ نے مانگی تھی۔ والدین اور ساری امتِ اسلامی کے حق میں دُعائے خیر کرتے رہنا سنتِ انبیاء ہے۔

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا

اے میرے پروردگار! مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور جو شخص میرے گھر میں ایماندار ہو کر آئے

وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط

اور تمام ایماندار مردوں اور عورتوں کو بخش دے۔

زیادتی علم کی دُعا

اللہ تعالیٰ نے اس دُعا کی تعلیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دی ہے اس دُعا میں تواضع بھی ہے اور شکر بھی۔

رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا ۝ طٰهٰ ۱۱۴

اے میرے پروردگار! مجھے اور زیادہ علم نصیب کر

سوار ہو کر روانگی کی دُعا

یہ دُعا نوح علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں کو کشتی پر سوار ہوتے وقت تعلیم کی تھی۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۚ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ هود ۴۱

اللہ کے نام سے ہے اس کا چلنا اور ٹھہرنا بیشک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے۔

دُعا برائے مغفرت

اس دُعا کے پڑھنے والوں کو قیامت کے میدان میں نور عنایت ہوگا۔

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہمارے لیے ہمارا نور کامل کر دے اور ہمارے گناہ بخش دے کیونکہ تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

قوم کے ظلم سے عاجزی کے وقت کی دُعا

یہ دُعا حضرت شعیب علیہ السلام نے اس وقت کی جب وہ اپنی قوم سے ناامید ہوئے اور

ان کو یقین ہو گیا کہ اب وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ جب انسان اپنی قوم کے ظلم سے عاجز ہو تو یہ دعا مانگے

رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ

اے ہمارے رب! ہم میں اور ہماری قوم میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر اور تو

خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ○ الاعراف ۸۹

سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

دُعاء برائے رفع اختلافات

یہ دُعاء دین کے معاملات میں رفع اختلافات کے لیے وارد ہے۔

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَ

اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، چھپے اور کھلے کے جاننے

الشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا

والے تو ہی اپنے بندوں میں فیصلہ کرے جس چیز میں وہ

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ (الزمر۔ ۴۶)

(باہم) جھگڑ رہے تھے

بلاؤں سے نجات پانے کی دُعاء

احادیث میں حضرت یونس علیہ السلام کی اس دُعاء کی بڑی فضیلت آئی ہے اور اُمت نے شدائد اور نوائب میں ہمیشہ اس کو مجرب پایا ہے۔

دُعاء یہ ہے :-

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○

تیرے سوا کوئی حاکم (معبود) نہیں، تو بے عیب (پاک) ہے۔ بے شک میں قصور وار ہوں۔

وسوسہ اور آفات سے پناہ مانگنے کی دعاء

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر بعض یہود نے سحر کیا تھا، اس کے علاج کے واسطے اللہ تعالیٰ نے یہ سورت اور اس سے ماقبل سورت نازل فرمائی اور ان کی تاثیر سے وہ اثر باذن اللہ تعالیٰ زائل ہو گیا۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○

● حضرت نوح علیہ السلام نے کشتی میں سوار ہو کر یہ دعا مانگی تھی۔

رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ○

اے میرے پروردگار! مجھے مبارک جگہ میں اتار اور تو ہی سب سے بہتر اتارنے والا ہے

استقامت اور رحمت طلب کرنے کی دعاء

جو اللہ تعالیٰ نے خود تعلیم فرمائی ہے۔ آجکل اس دعا کی بڑی ضرورت ہے کیونکہ ہدایت کے بعد گمراہی ایک شدید ترین مصیبت ہے۔ اسلامی عقائد سے منحرف اور متزلزل کرنے والے بہت سے دشمن پیچھے پڑے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان ظالموں سے بچائے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ

اے ہمارے پروردگار! ہمارے دلوں کو ہدایت کرنے کے بعد (غلط راستے پر) نہ پھیر اور اپنے پاس سے ہم کو رحمت

لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ۝ رَبَّنَآ

عطا فرما. بے شک تو ہی دینے والا ہے اے ہمارے

إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ ۚ إِنَّ

پروردگار تو ایک دن جس (کے آنے) میں (کسی طرح کا) شبہ ہی نہیں، لوگوں کو (اعمال کی جزا وسزا کیلئے) اکٹھا

اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ۝

کریگا (تو اس دن ہم پر تیری مہربانی کی نظر رہے) بیشک اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی نہیں کیا کرتا۔

اخوتِ اسلامی

یہ توفیقِ اخوتِ اسلامی اور حسد وکینہ کے دفعیہ کی دُعا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس امت کے متاخرین کو سکھائی ہے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا

اے ہمارے پروردگار! ہمارے اور ہمارے بھائیوں کے گناہ معاف کردے جو ہم سے پہلے ایمان

بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ

لاچکے ہیں، اور ایسا کر کہ جو لوگ ایمان لاچکے ہیں ان کی طرف سے ہمارے دلوں میں کسی طرح

آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝

کا کینہ نہ آنے پائے۔ اے ہمارے پروردگار! تو بڑا شفقت رکھنے والا مہربان ہے

ابتلاء وآزمائش سے نجات کی دُعاء

ابتلاء اور آزمائش سے نجات کی یہ دُعاء حضرت ایوب علیہ السلام کی ہے جب آپؑ سخت جسمانی آزار میں مبتلا تھے۔

رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ○

(اے میرے پروردگار! مجھ کو تکلیف ہے اور تو سب سے بڑا مہربان ہے (تو میرے حال پر رحم فرما اور مجھ کو شفا دے)

شیطانی وسوسوں سے امن میں رہنے کی دُعا

شیطانی وسوسوں سے امن میں رہنے کی دُعا جو اللہ تعالیٰ نے خود تعلیم فرمائی۔

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ○ وَاَعُوْذُ

اے پروردگار! میں شیطانوں کی چھیڑ (وسوسوں) سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اور اے پروردگار!

بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ○ المؤمنون ۹۸، ۹۷

میں اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ شیاطین میرے پاس آئیں (اور بچھڑ کائیں)

دُعا برائے اولاد

اشارۂ الٰہی سے یہ دُعا حضرت زکریا علیہ السلام نے ضعیفی میں طلبِ اولاد کے لیے کی اور سو برس کی عمر میں فرزند پایا۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ○

اے میرے پروردگار! مجھ کو اکیلا (یعنی بے اولاد) نہ چھوڑ اور (یوں تو) تو سب سے بہتر وارث ہے۔

قبولیت دُعا کیلئے

یہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی دُعائیں ہیں۔ ان کے پڑھنے والوں کی اللہ تعالیٰ نے تعریف فرمائی اور اجابت کا وعدہ کیا ہے۔

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ

اے ہمارے پروردگار! تو نے اس (دنیا) کو بے فائدہ نہیں بنایا تیری ذات پاک ہے تو اے ہمارے رب ہم کو

النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ

دوزخ کے عذاب سے بچا۔ اے ہمارے پروردگار! جس کو تو نے دوزخ میں ڈالا اس کو (بہت ہی) ذلیل کیا

وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا

اور (ہاں) گنہگاروں کا کوئی بھی مددگار نہیں اے ہمارے پروردگار! ہم نے ایک پکارنے والے

مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ڰ

(یعنی نبی) کو سنا کر ایمان کی منادی کر رہا تھا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا

پس اے ہمارے پروردگار! ہمارے گناہ معاف فرما اور ہماری برائیوں کو دور کر اور ہم کو نیک بندوں

مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰي رُسُلِكَ

کے ساتھ خاتمہ کر اور اے ہمارے پروردگار! ہمارے ساتھ جیسے جیسے وعدے اپنے رسولوں کی معرفت تو نے

وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

ہم سے فرمائے ہیں ہم کو نصیب کر اور قیامت کے دن ہم کو ذلیل نہ کر تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔

بوقتِ جہاد یا مصائب و شدائد کے ہجوم کے وقت کی دُعاء

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ

اے ہمارے رب! ہمارے گناہ اور جو ہمارے کام میں ہم سے زیادتی ہوئی (وہ) بخش دے اور

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ آل عمران ۱۴۷

ثابت قدم رکھ اور ہم کو قوم کفار پر مدد (فتح) دے

دشمن کے ظلم سے نجات پانے کی دعا

مظلوم اور کمزور حالت میں کفار کے جور وستم سے نجات پانے کی دعا ابتدا اسلام میں جب کفارِ قریش کے ہاتھوں ضعیف مسلمان مرد، عورت اور بچے ہمہ قسم کی تکلیف اٹھا رہے تھے اس وقت تنگ آکر انہوں نے یہ دعا مانگی تھی۔

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ

اے ہمارے رب! ہم کو اس بستی سے نکال کہ یہاں کے لوگ

اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ

ظالم ہیں اور ہمارے واسطے اپنے پاس سے کوئی حمایتی کردے اور ہمارے واسطے

لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝ النساء ۷۵

اپنے پاس سے (کسی کو) مددگار کردے

اظہار عبودیت اور شرک سے بیزاری کی دعا

اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ

اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ الانعام ۱۶۳

میں جو درود یاد ہو گیارہ بار پڑھے۔ آیت یہ ہے:۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ

پاک ہے وہ ذات، جس نے ہر اس شے کو جسے زمین اگاتی ہے اور خود ان کو اپنی جنس (یعنی

الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ○ (سورہ یٰس آیت ۳۶)

انسان) کو اور ان اشیاء کو بھی جنھیں وہ نہیں جانتے جوڑے جوڑے خلق کیا۔

شادی بیاہ کی خیر و خوبی کے لیے نفع بخش

وَمِنْ کُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّکُمْ

اور ہم نے ہر شے کے جوڑے جوڑے بنائے تاکہ تم

تَذَکَّرُوْنَ ○ (سورۃ الذاریات، آیت ۴۹)

نصیحت حاصل کرو۔

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ قَوْلِكَ هٰذَا وَبِحُرْمَةِ نَبِیِّكَ

اے اللہ! تو اپنے قول کے طفیل اور اپنے نبی

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ

محمد ﷺ کے صدقے میں عطا فرمادے۔

(لڑکی کا نام پڑھے) زَوْجًا صَالِحًا مُّوَافِقًا غَیْرَ مُخَالِفٍ

نیک شوہر جو موافق ہو مخالف نہ ہو

لڑکیوں کی شادی کیلیے

بعد نماز عشار ۵۰۰ا مرتبہ یَا لَطِیْفُ لڑکی کے والدین میں سے کوئی پڑھے۔ انشاءاللہ بر آجائے گا۔ اول آخر درود شریف پڑھے۔ جبتک شادی نہ ہو پڑھتے رہیں۔

وَالضُّحٰی ۝ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۝ (سُورۃ الضحٰی آیت ۲،۱)

قسم ہے دھوپ چڑھتے وقت کی اور قسم ہے رات کی جب شب سکوت طاری کر دے۔

۹۱ا مرتبہ بعد نماز فجر پڑھیں اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ جبتک رشتہ نہ آئے پڑھتے ہی رہیں بعد شادی شیرینی پر حضور ﷺ کی نیاز دلائیں۔

بعد نماز عشار۔ سُورۃ اخلاص (پارہ عم) ۴۱ا مرتبہ پڑھ کر دُعار مانگیں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

اس سُورت کا ورد ہر وقت لڑکی کو رکھنا چاہیے۔

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا

اور وہی (ذات پاک ہے) جس نے پانی سے بشر کو پیدا کیا اور پھر اس کو خاندان اور

وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا ۝ (سُورۃ الفرقان آیت ۵۴)

سسرال والا بنایا اور تیرا رب (ہر شے) پر قادر ہے۔

اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ بعد شادی ۴ نفل پڑھے اور خشوع و خضوع سے اچھے مستقبل کی دُعار کریں۔

اگر کسی شخص کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو اور وہ چاہے کہ اچھی جگہ اور جلدی ہو جائے وہ حاجت مند ۳۱۳ مرتبہ عشار کی نماز کے بعد ۲۱ روز تک اس آیت کو پڑھے اور اول و آخر

بِحَقِّ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝

ہمارے سردار اور ہمارے مولا محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی تمام آل کے صدقے سے

جس لڑکی کے لیے رشتہ نہ آتا ہو روزانہ گیارہ مرتبہ نکاح کے دن تک پڑھے۔ اگر لڑکی خود پڑھے تو نام لینے کی ضرورت نہیں۔ البتہ کوئی دوسرا پڑھے تو اَنْ تَرْزُقَنِیْ کی بجائے اَنْ تَرْزُقَ پڑھ کر لڑکی کا نام لے۔

ہر دُعا کے اوّل و آخر درُود شریف پڑھنا مستحب ہے۔

اگر شادی میں رُکاوٹ ہوتی ہو تو روزانہ ہر نماز کے بعد دو سو بائیس مرتبہ اَللّٰہُ، اللطیف، الرحیم پڑھے۔

توبہ: قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ

کہہ دو اے میرے بندو! جنھوں نے اپنے نفسوں پر ظلم و زیادتی کی ہے۔

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ (سُورۃ الزمر، آیت ۵۳)

اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو جانا۔

اسناد

اس دُعار کے یہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جو کوئی اس دُعار کو پڑھے یا پاس رکھے تو جو اللہ سے مانگے دے گا۔ اگر فقیر ہوگا تو تونگر ہو جائے گا اور اگر جاہل ہوگا تو عالم بن جائے گا اور بیماری سے صحت پاوے گا اور سب مُرادیں حاصل ہوں گی۔ اگر غمگین ہوگا تو خوشی ہووے گی اگر قیدی ہوگا تو خلاصی پائے گا۔ اور اگر بے شادی ہوگا تو شادی ہو جاوے گی۔ اگر سفر میں ہوگا تو سلامت آوے گا۔ اگر اعتقاد درست ہے اور ستّو مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ نبی کریم ﷺ کو خواب میں دکھاوے گا۔ وہ دعار بزرگوار یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

يَا رَجَائِیْ يَا مُنَائِیْ يَا دَوَائِیْ يَا شِفَائِیْ يَا كِفَائِیْ كَفِّیْ
يُحْيِیْ يَا غَفُوْرُ يَا غَفُوْرُ اغْفِرْ لِیْ خَطِيْئَتِیْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ
يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ
يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا غَفُوْرُ يَا غَفُوْرُ يَا غَفُوْرُ يَا كَرِيْمُ يَا كَرِيْمُ
يَا كَرِيْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ وَنُوْرِ عَرْشِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ
اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اسناد

دُعائے بزرگوار یہ ہے کہ ایک دن نبی کریم ﷺ مسجد میں بیٹھے تھے کہ ابلیس آیا تب آپ ﷺ

نے فرمایا کہ اے بدبخت کہاں سے آیا۔ تب ابلیس نے کہا یا رسول اللہ میں بدنصیب ہُوں اس واسطے کہ دُعا مجھ کو یاد ہے۔ اس سبب سے جنّت میں جاؤں گا سب سے پہلے۔ نبی کریم ﷺ سن کر متحیر ہوئے۔ اس وقت جبرائیل علیہ السلام آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ یہ بدبخت سچ کہتا ہے لیکن مرنے سے پہلے چالیس برس یہ دُعا بھول جاوے گا۔ اب آپ ﷺ سُن لیجیئے کہ جو کوئی اس دُعا کو درست اعتقاد سے پڑھے گا بے شک وُہ جنّت میں جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَللّٰهُمَّ يَآ اِلٰهَ الْبَشَرِ وَيَا عَظِيْمَ الْخَطَرِ وَيَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ وَيَا عَزِيْزَ الْمَنِّ وَيَا مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَآ اِلٰهَ الْعٰلَمِيْنَ وَيَا خَيْرَ النّٰصِرِيْنَ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اسناد

امیر المومنین حضرت عُمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ چھ سو برس کی نماز قبول ہوتی ہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا ہے کہ سات سو برس کی نماز قبول ہوتی ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کہا کہ ہزار برس کی نماز قضا ہوئی، قبول ہوتی ہے۔ یاروں نے حضرت سے پوچھا کہ یا رسول اللہ ﷺ آدمی کی عمر اتنی

کہاں ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ نماز تمہارے آباؤ اجداد کی اور خویش و اقربا سب کی قبول ہوتی ہے دعا ر بزرگوار یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ نَعْمَآئِهٖ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ اٰلَآئِهٖ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ قَبْلَ كُلِّ حَالٍ وَّصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

فضائل دُرُود شریف

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا ؁ بخاری مسلم

جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ دُرود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتے ہیں

تشریح درود شریف کے بڑے فضائل ہیں جن کے بیان کے لیے مستقل کتاب کی ضرورت ہے۔ یہاں پر کچھ مختصر فضائل بطور تبرک بیان کرتے ہیں۔

۱۔ جناب رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ قیامت کے روز زیادہ قُرب مجھ سے اس شخص کو ہوگا جو (دنیا میں) مجھ پر کثرت سے دُرود پڑھتا ہوگا۔

۲۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جمعہ کے روز مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو، وہ مجھ پر پیش ہوتا ہے۔

۳۔ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص میرا ذکر کرے تو اس کو چاہیئے کہ مجھ پر درود بھیجے۔

۴۔ حضور انور ﷺ نے ارشاد فرمایا: بڑا بخیل وہ ہے جس کے روبرو میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔ (ترمذی)

۵۔ ارشاد فرمایا رسول اللہ ﷺ نے: جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتے ہیں، اور دس گناہ معاف ہوتے ہیں اور دس نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھی جاتی ہیں۔ (نسائی)

۶۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ پر درود شریف کی کثرت کرے گا وہ عرش کے سایہ میں ہوگا۔ (زاد السعید)

۷۔ ارشاد فرمایا رسول اللہ ﷺ نے: جو شخص میری قبر پر حاضر ہو کر درود شریف پڑھتا ہے اس کو میں خود سنتا ہوں، اور جو مجھ سے فاصلہ پر پڑھتا ہے وہ میرے پاس بذریعہ ملائکہ پہنچا دیا جاتا ہے۔ (بیہقی)

۸۔ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب تک دعا کے اول اور آخر میں درود شریف نہ پڑھا جائے تو دعا، زمین و آسمان میں معلق (لٹکی یا اٹکی) رہتی ہے۔

۹۔ ارشاد فرمایا جناب رسول اللہ ﷺ نے جو شخص ہر روز سو بار درود پڑھے اس کی سو حاجتیں پوری کی جائیں گی، جن میں تیس دنیا میں باقی آخرت میں پوری کی جائیں گی۔ (زاد السعید)

۱۰۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح کو دس مرتبہ اور شام کو دس مرتبہ مجھ پر درود بھیجے، قیامت کے روز اس کے لیے میری شفاعت ہوگی۔ (طبرانی)

مولانا تھانوی رحمہ اللہ زاد السعید میں تحریر فرماتے ہیں: قیامت میں کسی مومن کی نیکیاں اگر کم ہو جائیں گی تو جناب رسول اللہ ﷺ سر انگشت کے برابر ایک پرچہ نکال کر میزان عمل میں رکھ دیں گے جس سے نیکیوں کا پلہ بھاری ہو جائے گا، وہ مومن کہے گا میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان ہو

جائیں آپ ﷺ کون ہیں؟ آپ ﷺ فرمائیں گے میں تیرا نبی ہوں اور یہ وہ درود ہے جو تو نے مجھ پر
(دنیا میں) پڑھا تھا میں نے تیری حاجت کے وقت ادا کر دیا۔

اس لیے ہر مسلمان کو چاہیئے کہ کم از کم ہر صبح شام دس مرتبہ درود شریف پڑھنے کی ضرور
عادت ڈال لے، ورنہ ہزاروں مرتبہ پڑھے تب بھی کم ہے اور جس قدر بھی کثرت سے پڑھے گا اس میں
اپنا ہی فائدہ ہے۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو اپنے حبیب پاک جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی سچی محبت
اور اتباع کی توفیق دے۔ اور قیامت میں آپ ﷺ کی شفاعت نصیب ہو۔ آمین۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

درود ناریہ

یہ درود شریف ایک ایسا راز ہے جس کو عارفوں اور خاص الخاص ولیوں کے سوا کوئی بھی سمجھ نہ
سکا اس میں بیشمار خاص فوائد ہیں جن کو اگر لکھا جائے تو دنیا کی سیاہی اور کاغذ ختم ہو جائیں۔ سب سے زیادہ
اس درود شریف کا فائدہ یہ ہے کہ جب بھی رنج و ملال ہو یا کوئی مصیبت آجائے تو فوراً اس کو پڑھا
جائے۔ ان شاء اللہ تمام مصیبتیں منٹوں میں ختم ہو جائیں گی۔ اندھیرا اجالے میں بدل جائے گا۔ زحمت رحمت
میں تبدیل ہو جائے گی۔ درود ناریہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع ساتھ نام کے | جو بخشش کرنے والا | مہربان ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلَاۃً کَامِلَۃً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا

اے اللہ درود کامل اور سلام تمام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِہٖ

ہمارے سردار و مولانا حضرت محمد ﷺ پر جن کے طفیل گرہ کھل

الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِہِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی بِہِ الْحَوَآئِجُ

جاتی ہے اور بے چینیاں ختم ہوجاتی ہیں اور جن کے طفیل تمام مقاصد حاصل

وَتُنَالُ بِہِ الرَّغَآئِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَیُسْتَسْقَی

ہوتے ہیں اور اچھا خاتمہ نصیب ہوتا ہے دہ کر سیراب

الْغَمَامُ بِوَجْہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ

ہوتا ہے بادل ان کی وجہ کریم سے (اس کی تازگی سے) اور آل پر اصحاب پر اپنے ہر لمحہ سانس

وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ ط

میں اپنی معلومات کے برابر گنتی میں (یعنی لاتعداد) اے اللہ اے اللہ اے اللہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا مہربان ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ

اے اللہ رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ کے اوپر جو دلوں کے حاکم

وَدَوَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَصِحَّۃِ

اور علاج اور آنکھوں کے لیے نور اور روشنی کے برابر ہیں اور جسم کے لیے

الْاَبْدَانِ وَشِفَآءِہَاط

تندرستی اور شفاء کل میں

فائدہ: جو شخص صبح یا شام کو یہ درود شریف پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی ہر تکلیف کو دور کرے گا اور ہر حاجت پوری ہوگی، قرض ادا ہوگا۔ روزی میں برکت ہوگی اور حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بخشنے والا مہربان ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو اُمّی نبی ہے اور

اَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی

ان کی بیبیوں پر جو ایمان والوں کی مائیں ہیں اور آپ ﷺ کی اولاد پر جس طرح سے تو نے بھیجا ابراہیم

اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

علیہ السلام پر اور ابراہیم علیہ السلام کی اولاد پر بیشک تو بزرگ و تعریف والا ہے

فائدہ: اس درود شریف کے بارے میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضور ﷺ نے کہ جس شخص کی خواہش ہو کہ اس کو پورا ثواب ملے تو میرے اور میرے اہل بیت پر یہ درود شریف پڑھتا رہے۔

فقر، تنگی اور معاش کا علاج

مواہب لدنیہ میں روایت ہے کہ ایک شخص حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ عرض کیا کہ حضور دُنیا میری طرف سے پیٹھ پھیر کر چلی گئی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ملائکہ کی تسبیح پڑھا کرو۔ عرض کیا حضور ملائکہ کی تسبیح کیا ہے؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ "صبح صادق کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ سو مرتبہ پڑھا کرو۔" یہ سن کر وہ شخص چلا گیا اور چند روز کے بعد آیا اور عرض کیا کہ حضور اللہ تعالیٰ نے مجھے اتنا عطا کیا ہے کہ میرے گھر میں رکھنے کی جگہ نہ رہی۔

بدخوابی بے چینی اور نیند نہ آنے کا علاج

ترمذی شریف میں حضرت بریدہؓ سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت خالدؓ نے حضور اکرم ﷺ سے رات کی بے چینی اور نیند نہ آنے کی شکایت کی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ "اے خالد جب سونے کے لیے بستر پر لیٹو تو یہ دُعا پڑھو:-

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَآ اَظَلَّتْ وَ

رَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَرَبَّ الشَّيٰطِيْنِ وَمَآ اَضَلَّتْ

كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِيْعًا اَنْ

يَّفْرُطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ يَبْغِيَ عَلَيَّ عَزَّ جَارُكَ

وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

سر درد کا علاج

مواہب لدنیہ میں جامع حمیدی سے منقول ہے کہ حضور اکرم ﷺ درد سے پناہ مانگتے تھے اور یہ دُعا پڑھتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ كُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ النَّارِ ط

اس دُعا کو پہلے پانچ مرتبہ پھر دوبارہ سات مرتبہ پھر گیارہ مرتبہ پڑھ کر درد کو جھاڑنا بہت مفید ہے۔ ہر دفعہ درد کی جگہ پڑھنے والا یا مریض اپنے ہاتھ سے پکڑے۔ جب دم کرنے والا ایک دفعہ دم کرے تو ہاتھ درد کی جگہ سے ہٹا لیا جائے۔ اگر درد کو آرام نہ ہو تو پھر اسی طرح درد کی جگہ کو پکڑ کر دُعا پڑھ کر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ تین مرتبہ دم کرنے کے بعد درد میں بہت سکون و آرام آجائے گا۔ اگر آرام نہ ہو تو پھر چار گھنٹہ کے بعد اسی طرح درد کو جھاڑا جائے۔ دن میں دو مرتبہ اس عمل کو کیا جائے۔ انشاء اللہ بالکل آرام آجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

خاصیت: اس آیت کریمہ کے فائدے بیشمار ہیں۔ ہر ایک اچھے کام سے پہلے جیسا کہ کھانے پینے سے۔ بسم اللہ کے پڑھ لینے سے بہت برکت ہوتی ہے اور کسی دُعا کے شروع میں بسم اللہ کے پڑھ لینے سے وہ دُعا قبول ہوتی ہے۔ اس کے اعداد ۷۸۶ ہوتے ہیں۔ اس عدد کی گنتی کے مطابق پڑھ کر دُعا مانگنے سے تکلیفیں بیماریاں اور دکھ درد دُور ہوتے ہیں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

سوا اللہ تعالیٰ کے کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں

خاصیت: حدیث شریف میں اس کلمہ کی کئی فضیلتیں بیان کی گئی ہیں۔ جو کوئی اس کلمہ کو دن میں سو مرتبہ پڑھے گا تو انشاء اللہ اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا اور اگر کوئی اپنے مرحوم کے لیے پون لاکھ یا لاکھ کا ورد کرے گا اور ثواب پہنچائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ کریم اسے عذاب سے نجات دیگا۔ اور جو اپنے لیے ورد رکھے گا تو جنت کا حقدار ہوگا اور دوزخ سے بچ جائے گا۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور

اللّٰہُ اَکْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ

اللہ بہت بڑا ہے گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی توفیق نہیں مگر اللہ کی طرف سے جو

الْعَظِیْمِ ط

بہت بلند عظمت والا ہے۔

کَلِمَتَانِ خَفِیْفَتَانِ عَلَی اللِّسَانِ ثَقِیْلَتَانِ فِی

دو کلمے (پڑھنے میں) ہلکے زبان پر میزان عمل میں (قیامت میں)

الْمِیْزَانِ، حَبِیْبَتَانِ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ

وزنی ہوں گے اللہ تعالیٰ کو محبوب ہیں (وہ دونوں کلمے یہ ہیں) ۱۔ سبحان

بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ط (بخاری)

اللہ وبحمدہٖ ، ۲۔ سبحان اللہ العظیم۔

ہر مسلمان کو چاہیئے کہ ان کلموں کو ہر روز صبح و شام کم از کم ایک مرتبہ ضرور پڑھ لیا کرے۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ

میں بخشش چاہتا ہوں اللہ سے — اس کے سوا کوئی معبود نہیں — وہ ہمیشہ رہنے والا

الْقَيُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ ط

اور زندہ ہے — اور میں اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

فضیلت: جو شخص یہ پڑھے گا اس کے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص فجر اور عصر کی نماز کے بعد تین دفعہ یہ دُعا پڑھے گا اس کے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے۔ چاہے وہ گناہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔

رَبِّ أَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ط

اے اللہ — میں — لاچار ہوں — میری مدد فرما

فضیلت: یہ دُعا حضرت نوح علیہ السلام کی ہے مصیبت، تکلیف، قرض میں گھرا ہوا شخص زیادہ سے زیادہ تعداد میں پڑھے تو بہت فائدہ ہوگا۔ اسے صبح و شام سات یا گیارہ دفعہ پڑھ لینا بہتر ہے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ الْفِرْدَوْسَ ط

اے اللہ — بیشک میں — سوال کرتا ہوں — جنت الفردوس کے

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ أَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ط

پس اللہ بہترین حفاظت کرنے والا — اور سب سے زیادہ مہربان ہے

فضیلت: جس شخص کو دشمن کا خوف ہو یا اور کسی قسم کی مصیبت ہو تو اس دُعا کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بلائل جائے گی۔ بہتر ہے کہ صبح و شام گیارہ دفعہ پڑھے۔ اس کے ورد سے حفاظت و نگرانی ہوگی۔ جسے اپنی قوتِ حافظ مضبوط کرنی ہو اسے چاہیئے کہ نماز میں التحیات کے بعد سلام پھیرنے سے پہلے اس کو پڑھے۔

● حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اہل بیت کو جمع کر کے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو غم یا کرب پہنچے تو وُہ یوں کہے۔

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا ط

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْنَا ط

اللہ ہمارے لیے کافی ہے اور بہترین کارساز ہے ہم نے اللہ پر ہی بھروسہ کیا

فضیلت: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو نمرود نے آگ میں ڈالا تو آپؑ نے یہ دُعا پڑھی تھی اور اس کی برکت سے آپؑ آگ سے محفوظ رہے۔ چنانچہ اس دُعا کو ہر مصیبت، غم اور دکھ کے وقت میں زیادہ سے زیادہ پڑھنا چاہیئے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

کوئی معبود نہیں اس کے سوا وہ ذات پاک ہے بے شک میں ظالموں میں سے ہوں۔

فضیلت: قرآن کی اس آیت مبارکہ میں اسم اعظم ہونے کے بارے میں کئی بزرگوں کی رائے ہے۔ کوئی بھی آفت اور مصیبت کے وقت پڑھنے سے بہت فائدے ہوتے ہیں۔

جب حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی نگل گئی تھی تو آپ نے مچھلی کے پیٹ میں اس کا ورد کیا تھا۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ

اے اللہ ہم عدو کے لیے ان کے مقابلہ میں تجھے رکھتے ہیں اور ان کی شرارتوں

مِنْ شُرُوْرِھِمْ ط

سے بچنے کے لیے تیری پناہ مانگتے ہیں

فضیلت: پاکیزگی اور پابندی کے ساتھ روزانہ دُعا کا ورد زیادہ تعداد میں کرنے کے کئی فائدے ہیں روایت ہے کہ جب حضور ﷺ کو قوم کی طرف سے کوئی ڈر محسوس ہوتا تو آپ ﷺ اسے زیادہ سے زیادہ پڑھتے تھے۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ہ

اور میں اپنے تمام کام اللہ پر چھوڑتا ہوں یقیناً اللہ سب بندوں کا نگہبان ہے

فضیلت: جب لوگوں کی طرف سے تکلیف اور پریشانی ہوئی ہو تو اس کا زیادہ سے زیادہ ورد ہر تکلیف سے نجات دے گا نیز جس شخص پر مقدمہ چلتا ہو یا اس کو اس کا حق نہ ملے تو روزانہ ایک سو دفعہ پڑھنے سے انشاء اللہ اسے کامیابی ہوگی۔

رَبِّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَیْرِ وَبِكَ نَسْتَعِیْنُ ط

اے میرے اللہ آسان کر اور مشکل نہ کر اور بھلائی کے ساتھ پورا کر اور ہم تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں

فضیلت: کسی کام میں مشکلات کا سامنا ہو تو بعد نماز عشاء کے سو بار پڑھے اور ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنے سے بھی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ ہر قسم کی مصیبت پریشانی دور ہوگی اور ہر کام کا اچھا نتیجہ نکلے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل ہوگی۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ؕ

اور اللہ تمھارے دشمنوں کو اچھی طرح جانتا ہے اور اللہ کافی رفیق ہے اور اللہ کافی مددگار ہے

فضیلت: جب کسی دشمن سے خوف اور نقصان کا خطرہ ہو تو اس کا ورد زیادہ تعداد میں کرنا چاہیئے۔ اس کی برکت سے دشمن نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ بلکہ ورد کرنیوالا دشمن پر غالب رہے گا۔

اَللّٰهُ حَفِيْظٌ لَطِيْفٌ قَدِيْمٌ اَزَلِيٌّ حَيٌّ قَيُّوْمٌ لَّا يَنَامُ ؕ

اللہ حفاظت کرنے والا مہربان ہمیشہ رہنے والا، زندہ جاوید رہنے والا جسے کبھی نیند نہیں آتی

فضیلت: جو شخص سفر میں سات مرتبہ پڑھے یا لکھ کر رکھے وہ کسی حادثہ سے دوچار نہ ہوگا۔ لکھ کر مٹی میں رکھنے والے کو چوری کا خطرہ نہ ہوگا۔ روزانہ صبح و شام گیارہ بار پڑھنے والا امن میں رہے گا۔

يَا بَدِيْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ ؕ

اے عجیب چیزوں کو بھلائی کے ساتھ پیدا کرنے والے اے نئی چیزوں کے خالق

فضیلت: جب کسی کو کوئی حاجت ہو تو ۱۲ دن روزانہ ۱۲۰۰ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ اس کی

حاجت پوری ہوگی۔ روزانہ ۱۰۰ دفعہ پڑھنے سے بھی کامیابی ہوگی۔ بہت چھوٹی لیکن بہت کارآمد دُعا ہے۔ اس کا پڑھنے والا ہر قسم کی بھلائی سے مالا مال ہو جائے گا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ط

نہیں ہے کوئی معبود برحق سوائے اللہ کے وہ بادشاہ حق اور ظاہر ہے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْنُ ط

محمد ﷺ اللہ کے رسُول اور وعدے کے سچے امانت دار ہیں

فضیلت: جو انسان روزانہ سو بار اس کا ورد کرے گا اس کی روزی میں برکت ہوگی۔ عذاب قبر سے بچا رہے گا موت کے وقت اس کی روح کے جنّت میں داخلہ کے لیے تمام دروازے کھل جائیں گے۔ یہ کلمہ روضہ انور ﷺ کی جالی مبارک پر بھی لکھا گیا ہے۔ حضرت علیؓ سے روایت ہے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ط

اے ہمیشہ زندہ رہنے والے اور سب کو قائم رکھنے والے تیری رحمت کے ذریعہ فریاد چاہتا ہوں

فضیلت: حدیث شریف میں ہے کہ آنحضرت ﷺ فکر و پریشانی کے وقت پڑھتے تھے۔ فجر کے فرض اور سنّت کے درمیان ۴۰ بار پڑھنے سے ہر قسم کی فکر، پریشانی اور تکلیف سے نجات ملتی ہے اور اگر مقروض ہو تو روزانہ ۱۰۰ بار پڑھنے سے قرض سے نجات ملتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ ط

اے اللہ! مجھے آتش دوزخ سے بچا۔

فضیلت: فجر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اُٹھے بغیر اور کسی سے بات کیے بغیر پڑھتا رہے

اور اگر اسی دن یا رات کو مرجائے گا تو پروردگار اسے شہادت کا رتبہ عطا کرے گا۔

فَذَرْنِیْ وَمَنْ یُّکَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ ط

تو جو اس بات کو جھٹلاتا ہے اسے مجھ پر چھوڑ دو

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ o

قریب ہے کہ ہم انھیں آہستہ آہستہ لے جائیں گے جہاں سے انھیں خبر نہ ہوگی

وَاُمْلِیْ لَهُمْ ط اِنَّ کَیْدِیْ مَتِیْنٌ o

اور میں انھیں ڈھیل دوں گا بیشک میری خفیہ تدبیر بہت پکی ہے۔

تفصیل: میں اس کو سزا دوں گا اپنے عذاب کی طرف اس طرح کہ باوجود معصیتوں اور نافرمانیوں کے انھیں صحت و رزق سب کچھ ملتا رہے گا۔ اور وہ دم بدم عذاب کے قریب ہوتا جائے گا۔

کٓهٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا

فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ ج وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ o

پھر قریب ہی کفایت کریں گے اللہ تعالیٰ ان کو اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے

فضیلت: یہ قرآن کریم کے الفاظ ہیں۔ انکی اصلیت اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ دشمن اور حسد کرنے والوں سے بچنے کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔ جو حاکم ناراض ہو تو تین مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر ہاتھ پھیرے تو حاکم مہربان ہو جائے گا۔ روزانہ صبح و شام سات مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہر آفت و بلا سے محفوظ رکھے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی

اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ کوئی چیز زمین پر نقصان پہنچاتی ہے

الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○

اور نہ آسمان سے اور وُہ سب سننے والا اور جاننے والا ہے

فضیلت : حدیث شریف میں اس دُعاء کی بڑی فضیلت آئی ہے اور اچانک آفتوں سے اور بھیانک بیماری سے بچا رہے گا۔ صبح و شام یہ دُعاء تین مرتبہ پڑھنے سے ہر آفت و بلا سے بچائے گی۔ بچہ کو اگر نظر ہو جائے تو اس دُعاء کو پڑھ کر دم کرنے سے آرام پائے گا، اور کھانے پینے کی چیزوں پر دم کرنے سے ہر بیماری سے محفوظ رہے گا۔

فَسَهِّلْ یَا اِلٰهِیْ كُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَةِ سَیِّدِ

اے اللہ! تو ہر مشکل کو آسان کر دے حضور محمد ﷺ

الْاَبْرَارِ سَهِّلْ ○

کے طفیل سے

فضیلت : یہ دُعاء ہر نماز کے بعد پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ جو تمنا ہو گی پوری ہو گی۔ تین بار پڑھنا بہتر ہے۔

رَضِیْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا ○

ہم خوش ہوتے اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین پر اور حضرت محمد ﷺ کے نبی ہونے پر

فضیلت : یہ دُعاء حدیث شریف میں ہے کہ محمد مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا جو شخص اس دعاء کو

صبح و شام نماز کے بعد تین تین بار پڑھے گا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو اپنی رحمت سے مالا مال کر دیں گے۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ؕ

اے میرے پروردگار! ہمیں معاف کر اور رحم فرما اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔

يَا خَالِصُ يَا مُخْلِصُ يَا خَلَّاصُ بِحَقِّ مُهْتَرْ خِضَرَ

اے بخشنے والے، اے نجات دینے والے، اے جیت دینے والے حضرت خضر

وَاِلْيَاسَ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ ؕ

اور حضرت الیاس علیہما الصلوۃ والسلام کے طفیل سے

فضیلت: کسی شخص کو مقدمے میں یا قرض میں پریشانی ہو یا کوئی اور مصیبت یا آفت سے بچنے کیلیے روزانہ رات کو ستائیس مرتبہ پڑھنے سے بہت فائدے ہیں۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

ہم نے تمہارے اوپر سے تمہاری غفلت کا پردہ ہٹا لیا ہے اس لیے آج تمہاری آنکھوں کی روشنی بہت تیز ہے۔

فضیلت: یہ قرآنی آیت سورۃ قٓ کی ہے آنکھوں کی روشنی کیلیے ہر نماز کے بعد سات یا تین بار پڑھ کر انگوٹھوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرنے سے آنکھوں کی روشنی قائم رہے گی۔ اگر کم ہوگی تو زیادہ ہو جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَ

اے اللہ! میں تجھ سے اپنے عزیز و اقارب اور اولاد کے لیے معافی چاہتا ہوں اور

دُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ ○

اپنے جان و مال کی حفاظت چاہتا ہوں۔

فضیلت: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس دعا کے پڑھنے سے دنیا اور آخرت کی سلامتی اور اپنے بال بچوں اور مال کی حفاظت ہوگی۔ صبح و شام بعد نماز تین دفعہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ لَا تُھْلِکْنَا فَجَاءَۃً وَّلَا تَاْخُذْنَا بَغْتَۃً

اے اللہ ہم کو اچانک موت نہ دینا اور اچانک بیماری نہ دینا اور اچانک بیماری پکڑ نہ کرنا

وَّلَا تَغْفُلْنَا عَنْ حَقٍّ وَّلَا وَصِیَّۃٍ ○

اور کسی کا حق ادا کرنے اور وصیت پر عمل کرنے سے غافل نہ کرنا

فضیلت: یہ دعا ہر روز پڑھنے سے اچانک ہارٹ فیل کی بیماری سے اور بغیر وصیت کی بیماری سے بچا رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ

اے اللہ میرے پورے جسم میں اور میرے کان میں اور

سَمْعِیْ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ ○

میری آنکھوں میں اور میرے گھٹنوں میں صحت عطا فرما تیرے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں

فضیلت: یہ دعا صحت کے لیے ہے جو صبح و شام کو گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنے سے بہت ثواب ہوگا اور بہت فائدہ مند ہے۔

اَفْضَلُ الذِّکْرِ: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط و

اَفْضَلُ الدُّعَاءِ: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ط

ترجمہ: بہترین ذکر لا الٰہ الا اللہ ہے اور بہترین دُعا الحمد للہ ہے۔

تشریح: بہترین ذکر لا الٰہ الا اللہ دین اسلام کی بنیاد ہے۔ اس لیے بہترین ذکر لا الٰہ الا اللہ کا اقرار و اظہار ہے اور سب سے بہترین دُعا، اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا اعتراف اور اس کا شکر ادا کرنا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡکُفۡرِ فِی النَّزۡعِ وَ

اے اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں جان نکلنے کے وقت کفر سے اور

اَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡفَقۡرِ فِی الشَّیۡبِ وَ اَعُوۡذُ

میں تیری پناہ مانگتا ہوں بڑھاپے میں ضعیفی اور محتاجی سے اور میں پناہ

بِکَ مِنَ الۡعِلَّۃِ فِی الۡغُرۡبَۃِ ○

مانگتا ہوں تیری بیماری میں غربت سے

فضیلت: حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ دُعا حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کی ہے۔ جو آدمی ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ پڑھے گا تو جان نکلنے کے وقت اللہ تعالیٰ اس کو اپنی پناہ میں رکھے گا۔

برائے رفع شکایت بے خوابی

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡمَلِکُ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ ط

رات کو سوتے وقت پہلے سو مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد اس آیت کو بار بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نیند بہت اچھی آئے گی اور بے خوابی کی تکلیف دُور ہو جائے گی۔

دُعاء اور وقتِ دُعاء

اب ہم تمہاری توجہ ایک دُعاء اور وقتِ دُعاء کی طرف مبذول کراتے ہیں جو ہر کرب و شدت مرض و تکلیف، رنج و غم کے دفع کرنے کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ اس کی ابو اُمامہؓ نے رفعاً روایت کی ہے اور وُہ یہ ہے:۔

مؤذن جب اذان دیتا ہے تو آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں اور دردمند کی دُعاء قبول ہوتی ہے۔ جس شخص پر کرب و شدت کا نزول ہو وُہ مؤذن کا جواب دے اور حَیَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے وقت یوں دُعاء کرے:۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ الصَّادِقَةِ الْمُسْتَجَابِ

اے اللہ! اس سچی دُعاء کے پروردگار! جس سے

لَهَا دَعْوَةُ الْحَقِّ وَكَلِمَةُ التَّقْوٰى اَحْيِنَا عَلَيْهَا

دعوت حق اور کلمہ قبول کیے جاتے ہیں ہمیں اسی پر زندہ رکھ

وَاَمِتْنَا عَلَيْهَا وَابْعَثْنَا عَلَيْهَا وَاجْعَلْنَا مِنْ

اور اسی پر مار اور اسی پر موت کے بعد اٹھا اور زندگی میں اور موت

خِيَارِ اَهْلِهَا اَحْيَاءً وَّاَمْوَاتًا ط

کے بعد اسی راہ پر چلنے والے نیک بندوں میں کر دے۔

اور اس کے بعد حق تعالیٰ سے اپنی حاجت کا سوال عجز و نیاز سے کرے۔ (حاکم)

● یہ بھی ہمیں یاد رکھنا چاہیئے کہ ہمارے محبوب مطاع صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم دی ہے کہ جب کسی کو بھی کوئی دشوار امر پیش آئے تو وُہ رجوع بحق ہو کر کہے:۔

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَّاَنْتَ

اے اللہ! کوئی امر سہل باآسانی نہیں جب تک کہ تو اس کو آسان نہ کردے اور تو

تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَهْلًا ط (رواہ ابن حبان عن انس رفعًا وصححہ)

ہر غم کو آسان کر دیتا ہے

اسی طرح حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کو فزع یعنی گھبراہٹ کے وقت ان کلمات کے پڑھنے کی تلقین فرماتے تھے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَ

میں اللہ کے تمام کلمات تامہ سے پناہ مانگتا ہوں اس کے غضب سے اور

عِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ

مواخذہ سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطان کے وسوسوں سے

وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ ط (اخرجہ ابوداؤد والترمذی)

اور اس سے کہ یہ میرے قریب ہوں

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے جب میں بیمار تھا اور فرمایا کہ میں تجھ پر وہ کلام نہ پڑھوں جو جبرئیل نے مجھ پر پڑھا؟ میں نے عرض کیا بَلٰی بِاَبِیْ وَاُمِّیْ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

⬇

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ مِنْ دَآءٍ فِيْكَ

اللہ کے نام سے میں یہ رقیہ کرتا ہوں۔ اللہ تجھے شفا بخشے ہر مرض سے جو تجھ میں ہے

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

اور گرہوں میں پڑھ پڑھ کر پھونکنے والیوں کے شر سے اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرنے لگے

آپ ﷺ نے تین مرتبہ یہ رقیہ کیا۔ (اخرجہ الحاکم وابن شیبہ وابن ماجہ وصححہ السیوطی)

اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب کوئی آدمی گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھتا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط

تو اس وقت (اللہ تعالیٰ کی جانب سے) اُسے کہا جاتا ہے تو ہدایت وکفایت کیا گیا اور ہر قسم کی تکلیفوں، ناگہانی مصیبتوں سے بچا لیا گیا ہے۔ یہ الفاظ سنتے ہی شیطان اس سے علیحدہ ہو جاتا ہے اور دوسرا شیطان اس شیطان سے کہتا ہے۔ اب تیرا ایسے آدمی پر کس طرح قبضہ ہو سکتا ہے جو کہ ہدایت وکفایت کیا گیا ہے اور ہر قسم کی تکلیفوں، مصیبتوں اور پریشانیوں سے بچا لیا گیا ہے۔ (ابوداؤد)

فائدہ : یہاں پر ایک بات ضروری یاد رکھنی چاہیئے اور وُہ یہ ہے کہ جس روز آپ صبح گھر سے نکلتے وقت یہ دُعا پڑھیں گے تو اس روز آپ کو کوئی حادثہ یا کوئی اور ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ط

یا اللہ مجھے بڑی تکلیف ہے اور تو سب سے بڑا مہربان ہے۔ (لہٰذا میری تکلیف دُور کر)

فضیلت : جو شخص بعد نماز فجر کسی سے بات چیت کیے بغیر ۱۰۰ مرتبہ پڑھے گا، اس کی اللہ تعالیٰ دینی و دنیاوی تمنائیں پوری کرے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ ط

اللہ میرا نگہبان اللہ میرا مددگار اللہ میرے سامنے حاضر اللہ میرے ساتھ ہے

فضیلت : یہ چار حرف کسی ڈر یا خوف کی جگہ پر یا سفر میں ہو یا اندھیری رات ہو ایسے موقع پر پڑھنے سے دل سے خوف اور ہر بلا اور ہر پریشانی سے بچا رہے گا۔

کلمات خیر و برکت

کوئی کام شروع کرو تو کہو	بِسْمِ اللّٰہِ	شروع اللہ کے نام سے
چھینک آئے تو کہو	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ	شکر اللہ کے لیے ہے
اللہ کے نام پر دو تو کہو	فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ	اللہ تعالیٰ کی راہ میں
کچھ کرنے کا ارادہ ہو تو کہو	اِنْشَاءَ اللّٰہُ	اگر اللہ نے چاہا
کوئی اچھی خبر سنو تو کہو	سُبْحَانَ اللّٰہِ	اللہ تعالیٰ پاک ہے
کسی کو تکلیف ہو تو کہو	یَا اَللّٰہُ	اے میرے اللہ
کسی کی تعریف کرنا ہو تو کہو	مَاشَاءَ اللّٰہُ	جو اللہ نے چاہا
سو کر اٹھو تو کہو	لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ	اللہ کے سوا کوئی نہیں
شکریہ ادا کرنا ہو تو کہو	جَزَاکَ اللّٰہُ	اللہ تمھیں بدلہ دے
کسی کو رخصت کرنا ہو تو کہو	فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ	اللہ کی حفاظت میں
جب خوشگواری ہو تو کہو	تَبَارَکَ اللّٰہُ	اللہ تعالیٰ برکت والا ہے
جب ناگواری ہو تو کہو	نَعُوْذُ بِاللّٰہِ	اللہ تعالیٰ کی پناہ درکار ہے

غلط کام پر افسوس کرنا ہو تو کہو - أَسْتَغْفِرُ اللهَ - - - - اللہ سے معافی چاہتا ہوں

جب مدد درکار ہو تو کہو - - يَا رَسُوْلَ اللهِ - - - - اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ

موت کی خبر سنو تو کہو - - - اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ - - ہم اللہ کے لیے ہیں اور اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے

حقوق النّاس (احادیث نبویؐ کی روشنی میں)

حقوقِ والدین

حقوقِ والدین دنیا میں سب سے زیادہ اہم ہیں اور بقیہ تمام حقوق النّاس پر فوقیت اور فضیلت رکھتے ہیں۔

حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:۔

- ماں باپ کے حقوق کی ادائیگی روزہ، نماز، حج، زکوۃ سب سے زیادہ ہے اور جس کو اس کے ماں باپ نے عاق کر دیا وہ جنّت میں نہ جا سکے گا۔
- اگر ماں باپ کے نام پر صدقہ دیتا ہے تو خود کو اتنا ہی ثواب ملتا ہے جتنا ماں باپ کو۔
- ایک شخص نے عرض کیا کہ میرے ماں باپ مر گئے ہیں ان کے حقوق کس طرح ادا کروں، تو حکم ہوا کہ ان کے لیے نماز پڑھ اور دُعا کر، ان کے دوستوں کی عزت کر۔ اور جو وہ وصیت کر گئے ہیں اس پر عمل کر۔ اور ان کے قریبی لوگوں سے مراعات کر۔ یہ بھی ارشاد فرمایا کہ باپ کے مقابلہ میں ماں کا حق دوگنا ہے۔
- مسلمانو! اپنے والدین کے ساتھ نیکی کا برتاؤ کرو تاکہ تمہاری اولاد بھی تمہارے ساتھ نیکی سے پیش آئے۔ (الادب المفرد)
- اللہ تعالیٰ کی رضا ماں باپ کی رضا میں اور اللہ تعالیٰ کا غضب ماں باپ

کے غصّہ میں پوشیدہ ہے۔ (الادب المفرد)

● ——— کبیرہ گناہوں میں سب سے بڑا گناہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا ہے اور ماں باپ کی نافرمانی کرنا ہے۔ (بخاری)

● ——— تین شخص ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے جنّت کو حرام کر دیا ہے، ان میں سے ایک ماں باپ کا نافرمان بھی ہے۔ (الادب المفرد)

● ——— ہر گناہ کے بدلے میں عذاب اور ہر جرم کی گرفت کو مؤخر کیا جاسکتا ہے۔ لیکن ماں باپ کی نافرمانی کا گناہ ایسا سخت ہے کہ اس کا مواخذہ مرنے سے پہلے ہی کر لیا جاتا ہے۔ (الادب المفرد)

● ——— جو آدمی اپنے ماں باپ کے مرنے کے بعد ان کا قرض ادا کر دیتا ہے اور ان کی مانی ہوئی بات پُوری کر دیتا ہے وُہ اگرچہ زندگی میں ان کا نافرمان رہا ہو، پھر بھی وُہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان کا فرمانبردار سمجھا جائے گا، اور جو آدمی اپنے ماں باپ کے مرنے کے بعد نہ اُن کا قرض اُتارتا ہے، نہ مانی ہوئی مَنت کو پُورا کرتا ہے، وُہ اگرچہ زندگی میں ان کا فرمانبردار رہا ہو، پھر بھی اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان کا نافرمان سمجھا جائے گا۔ (الادب المفرد)

● ——— وُہ آدمی ذلیل ہو، پھر ذلیل ہو، پھر ذلیل ہو۔ لوگوں نے پوچھا اے اللہ کے رسولؐ! کون آدمی؟ آپ ﷺ نے فرمایا وُہ آدمی جس نے اپنے ماں باپ کو بڑھاپے کی حالت میں پایا، دونوں کو پایا یا کسی ایک کو۔ اور پھر (ان کی خدمت کر کے) جنّت میں داخل نہ ہوا۔ (مسلم)

● ——— تمھارا مال اور تم اپنے والدین کے لیے ہو، بیشک تمھاری اولاد تمھاری پاک کمائی ہے اس لیے تم اپنی اولاد کی کمائی سے بلا تکلف کھاؤ۔ (ابن ماجہ)

● ——— جو بھی نیک اولاد ماں باپ پر محبّت بھری ایک نظر ڈالتی ہے اس کے بدلے اللہ تعالیٰ ایک حج مقبول کا ثواب بخشتا ہے۔ لوگوں نے پوچھا اے اللہ کے رسُولؐ! اگر کوئی ایک دن میں سو بار اسی طرح رحمت و محبت کی نظر ڈالے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا! ہاں۔ اگر کوئی

سو بار ایسا کرے تب بھی۔ اللہ تعالیٰ (تمہارے تصور سے) بہت بڑا اور (تنگدلی جیسے عیبوں سے) بالکل پاک ہے۔ (مسلم)

واضح ہو کہ ماں باپ کا حق بہت ہی بڑا ہے۔ حتیٰ کہ اگر ان سے اولاد کے حق میں کوئی ایسی کارروائی سرزد بھی ہو جائے جو انصاف کے خلاف ہو، تب بھی ان کی اطاعت سے سرتابی نہ کرنی چاہیئے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور ناراضگی ماں باپ کی خوشی و ناخوشی پر موقوف ہے۔ والدین کی خدمت کا یہ تتمہ سمجھنا چاہیئے کہ ان کے انتقال کے بعد ان کے ملنے والوں اور ان کے دوستوں کی تعظیم کرے۔ اور ان کے ساتھ سلوک اور احسان سے پیش آتے۔ ماں باپ کی فرمانبرداری سے صرف ایک صورت میں پہلوتہی کی گنجائش ہے اور وہ یہ کہ اگر والدین کسی ایسے کام کو کرنے کے لیے مجبور کریں جو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے صریح احکام کے خلاف ہو تو ایسے موقع پر خوش اسلوبی کے ساتھ اپنی معذوری کا اظہار کر دے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا اخْتَلَفَ

الٰہی رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر جہانتک دن رات آتے جاتے

الْمَلَوَانِ وَتَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَكَرَّ الْجَدِيْدَانِ وَ

رہیں اور ایک کے بعد دن اور رات اور پھیرا کرتے دن رات اور دو تارے پھیرا کرکے اور

اسْتَقْبَلَ الْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَهٗ وَاَرْوَاحَ

جو قطب شمالی کے آس پاس سے اور استقبال کرتے رہے اور ہماری طرف سے آپ

اَهْلِ بَيْتِهٖ مِنَّا التَّحِيَّةَ وَالسَّلَامَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

کی روح کو اور آپ کے خاندان کی روحوں کو تحیت اور برکت اور بہت

عَلَيْهِ كَثِيْرًا ۝

سلام نازل فرمائیں

فضیلت : ایک شخص بہت ہی پریشان تھا اس کے دل میں خواہش تھی کہ رحمۃ اللعلمین ﷺ سے ملاقات ہو تو اپنی پریشانیاں بیان کرے۔ ایک رات اسکو خواب میں حضور اکرم ﷺ سے ملاقات ہوئی۔ حضور ﷺ نے خواب میں بشارت دی۔ آپ ﷺ نے فرمایا "سلطان محمود کے پاس جاؤ اور جا کے کہو کہ آپ سونے سے پہلے تیس ہزار مرتبہ اور صبح جاگنے کے بعد تیس ہزار جن پر درود بھیجتے ہو میں انہی کے پاس سے بھیجا ہوا آیا ہوں اور پھر اپنی پریشانیاں بیان کیں۔ سلطان محمود نے اس کی پریشانیوں کو دُور کر دیا۔ بادشاہ کے درباری حیران تھے کہ صبح و شام تیس تیس ہزار مرتبہ دُرود شریف پڑھتے ہوئے ہم نے کبھی دیکھا نہیں ہے۔ بادشاہ نے ان لوگوں سے کہا کہ یہ دُرود مجھ کو عالموں سے حاصل ہوا ہے ان بزرگوں کا کہنا تھا کہ صبح و شام تین تین بار پڑھنے سے اس کا ثواب تیس ہزار کے برابر ہوگا۔ پس میں ہمیشہ صبح و شام تین تین بار پڑھ لیتا ہوں، لہٰذا تم بھی پڑھا کرو۔

نعت

آرزو ہے یہی اپنے دل میں ‏ ‏ مل کے ہم سب مدینے کو جائیں
دُھوم سے نکلیں ہم اپنے گھر سے ‏ ‏ جھومتے ہم مدینے کو جائیں
اے خُدا التجا ہے یہ میری ‏ ‏ عشقِ احمد میں یوں موت آئے

جان دے دُوں نبیؐ کے قدم پر — اور وہیں مجھ کو دفنایا جائے

آنکھ جھپکے تو اس طرح جھپکے — نیند آئے تو اس طرح آئے

اُن کی چوکھٹ پہ ہم سو رہے ہوں — اور اذانِ بلالی جگاتے !!

لطف جب ہے درِ مصطفےٰؐ پر — سر جھکاتے ہی دم ٹوٹ جائے!

آبِ کوثر سے ہو غسل رضواں — ہر فرشتہ جنازہ اٹھائے

یا نبیؐ ہم کو سب کچھ ملا ہے — موت پر بھی نگاہِ کرم ہو جائے

خاکِ طیبہ ہو ہم کو میسر — قبر نور سے جگمگائے

آبرو میرے آقا بچانا — کیونکہ دشمن ہوا ہے زمانہ

یا محمد ﷺ نہ تم روٹھ جانا — چاہے سارا جہاں روٹھ جائے

عظمتِ مصطفےٰ کیا بیاں ہو — شان میرے نبیؐ کی نہ پوچھو

بہرِ تعظیم سارا زمانہ — جن کی چوکھٹ پہ سر کو جھکائے

آرزو ہے یہی اپنے دل میں — مل کے ہم سب مدینے کو جائیں

دھوم سے نکلیں ہم اپنے گھر سے

جھومتے ہم مدینے کو جائیں

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

تَمَّتْ بِالْخَیْرِ

دُعا مانگنے کی فضیلت کا بیان

۱۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:۔

دُعا مانگنا بعینہٖ عبادت ہے۔ پھر آپ ﷺ نے (بطورِ دلیل) قرآن کریم کی یہ آیت تلاوت فرمائی

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ

اور تمہارے رب نے فرمایا ہے مجھ سے دعا مانگا کرو میں تمہاری دُعا قبول کروں گا بیشک جو لوگ

يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ

(ازراہِ تکبر) میری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں وہ ضرور جہنم میں داخل

دَاخِرِينَ ۝

ہوں گے ذلیل وخوار ہوکر

۲۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، تم میں سے جس شخص کے لیے دُعا کا دروازہ کھول دیا گیا (یعنی دُعا مانگنے کی توفیق دے دی گئی) اس کے لیے رحمت کے دروازے کھول دیئے گئے اللہ تعالیٰ سے جو دُعائیں مانگی جاتی ہیں ان میں اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسندیدہ یہ ہے کہ اس سے (دنیا اور آخرت میں) عافیت کی دُعا مانگی جائے۔ اسی حدیث کے بعض طرق میں فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ (اس کے لیے جنت کے دروازے کھول دیئے گئے) اور بعض طرق میں فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْإِجَابَةِ (اس کے لیے قبولیت کے دروازے کھول دیئے گئے) آیا ہے تینوں الفاظ کا مطلب ایک ہی ہے۔

۳۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، دُعا کے سوا کوئی چیز قضاء (تقدیر کے فیصلہ) کو رد نہیں کر

سکتی، اور نیکی (عمل خیر) کے سوا کوئی چیز عمر کو نہیں بڑھا سکتی۔

۴۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ :۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قضاء، قدر سے بچنے کی کوئی تدبیر فائدہ نہیں دیتی (ہاں) اللہ سے دُعاء مانگنا اس (آفت اور مصیبت) میں بھی نفع پہنچاتا ہے جو نازل ہو چکی اور اس (مصیبت) میں بھی جو ابھی تک نازل نہیں ہوئی اور بے شک بلا نازل ہونے کو ہوتی ہے کہ اتنے میں دُعاء اس سے جا ملتی ہے پس قیامت تک ان دونوں میں کشمکش ہوتی رہتی ہے (اور انسان دُعاء کی بدولت اس بلا سے بچ جاتا ہے)

۵۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ :۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں دُعاء سے زیادہ اور کسی چیز کی وقعت نہیں۔

۶۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ :۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے کوئی سوال نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس شخص سے ناراض ہو جاتے ہیں۔ اسی حدیث کے بعض طرق میں مَنْ لَّمْ يَدْعُ اللهَ غَضِبَ عَلَيْهِ (جو اللہ تعالیٰ سے دُعاء نہیں مانگتا اللہ اس سے ناراض ہو جاتا ہے) آیا ہے۔ (دونوں کا مطلب ایک ہی ہے)۔

۷۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ :۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے خطاب کر کے فرمایا، تم اللہ سے دُعاء مانگنے میں عاجز نہ ہو (اور کوتاہی نہ کرو) اس لیے کہ دُعاء (کرتے رہنا) کی صورت میں ہرگز کوئی شخص (کسی ناگہانی آفت سے) ہلاک نہ ہوگا۔

۸۔ ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ :۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اسکی دُعاء سختیوں اور مصیبتوں کے وقت قبول فرمائیں تو اس کو چاہیے کہ وہ فراخی اور خوشحالی میں بھی کثرت سے دُعاء مانگا کرے۔

۹۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دُعا مومن کا ہتھیار ہے، دین کا ستون ہے اور آسمان و زمین کا نور ہے۔

۱۰۔ ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ:۔

ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایسی قوم کے پاس سے گذرے جو (کسی مصیبت میں) گرفتار تھی، تو ان کی حالت دیکھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا یہ لوگ اللہ تعالیٰ سے عافیت کی دُعا نہیں مانگا کرتے تھے۔

۱۱۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو بھی مسلمان (کسی چیز کے) مانگنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی جانب اپنا منہ اٹھاتا ہے (اور دُعا مانگتا ہے) اللہ تعالیٰ اس کو وُہ چیز ضرور دیتے ہیں، یا وہی چیز اس کو فی الفور دے دیتے ہیں یا اس کے واسطے (دنیا یا آخرت میں) اس کو ذخیرہ کر دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے ذکر کی فضیلت کا بیان

۱۔ حدیث قدسی میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:۔

میں اپنے بندہ کے گمان کے ساتھ ہوں (جیسا وُہ میرے متعلق گمان رکھتا ہے میں ویسا ہوتا ہوں) اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وُہ میرا ذکر کرتا ہے چنانچہ اگر وُہ اپنے دل میں میرا ذکر کرتا ہے تو میں بھی اپنی تنہائی میں اسے یاد کرتا ہوں اور اگر وُہ کسی مجمع میں میرا ذکر کرتا ہے تو میں بھی اس کے مجمع سے بہتر مجمع میں (فرشتوں کے مجمع میں) اس کا ذکر کرتا ہوں۔

۲۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:۔

کیا میں تمھیں وہ عمل نہ بتاؤں جو تمھارے اعمال میں سب سے زیادہ بہتر ہے اور تمھارے

مالک (پروردگار) کے نزدیک سب سے زیادہ پاکیزہ ہے اور تمہارے درجات کو سب سے زیادہ بلند کرنے والا ہے اور سونے چاندی کے (اللہ تعالیٰ کی راہ میں) خرچ کرنے سے بھی بہتر ہے اور اس سے بھی بہتر ہے کہ تم اپنے دشمن سے (میدانِ جہاد میں) مقابلہ کرو اور پھر تم ان کی گردنیں کاٹو اور وہ تمہاری گردنیں کاٹیں؟ (صحابہؓ نے عرض کیا) کیوں نہیں یارسول اللہ ﷺ ضرور بتلایئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا (وہ عمل) اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے۔

۳۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی صدقہ (عملِ خیر) اللہ تعالیٰ کے ذکر سے افضل نہیں ہے۔

۴۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسول اللہ ﷺ نے بتلایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے (اس پر مامور ہیں) کہ راستوں میں گھوم پھر کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والوں کو تلاش کرتے رہتے ہیں۔ پس جب وہ کسی جماعت کو اللہ جل شانہٗ کا ذکر کرتے ہوئے پاتے ہیں تو آپس میں ایک دوسرے کو آواز دیتے ہیں کہ آؤ اپنے مقصود (ذکر اللہ) کی طرف آجاؤ، تو سب فرشتے مل کر آسمانِ دنیا تک ان ذکر کرنے والوں کو اپنے بازوؤں کے سایہ میں لے لیتے ہیں۔ آخر حدیث تک۔

۵۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس شخص کی مثال جو اپنے پروردگار کا ذکر کرتا ہے اور اس شخص کی جو اپنے پروردگار کا ذکر نہیں کرتا "زندہ" اور "مُردے" کی سی مثال ہے۔

۶۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسول اللہ ﷺ نے بتلایا کہ جب بھی کوئی جماعت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کے لیے بیٹھتی ہے تو فوراً (رحمت کے) فرشتے ان کو (چاروں طرف سے) گھیر لیتے ہیں اور (اللہ تعالیٰ کی) رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے۔ سکون و اطمینان ان پر برسنے لگتا ہے اور اللہ تعالیٰ ان (فرشتوں) سے ان ذکر کرنے والوں کا تذکرہ کرتے ہیں جو اس کے پاس (موجود رہتے) ہیں۔

۷۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

ایک صحابیؓ نے عرض کیا، یارسُول اللہ ﷺ! "اسلام" کے (موجب اجر و ثواب) احکام تو بہت ہو گئے۔ آپ ﷺ تو مجھے کوئی ایسی چیز بتلا دیجئے جس کو میں مضبوط پکڑ لوں (اور برابر کرتا رہوں) آپ ﷺ نے فرمایا: "تمھاری زبان برابر اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر رہنی چاہیئے۔

۸۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

ایک صحابی (معاذ بن جبلؓ) کہتے ہیں کہ آخری بات جس پر میں رسول اللہ ﷺ سے جُدا ہوا ہوں وُہ یہ ہے کہ میں نے آپ ﷺ سے دریافت کیا کہ کون سا عمل اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (وُہ عمل یہ ہے) کہ تمھیں اس حالت میں موت آئے کہ تمھاری زبان اللہ کے ذکر سے تر ہو۔

۹۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

انہی صحابی (معاذؓ) نے عرض کیا: یارسُولؐ اللہ آپ ﷺ مجھے (کچھ) وصیّت کیجئے آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے مقدور بھر اللہ تعالیٰ کے تقویٰ (خوف و خشیۃ) کو اپنے اوپر لازم کر لو اور ہر حجر و شجر کے پاس (یعنی ہر جگہ) اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کرو اور جو بھی کوئی بُرا کام کر بیٹھو فوراً اللہ تعالیٰ کے سامنے اس سے از سرِ نو توبہ کرو، پوشیدہ گناہ کی پوشیدہ توبہ، اور علانیہ گناہ کی علانیہ توبہ۔"

۱۰۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کسی بھی آدمی نے کوئی ایسا عمل نہیں کیا جو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے زیادہ اس کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نجات دلانے والا ہو۔

۱۱۔ اسی روایت میں آیا ہے کہ:۔

صحابہ نے عرض کیا: (یارسولؐ اللہ) نہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (ہاں) نہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد، بجز اس شخص کے جو اپنی تلوار سے دشمنوں کی گردنیں اس قدر کاٹے کہ وُہ ٹوٹ جائے (آخری جملہ) آپ ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا۔

۱۲۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

اگر ایک آدمی کی گود میں درہم (روپے بھرے) ہوں اور وہ ان کو (برابر) تقسیم کر رہا ہو اور دوسرا آدمی برابر اللہ تعالیٰ کا ذکر کر رہا ہو تو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا اُس (درہم تقسیم کرنے والے) سے افضل و اعلیٰ ہوگا۔

۱۳۔ ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ:۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب تم بہشت کے سبزہ زاروں میں گزرا کرو تو سیر ہو کر چر لیا کرو (یعنی ذکر اللہ کی نعمت خُوب اچھی طرح حاصل کر لیا کرو) صحابہؓ نے عرض کیا، بہشت کے باغ کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ذکر کے حلقے (مجمعے)

۱۴۔ ایک اور حدیث قدسی میں ہے کہ:۔

اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آج تمام محشر کو معلوم ہو جائے گا کہ کرم (عزت و احترام) کے لائق کون لوگ ہیں؟ تو رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا: یا رسُولؐ اللہ، عزت و احترام کے لائق کون لوگ ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وُہ مسجدوں میں ذکر کی مجلسیں منعقد کرنے والے (ذاکرین) ہیں۔

۱۵۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

ہر آدمی کے دل کی دو کوٹھڑیاں ہوتی ہیں ایک میں فرشتہ (رہتا ہے) اور دوسری میں شیطان۔ پس جب وُہ شخص اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مصروف ہو جاتا ہے تو شیطان پیچھے ہٹ جاتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کرتا تو شیطان اپنی چونچ اس کے دل میں رکھ دیتا ہے (یعنی اس کے دل پر مسلط ہو جاتا ہے) اور (طرح طرح کے) وسوسے ڈالتا رہتا ہے۔

۱۶۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

جس شخص نے فجر کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کی اور پھر سُورج نکلنے تک (وہیں) بیٹھا ہوا اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہا، پھر دو رکعتیں (اشراق کی) پڑھیں (پھر مسجد سے واپس آیا) تو اس کو ایک "حج" اور ایک "عمرہ" کی مانند اجر ملے گا۔ پورے (حج اور عُمرہ) کا، پورے حج اور عمرہ کا، پورے حج اور عمرہ کا۔

اسی روایت کے دوسرے الفاظ یہ ہیں: وُہ ایک حج اور ایک عُمرہ کا اجر لے کر (مسجد سے) واپس ہوگا۔

۱۷۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے :۔

(ذکر اللہ سے) غافل لوگوں (کے ماحول) میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا اس مُجاہد کی مانند ہے جو (میدانِ جنگ سے) بھاگنے والوں (کی جماعت) میں ثابت قدم رہا۔

۱۸۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ :۔

جو کوئی جماعت کسی بھی مجلس میں جمع ہوئی اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کیے بغیر وہاں سے منتشر ہو گئی تو یوں سمجھو کہ وُہ ایک مُردار گدھے کی نعش پر (جمع ہوئے تھے اور اسے کھا کر) منتشر ہو گئے اور ان کی یہ مجلس قیامت کے دن ان کے لیے بڑی حسرت و افسوس کا موجب ہوگی۔

۱۹۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ :۔

جو شخص بھی کسی راستہ پر (کسی کام کے لیے) چلا اور اس (اثنا) میں اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کیا تو یہ (غفلت) اس کے لیے حسرت و حرمان کا موجب ہوگی اور جو شخص بھی اپنے بستر پر لیٹا اور اس نے اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کیا تو یہ (غفلت) اس کے لیے حسرت و حرمان کا موجب ہوگی۔

۲۰۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ :۔

ایک پہاڑ دوسرے پہاڑ کو اس کا نام لے کر آواز دیتا ہے کہ اے فلاں (پہاڑ) کیا تیرے پاس سے کوئی ایسا آدمی گذرا ہے جس نے (گذرتے وقت) اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا ہو تو جب وُہ (جواب میں) کہتا ہے "ہاں" تو وُہ خوش ہوتا ہے (اور اس کو) مبارکباد دیتا ہے۔ آخر حدیث تک۔

۲۱۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ :۔

اللہ تعالیٰ کے نیک بندے وُہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لیے سورج، چاند، ہلال اور ستاروں اور سایوں کی دیکھ بھال رکھتے ہیں (اور ہر وقت اور موقع کے مناسب اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں)۔

۲۲۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ :۔

(قیامت کے دن) جنّت والے کسی چیز پر افسوس نہ کریں گے بجز اس ساعت کے جو ان پر گذرہ

گی اور اس میں انھوں نے اللہ کا ذکر نہیں کیا۔ کاش اس ساعت میں بھی ہم اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے اور اس کا بھی اجر و ثواب پاتے)

۲۳۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

تم اتنی کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کرو کہ لوگ تم کو دیوانہ کہنے لگیں۔

۲۴۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسول اللہ ﷺ صحابہ کو حکم فرمایا کرتے تھے کہ وہ تکبیر (اَللّٰہُ اَکْبَرُ) تقدیس (سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ) اور تہلیل (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) کی تعداد کا خیال رکھا کریں اور انھیں انگلیوں پر شمار کیا کریں۔ فرمایا اس لیے کہ قیامت کے دن ان انگلیوں سے دریافت کیا جائے گا اور انھیں (قوت گویائی دے کر) بلوایا جائے گا (اور وہ بتلائیں گی کہ کتنی تعداد میں تکبیر و تقدیس و تہلیل کی تھی)

۲۵۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسول اللہ ﷺ نے عورتوں سے خطاب کر کے فرمایا تم تسبیح (سُبْحَانَ اللّٰہِ) تقدیس (سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ) اور تہلیل (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) کو اپنے اوپر لازم کر لو اور (کبھی) ان سے غفلت نہ کرو کہ تم اللہ تعالیٰ کی رحمت سے فراموش (محروم) کر دی جاؤ۔

۲۶۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سیدھے ہاتھ کی انگلیوں پر تسبیح پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔

۲۷۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے صبح کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے لوگوں کے ساتھ بیٹھنا اس سے زیادہ پسندیدہ ہے کہ میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی نسل کے چار غلاموں کو آزاد کر دوں۔ اور (اسی طرح) میں ان لوگوں کے ساتھ بیٹھوں جو عصر کی نماز کے بعد سے سورج ڈوبنے تک اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے رہتے ہیں۔ یہ مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ میں چار غلام

(اولادِ اسمٰعیلؑ کے) آزاد کروں۔

۲۸۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تنہا سفر کرنے والے سبقت لے گئے، صحابہ نے عرض کیا (یا رسُولؐ اللہ) یہ تنہا سفر کرنے والے کون لوگ ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے مرد اور عورتیں۔

اسی روایت کے دوسرے الفاظ میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے شیدائی یہ اللہ کا ذکر ان کے (گناہوں کے) بوجھ ہلکے کرتا رہتا ہے چنانچہ وُہ قیامت کے دن (اللہ تعالیٰ کے دربار میں) ہلکے پھلکے ہو کر آئیں گے۔

۲۹۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسُول اللہ ﷺ نے بتلایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ بن زکریا (علیہما السلام) کو پانچ باتوں کا حکم دیا کہ وُہ خود بھی ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو بھی حکم دیں کہ وُہ بھی ان پر عمل کریں (راوی نے) پوری حدیث بیان کی، یہاں تک کہ حضرت یحییٰ علیہ السلام نے کہا کہ میں تم کو حکم دیتا ہوں کہ تم (کثرت سے) اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کرو اس لیے کہ اس ذکر کرنے والے کی مثال اس شخص کی سی ہے جس کے تعاقب میں دشمن انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ نکلا ہو، اور وُہ (شخص بھاگتے بھاگتے) ایک محفوظ قلعے تک پہنچ گیا ہو اور اس میں پناہ گزیں ہو کر دشمن سے اپنی جان بچالی ہو۔ بالکل اسی طرح اللہ تعالیٰ کا بندہ (اپنے دشمن) شیطان سے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے سوا اور کسی چیز سے اپنے کو نہیں بچا سکتا۔

۳۰۔ رسُول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم دنیا میں کچھ لوگ نرم و گداز بستروں پر لیٹ کر بھی (سونے کی بجائے) اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کرتے ہیں، انھیں اللہ تعالیٰ جنّت کے اعلیٰ درجات میں داخل فرمائے گا۔

۳۱۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:۔

رسُول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بیشک وُہ لوگ جن کی زبانیں ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے ذکر

سے تر (و تازہ) رہتی ہیں وُہ ہنستے ہوئے جنت میں جائیں گے۔"

دُعار مانگنے کے آداب کا بیان

دُعار مانگنے کے بعض آداب تو رُکنیّت کے درجہ کو پہنچتے ہیں اور بعض شرط کے درجے کو پہنچتے ہیں (یعنی بعض رکن ہیں اور بعض شرط) اور کچھ مامورات ہیں (جن کے اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے) اور کچھ منہیات ہیں (جن سے منع کیا گیا ہے) وُہ آداب یہ ہیں۔

۱۔ کھانے، پینے، پہننے اور کمانے (روزی کمانے کے ذرائع) میں حرام سے بچنا۔ (شرط)

۲۔ اللہ جل شانہ کے لیے اخلاص۔ (رکن)

۳۔ دُعار مانگنے سے پہلے کوئی نیک کام کرنا (مثلاً صدقہ دینا، یا نماز پڑھنا وغیرہ) سختیوں اور مُصیبتوں کے وقت خاص طور پر اپنے نیک اعمال کا ذکر کرنا۔ (یعنی ان کے واسطے سے دُعار مانگنا) (مستحب)

۴۔ (ناپاکی اور نجاست، گندگی اور غلاظت سے) پاک اور (میل کچیل سے) صاف (دستھرا) ہونا۔ (مستحب)

۵۔ وضور کرنا۔ (مستحب)

۶۔ قبلہ کی طرف رُخ کرنا۔ (مستحب)

۷۔ (دُعار مانگنے سے پہلے) نماز (حاجت) پڑھنا۔ (مستحب)

۸۔ (دُعا مانگنے کے لیے) دوزانو بیٹھنا۔ (مستحب)

۹۔ (دُعا مانگنے سے) پہلے اور بعد میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنار کرنا۔ (مستحب)

۱۰۔ اسی طرح (دُعار کے) اوّل و آخر میں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درُود بھیجنا۔ (مستحب)

۱۱۔ دونوں ہاتھ پھیلا کر دُعار مانگنا۔ (مستحب)

۱۲۔ (سائل کی طرح) دونوں ہاتھ اوپر اٹھانا۔ (مستحب)

۱۳۔ دونوں ہاتھوں کو مونڈھوں تک اٹھانا۔ (مستحب)

۱۴۔ دونوں ہاتھوں کو کھلا رکھنا۔ (مستحب)

۱۵۔ (دُعار کے وقت قولاً اور عملاً) اللہ تعالیٰ کے شایان شان آداب واحترام کو اختیار کرنا۔ (مستحب)

۱۶۔ (دُعار مانگنے میں) عاجزی اور انکساری اختیار کرنا۔ (مستحب)

۱۷۔ گڑگڑانا۔ (مستحب)

۱۸۔ دُعار مانگنے کے وقت آسمان کی جانب نگاہ نہ اٹھانا۔ (مکروہ)

۱۹۔ اللہ جلّ شانہ کے "اسمارِ حسنیٰ" اور اعلیٰ صفات کا واسطہ دے کر مانگنا۔ (مستحب)

۲۰۔ دُعار میں بتکلف قافیہ بندی سے پرہیز کرنا۔ (مکروہ)

۲۱۔ دُعار میں بالقصد نغمہ سرائی اور بتکلف خوش الحانی اختیار کرنا۔ (مکروہ)

۲۲۔ انبیار علیہم السلام کے وسیلہ سے دُعار مانگنا۔ (مستحب)

۲۳۔ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں (اولیار اللہ) کے وسیلے سے دُعا مانگنا۔ (مستحب)

۲۴۔ دُعار میں آواز کو پست رکھنا۔ (نیچی آواز میں دُعار مانگنا۔ (مستحب)

۲۵۔ اپنے گناہوں کا اقرار کرنا۔ (مستحب)

۲۶۔ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو دُعائیں صحیح احادیث میں منقول ہیں انہی کو اختیار کرنا کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی دوسرے کو بتلانے کی ضرورت ہی نہیں چھوڑی ہے، (یعنی وہ تمام ضروریات وحوائج جن کے لیے انسان دُعار مانگتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب کے لیے دُعائیں بتلا دی ہیں)۔ (مستحب)

۲۷۔ جامع (تمام ضروریات وحوائج پر حاوی) دُعائیں اختیار کرنا۔ (مستحب)

۲۸۔ اپنی ذات سے دُعار شروع کرے اور پھر اپنے ماں باپ اور تمام مومن بھائیوں کیلیے دُعار کرے۔ (یعنی پہلے اپنے لیے پھر درجہ بدرجہ اوروں کے لیے دُعا مانگے)۔ (مستحب)

۲۹۔ اگر امام ہو تو تنہا اپنے لیے دُعا نہ مانگے بلکہ اپنے اور تمام مقتدیوں کے لیے دُعا مانگے مثلاً "میری" کی بجائے "ہماری" یا "میں" کے بجائے "ہم" کے الفاظ استعمال کرے۔ (مستحب)

۳۰۔ پورے یقین کے ساتھ اور قطعی طور پر دُعا مانگنا (کہ اللہ تعالیٰ دُعا یقیناً قبول کرتے ہیں اور میں کسی تردد و تذبذب کے دُعا مانگتا ہوں۔ نیز دُعا کو اپنی طرف سے کسی چیز پر موقوف بھی نہ کرے۔ مثلاً یہ نہ کہے کہ اگر تو چاہے تو میرا قرض ادا کر دے، بلکہ اس طرح دُعا مانگے "الٰہی میرا قرض ادا کر دے"۔ (رکن)

۳۱۔ انتہائی رغبت و شوق کے ساتھ دُعا مانگے (بے ادبی سے دُعا نہ مانگے)۔ (مستحب)

۳۲۔ دل (کی گہرائیوں) سے پوری کوشش و محنت سے دُعا مانگے اور دل (دُعا کی طرف) پوری طرح متوجہ ہو اور اللہ تعالیٰ سے حسنِ ظن رکھے۔ (رکن)

۳۳۔ ایک ہی دُعا بار بار مانگنے کا کم سے کم درجہ تین مرتبہ ہے یعنی ہر دُعا کم سے کم تین مرتبہ مانگے۔ (مستحب)

۳۴۔ کسی دُعا پر اصرار نہ کرے (کہ میری یہ دُعا تجھے قبول کرنی ہی ہوگی)۔ (مکروہ)

۳۵۔ کسی گناہ کی یا قطع رحمی کی دُعا نہ کرے۔ (شرط)

۳۶۔ جو چیز روزِ ازل سے ہو چکی ہے اس (کے خلاف) دُعا نہ مانگے (مثلاً الٰہی تو مجھے عورت سے مرد یا مرد سے عورت بنا دے)۔ (شرط)

۳۷۔ دُعا میں حد سے تجاوز نہ کرے کہ کسی محال اور ناممکن امر کی دُعا مانگے۔ (شرط)

۳۸۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت میں تنگی نہ کرے (مثلاً الٰہی تو میری ہی مغفرت کر اور کسی کی نہ کر)۔ (مکروہ)

۳۹۔ اپنی تمام حاجتیں (چھوٹی ہوں یا بڑی کتنی ہی معمولی کیوں نہ ہوں) اللہ تعالیٰ سے مانگے۔ (شرط)

۴۰۔ دُعا مانگنے والا اور سننے والا دونوں آمین کہیں۔ (مستحب)

۴۱۔ دُعا سے فارغ ہو کر دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے۔ (مستحب)

۴۲۔ دُعا کی قبولیت میں جلد بازی نہ کرے، مثلاً یوں کہے "دُعا پوری ہونے میں ہی نہیں آتی" یا "میں نے دُعا کی تھی قبول ہی نہیں ہوئی"۔ (شرط)

ذکر اللہ کے آداب کا بیان

عُلماء (قرآن وحدیث) نے فرمایا ہے کہ:۔

۱۔ ذاکر جس جگہ ذکر کرے وُہ جگہ (ان تمام چیزوں سے جو توجہ کو ہٹانے اور خیالات کو پراگندہ کرنے والی ہوں) خالی اور پاک وصاف ہونی چاہیئے۔

۲۔ اور ذکر کرنے والا (دُعاء کے آداب میں) مذکورہ بالا صفات (مثلاً اخلاص، خشوع و خضوع، ظاہری و باطنی طہارت ونظافت وغیرہ) سے موصوف ہونا چاہیئے (اس لیے کہ ذکر اللہ سب سے افضل عبادت ہے۔ اس لیے اس میں دُعاء سے بدرجہا زیادہ تعظیم واحترام اور احتیاط و اہتمام کی ضرورت ہے)۔

۳۔ اور ذاکر کا مُنہ اور زبان بالکل پاک وصاف ہونی چاہیئے۔ اگر کسی چیز کی بُو منہ میں ہو تو مسواک کر کے اس کو دُور کر لینا چاہیئے۔

۴۔ اگر کسی جگہ بیٹھ کر ذکر کر رہا ہو تو رُخ قبلہ کی طرف ہونا چاہیئے۔

۵۔ اور عاجزی وانکساری، سکون واطمینان، وقار اور اہتمام اور دل کی پوری توجہ کے ساتھ ذکر کے لیے بیٹھے۔

۶۔ اور جو بھی ذکر کرے اس کے معنی ومفہوم کو اچھی طرح سمجھے اور ان میں غور و فکر کرے۔

۷۔ اور اگر کسی ذکر کے معنی نہ جانتا ہو تو (کسی عالم سے) دریافت کرلے اور سمجھ لے۔

۸۔ اور تعداد زیادہ کرنے کے خیال سے جلد بازی نہ کرے۔ اسی لیے علماء نے کلمہ طیبہ کے ذکر میں لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ میں لَآ کے مد کو خوب اچھی طرح کھینچنے (اور اِلَّا اللّٰہُ پر زور دینے) کو مستحب فرمایا ہے۔

۹۔ اور جو بھی ذکر شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ثابت ہے خواہ واجب ہو خواہ مستحب، جب تک اس کو زبان سے اس طرح ادا نہ کرے کہ خُود سُن لے اس وقت اس کا کچھ اعتبار نہیں (یعنی دل

ہی دل میں سوچنا ذکر نہیں کہلاتا)۔

۱۰۔ اور سب سے زیادہ فضیلت والا ذکر قرآن عظیم ہے بجز ان اذکار کے جو شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام سے خصوصیت کے ساتھ ثابت ہیں (کہ اس جگہ وہی ذکر کرنا چاہیئے جو آپ ﷺ نے بتلایا ہے، مثلاً رکوع میں آپ ﷺ نے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ بتلایا ہے اور سجدہ میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی۔ لہٰذا رکوع اور سجدہ میں یہی پڑھنا چاہیئے، قرآن نہیں پڑھنا چاہیئے۔ اسی لیے آپ ﷺ نے رکوع اور سجدہ میں قرآن پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔

۱۱۔ اور ذکر اللہ کی فضیلت تہلیل (لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) تسبیح (سُبْحَانَ اللّٰہِ) تکبیر (اَللّٰہُ اَکْبَرُ) میں منحصر نہیں ہے بلکہ کسی بھی عمل (قول یا فعل) میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے والا، اللہ کا ذکر کرنے والا ہے۔ (اور وہ عمل ذکر ہے)

۱۲۔ اور جب بندہ رسول اللہ ﷺ سے منقول مختلف اذکار مختلف حالات اور مختلف اوقات میں رات دن، صبح و شام پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ کے ہاں "کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے مردوں اور عورتوں میں" شامل ہو جائے گا۔ (جن کا ذکر قرآن عظیم میں آیا ہے)

۱۳۔ اور جس شخص کا کوئی وظیفہ رات یا دن کے کسی حصہ میں یا کسی نماز کے بعد یا ان کے علاوہ اور کسی بھی وقت اور حالت میں مقرر ہو (اور وہ پابندی کے ساتھ اس کو پڑھا کرتا ہو) اگر کسی دن وہ چھوٹ جائے تو اس کا تدارک (قضا) ضرور کر لینا چاہیئے اور جس وقت بھی ممکن ہو اس کو پڑھ لینا اور پورا کر لینا چاہیئے اور اسے اس دن بالکل ہی نہ چھوڑ دینا چاہیئے تاکہ وہ پابندی کی عادت برقرار رہے اس کی قضا میں سُستی ہرگز نہ برتنی چاہیئے (کہ سخت مُضر ہے)۔

خلیفۃ المسلمین نے فرمایا!

اپنی اوقات کو مت بھولو کہ تم کیا تھے اور کیا بن گئے۔ تمہاری بڑی بڑی عمارات اور جمع کیا ہوا مال ہرگز تمہاری بخشش نہ کروا سکے گا۔ (حضرت عُمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

اُن وقتوں کا بیان جن میں دُعا قبول ہوتی ہے

جن وقتوں میں دُعا قبول ہوتی ہے وُہ یہ ہیں:۔

۱۔ شبِ قدر (زیادہ تر امید یہ ہے کہ شبِ قدر ماہِ رمضان کے آخری عشرہ کے طاق راتوں میں یعنی ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۷ یا ۲۹ ویں شب میں آتی ہے۔ اکیسویں اور ستائیسویں شب کے متعلق سب سے زیادہ گمان ہوتا ہے۔

۲۔ عرفہ کا پورا دن (ذی الحجہ کی نویں تاریخ)

۳۔ رمضان المبارک کا پُورا مہینہ۔

۴۔ جمعہ کی رات (یعنی جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات)

۵۔ جُمعہ کا پورا دن۔

۶۔ (روزانہ) رات کا دوسرا آدھا حصّہ۔

۷۔ (روزانہ) رات کا پہلا تہائی حصّہ۔

۸۔ (روزانہ) رات کا آخری تہائی حصّہ۔

۹۔ (روزانہ) سحر کے وقت۔

۱۰۔ سب سے زیادہ دُعاء کے قبول ہونے کی امید جمعہ کی (دُعاء قبول ہونے کی) ساعت، اجابت میں ہے۔ اس ساعت کے وقت (کے متعلق) مختلف احادیث کے تحت حسبِ ذیل اقوال ہیں:۔

۱۔ یہ ساعت امام کے خطبہ کیلیے (منبر پر) بیٹھنے سے لے کر نماز جمعہ ختم ہونے تک ہے۔

۲۔ جماعت کھڑی ہونے کے وقت سے لے کر سلام پھیرنے تک ہے۔

۳۔ دُعاء کرنے والا جب کھڑا ہوا جُمعہ کی نماز پڑھ رہا ہو وُہ وقت ہے۔

۴۔ بعض علماء کہتے ہیں جمعہ کے دن، عصر کی نماز کے بعد سے سُورج غروب ہونے تک ہے۔

۵۔ بعض علماء کہتے ہیں جمعہ کے دن کی آخری ساعت ہے۔

۶۔ بعض علماء کہتے ہیں (جمعہ کے دن) صبح صادق نکلنے سے سُورج طلوع ہونے تک ہے۔

۷۔ بعض علماء کہتے ہیں (جمعہ کے دن) سورج طلوع ہونے کے بعد ہے۔

۸۔ مشہور صحابی حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ ساعتِ اجابت (جمعہ کے دن دوپہر کا سورج ڈھلنے کے ذرا دیر بعد سے ایک ہاتھ کے بقدر سورج ڈھلنے تک ہے۔

۹۔ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کا کہنا ہے کہ:۔

(اس ساعت کا) صحیح بلکہ ایک درست ترین (وقت) کہ اس کے علاوہ کسی قول کو اختیار کرنا ہی جائز نہیں، وہ ہے جو صحیح مسلم میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے ثابت ہے کہ ساعت اجابت کا وقت امام کے خطبہ کے لیے منبر پر بیٹھنے سے لے کر نماز ختم ہونے تک ہے۔ (یہی سب سے پہلا قول ہے)

اُن حالتوں کا بیان جن میں دُعا قبول ہوتی ہے

دُعا کرنے والا مذکورہ ذیل حالتوں میں دُعا کرے تو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ضرور قبول فرمائیں گے۔

۱۔ نماز کی اذان ہونے کے وقت (یعنی اذان سننے اذان کا جواب دینے اور اذان کی دُعا پڑھنے کے بعد دُعا کرے)۔

۲۔ اذان اور تکبیر کے درمیان۔ (یعنی اذان و اقامت کے درمیان جہاں بھی موقع مل جائے دُعا کرے۔

۳۔ جو شخص کسی مصیبت یا سختی میں گرفتار ہو حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے بعد دُعا کرے۔

۴۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں (جہاد) میں صفیں باندھنے کی حالت میں دُعا کرے۔

۵۔ جب گھمسان کی جنگ ہو رہی ہو ایک دوسرے پر حملے کر رہے ہوں اس حالت

میں دُعاء کرے۔

۶۔ فرض نمازوں کے بعد (یعنی جماعت سے نماز پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد) دُعاء کرے۔

۷۔ اور (نماز میں) سجدہ کے اندر (مگر وہی دُعا مانگے جو قرآن وحدیث میں آئی ہو۔

۸۔ قرآن کریم کی تلاوت (سے فارغ ہونے) کے بعد۔

۹۔ خاص کر ختم قرآن کے بعد (خواہ خود ختم کیا ہو، خواہ کسی دوسرے نے)

۱۰۔ خاص طور پر قرآن ختم کرنے والے کی دُعاء۔

۱۱۔ زمزم کا پانی پینے کی حالت میں (یعنی چاہ زمزم پر کھڑے ہو کر پانی پیئے اور دُعاء کرے)۔

۱۲۔ مرنے والے کی جان کنی کے وقت (خود مرنے والا بھی دُعاء کرے اور حاضرین بھی دُعاء کریں، اسی طرح) میت کے پاس آنے کے وقت دُعاء کرے۔

۱۳۔ مُرغ کی اذان کے وقت (یعنی مُرغ کی اذان سن کر دُعاء کرے)۔

۱۴۔ مسلمانوں کے (دینی) اجتماعات میں (ان مسلمانوں کے ساتھ یا تنہا دُعاء کرے۔

۱۵۔ ذکر کی مجلسوں میں (خواہ ذکر اللہ کا حلقہ ہو خواہ درس قرآن وحدیث کا خواہ وعظ ونصیحت کا)

۱۶۔ امام کے وَلَا الضَّآلِّیْنَ کہنے کے بعد۔

۱۷۔ میت کی آنکھیں بند کرنے کے وقت۔

۱۸۔ نماز کی اقامت (تکبیر) کے وقت

۱۹۔ بارش برسنے کے وقت۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "الام" میں اس حدیث کو مُرسلاً روایت کیا ہے اور فرمایا ہے کہ "میں نے بہت سے علمائے حدیث سے بارش برسنے کے وقت دُعاء قبول ہونے (کی حدیث کو سُنا اور) حفظ کیا۔

۲۰۔ امام جزری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، کعبہ مکرمہ کو دیکھنے کے وقت (خواہ مکہ معظمہ پہنچ کر پہلی مرتبہ دیکھے یا جس وقت بھی خانہ کعبہ پر نظر پڑے دُعاء کرے)۔

اُن مُقامات کا بیان جن میں دُعا قبول ہوتی ہے

۱۔ تمام مقدس مقامات ۔ امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے اہل مکہ کے نام ایک خط لکھا ہے اس خط میں وُہ (مکہ معظمہ میں) دُعا کے قبول ہونے کے پندرہ مقامات بیان کرتے ہیں ۔

۱۔ طواف (گاہ "مطاف") میں ۔

۲۔ ملتزم کے پاس (خانہ کعبہ کا وُہ حصہ جس سے طواف کرنے والے چپٹتے ہیں ، یہ حجر اسود اور خانہ کعبہ کے دروازہ کے درمیان چار ہاتھ کے بقدر جگہ ہے ۔

۳۔ میزاب (خانہ کعبہ کی چھت کے پرنالہ) کے نیچے ۔

۴۔ بیت اللہ کے اندر

۵،۶۔ صفا اور مروۃ (پہاڑیوں) پر

۷۔ مسعٰی (صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنے کی جگہ) میں ۔

۸۔ مقام ابراہیمؑ کے پیچھے ۔

۹۔ میدانِ عرفات میں (جہاں ۹ ذی الحجہ کو زوال کے بعد سے غروب تک ٹھہرتے ہیں اور یہی حج کا اصلی رکن ہے) ۔

۱۰۔ مُزدلفہ میں (جہاں حجاج عرفات سے واپس آکر مغرب و عشاء کی نماز پڑھتے ہیں اور رات گذارتے ہیں)

۱۱۔ منیٰ میں (جہاں دسویں تاریخ کو حاجی جمروں پر کنکریاں مارتے اور قربانی کرتے ہیں)

۱۲ تا ۱۵۔ تینوں جمروں کے پاس (یہ تین ٹیلے ہیں جن پر حاجی کنکریاں مارتے ہیں)

۲۔ امام جزری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :-

اگر نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام (کے روضۂ اقدس) کے پاس دُعا قبول نہ ہوگی تو پھر کس جگہ قبول ہوگی (یعنی روضۂ اقدس رسول اللہ ﷺ) تو دُعا قبول ہونے کا وُہ مقدس مقام ہے کہ اس کو تو

سرِ فہرست (سب سے پہلے شمار) ہونا چاہیئے۔

باقی ملتزم کے پاس دُعا کی قبولیت کی ایک حدیثِ مسلسل بھی ہمیں مکہ کے راویوں سے پہنچی ہے۔

اُن لوگوں کا بیان جنکی دُعائیں بارگاہِ الٰہی میں جلد قبول ہوتی ہیں

احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے کہ مذکورہ ذیل لوگوں کی دُعائیں خاص طور پر قبول ہوتی ہیں۔

۱۔ مجبور و لاچار اور بے بس لوگ۔

۲۔ مظلوم اور ستم رسیدہ لوگ۔ (ایک روایت میں ہے کہ) اگرچہ وُہ گنہگار ہوں (ایک اور روایت میں ہے) اگرچہ وُہ کافر ہی ہوں۔

۳۔ باپ کی دُعا (اپنی اولاد کے لیے)

۴۔ امامِ عادل کی دُعا (عدل و انصاف کرنے والے خلیفہ یا بادشاہ یا حکمران کی دُعا اپنی رعایا کے لیے)۔

۵۔ ہر نیکوکار آدمی کی دُعا ۶۔ مسافر کی دُعا

۷۔ ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والی خدمت گذار اولاد کی دُعا (اپنے ماں باپ کے لیے)

۸۔ روزہ دار کی دُعا روزہ افطار کرنے کے وقت۔

۹۔ ایک مسلمان کی دُعا اپنے دوسرے مسلمان بھائی کے لیے اس کے پسِ پشت۔

۱۰۔ ہر مسلمان کی دُعا جب تک وُہ کسی پر ظلم کرنے یا قطع رحمی (قرابتداروں کی حق تلفی) کی دُعا نہ کرے یا (دُعا کر کے اظہارِ مایوسی یا شکایت کے طور پر) یہ نہ کہے کہ میں نے دُعا مانگی تھی وُہ قبول ہی نہیں ہوئی۔

۱۱۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ" اللہ تعالیٰ کے کچھ (عذاب جہنم سے) آزاد کردہ بندے ہیں جن میں سے ہر ایک کی دن رات میں ایک "دُعاء" (ضرور) قبول ہوتی ہے۔"

اور جامع ابو منصور میں (ایک روایت) ہے کہ: "صحیح دُعاء حاجی کی ہوتی ہے یہاں تک کہ وہ (اپنے گھر حج سے) واپس آجائے۔

قبولیّت پر دُعاءِ شکرانہ

جس شخص کی جب بھی کوئی دُعاء قبول ہو تو یہ کلمات بطور شکریہ ادا کرے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ بِعِزَّتِہٖ وَجَلَالِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ

یعنی اللہ کی ذات پاک کا بہت بہت شکر ہے جسکی عزت وعظمت کے صدقہ میں اچھے کام پورے ہوتے ہیں۔

اسمِ اعظم اور دُعاء کی قبولیّت میں اُس کے اثر کا بیان

۱۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وُہ اسم اعظم جس کے ساتھ جو بھی دُعاء کی جائے اللہ تعالیٰ اس کو قبول کرتے ہیں اور اس کے ساتھ جو بھی اللہ تعالیٰ سے سوال کیا جائے اللہ تعالیٰ اس کو پورا کر دیتے ہیں، اس آیت کریمہ میں ہے:۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

(اے اللہ) تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بیشک میں ہی ظلم کرنے والوں میں سے ہوں

۲۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وُہ اسم اعظم جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے جو بھی مانگا جائے (ضرور) دیتا ہے اور جو بھی دُعاء کی جائے اللہ تعالیٰ (ضرور) قبول کرتا ہے، یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْۤ اَشْھَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ

الٰہی! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس لیے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ توہی اللہ ہے

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو اکیلا ہے بے نیاز ہے جس سے نہ کوئی پیدا ہوا

وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ؕ

اور نہ وُہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ ہی کوئی اسکے برابر کا (ہمسر) ہے۔

بعض روایتوں میں اسی حدیث کے الفاظ یہ ہیں :-

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَحَدُ

الٰہی! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس لیے کہ توہی اللہ ہے اکیلا ہے

الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ

بے نیاز ہے جس سے نہ کوئی پیدا ہوا اور نہ وُہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ کوئی

لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ؕ

اس کا ہمسر ہے۔

۳- ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وُہ بہت بڑا نام جس سے جب بھی دُعا کی جائے اللہ تعالیٰ ضرور قبول فرماتے ہیں اور جو بھی مانگا جائے ضرور دیتے ہیں، یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ

الٰہی! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس لیے کہ تیری ہی سب تعریف ہے، تیرے سوا کوئی

اَنْتَ وَحْدَكَ، لَاشَرِیْكَ لَكَ، اَلْحَنَّانُ الْمَنَّانُ

معبود نہیں، تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں ہے، (تو) بہت بڑا مہربان اور بہت زیادہ احسان کرنے

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

والا ہے، آسمانوں اور زمین کا تو ہی (بیمثال) ایجاد کرنیوالا ہے، اے (عظمت و) جلال اور (انعام و) احسان کے مالک!

اور بعض روایتوں میں بجائے یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کے یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

(اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، اور سب کو قائم رکھنے والے) بھی اس کے آخر میں آیا ہے۔

۴۔ (۱) وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

اور تمہارا معبود تو وہی یگانہ معبود ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بڑا ہی رحم کرنے والا اور بہت ہی مہربان ہے

(۲) الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

الف لام میم، اللہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی (ہمیشہ) زندہ رہنے والا اور (سب کو) قائم رکھنے والا ہے

۵۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم تین سورتوں میں ہے۔

۱۔ سُورۂ بقرہ، ۲۔ سُورۂ اٰل عمران، ۳۔ سُورۂ طٰہٰ

۶۔ قاسم (بن عبدالرحمٰن) نے کہا ہے کہ میں نے (اس حدیث کے تحت) اس کو تلاش کیا تو اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ کو اسم اعظم پایا۔

۷۔ امام جزری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "میرے نزدیک اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اسم اعظم ہے" تاکہ (سب حدیثیں موافق و مطابق ہو جائیں اور اس لیے بھی کہ واحدی کی کتاب الدعاء کی حدیث جو یونس بن عبدالاعلیٰ سے مروی ہے، وہ بھی اسکی تائید کرتی ہے" واللہ اعلم

نیز فرماتے ہیں: یہ قاسم عبدالرحمٰن کے بیٹے شام کے رہنے والے تابعی ہیں اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قابل اعتماد شاگرد ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَاَنْبِیَآئِہٖ وَرُسُلِہٖ وَجَمِیْعِ

اللہ اور فرشتے اور پیغمبروں نبیوں اور رسولوں اور پوری

خَلْقِہٖ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مخلوق کی طرف سے درود اور رحمت اتارے ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت

وَّعَلَیْھِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ط

پر اور سب پر درود و سلام و رحمت و برکت نازل ہو

فائدہ: جو شخص جمعہ کے دن ایک سو مرتبہ اور روزانہ تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ پوری مخلوق کی گنتی کے برابر ثواب عطا کرے گا۔ اور قیامت کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جماعت کے ساتھ رہے گا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہاتھ پکڑ کر جنت میں داخل کریں گے۔

فضائل درود شریف

حضرت عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے میزان میں نقل فرمایا ہے کہ جو شخص اس درود شریف کو ایک مرتبہ پڑھے گا اتنا ثواب پائے گا کہ اگر ایک ہزار فرشتے ستر دن تک یا ستر فرشتے ہزار دن تک اس کے ثواب کو لکھیں تو نہ لکھ سکیں گے، وہ یہ ہے:۔

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا سَیِّدَنَا مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بِمَا ھُوَ اَھْلُہٗ ط

اور ایک درود شریف کثیر الثواب یہ ہے :-

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰٓی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط

دُعائے خیر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

اے اللہ! اے غفور الرحیم! ہمارے گناہوں کو معاف فرما، اے اللہ! ہم گناہوں سے شرمندہ ہیں۔ اے اللہ! ہم گناہوں سے توبہ کرتے ہیں۔ تو ہماری خطاؤں کو معاف کر، اے اللہ! جو گناہ جان کر کیئے ہیں انھیں بھی معاف کر اور جو بے جانے ہوئے ہیں انھیں بھی معاف کر، اے اللہ! ہمارے مردوں اور عورتوں کو نماز کا پابند بنا دے۔ اے اللہ ہماری عبادتوں کو قبول کر، اے غفور الرحیم! سب مسلمانوں کو نیک بنا دے۔ اے اللہ! ہمیں ہر قسم کی بد اخلاقیوں سے بچا، اے اللہ! ایسے کام کی توفیق دے جس سے نیک نامی ہو۔ مسلمانوں کو ہر آفت و مصیبت سے بچا۔ اے اللہ! اسلام کا بول بالا ہو، مسلمانوں کو دین و دنیا میں عزت دے، اے اللہ! قیدیوں کو قید سے رہا کر دے، اے اللہ! بیماروں کو شفا دے، اے اللہ! کمزوروں کو قوت دے، اے اللہ! ہمیں شرک و بدعت سے بچا، اے اللہ! ہمیں مرتے وقت کلمہ نصیب کر، اے اللہ ہمارے تمام

دُکھ، درد اور صدمے دُور کر کے ہمارے گھر کو آباد رکھ۔ اے اللہ! ہمارے گھر والوں میں سب میں سچی محبت اور پیار عطا کر۔ اے اللہ! بچھڑوں کو ملا دے۔ اے اللہ! روٹھے ہوئے کو منا دے، اے اللہ! ہماری دلی تمنائیں پوری فرما، مسلمانوں کو دیس اور پردیس میں چین، امن اور سلامتی عطا کر۔ اے اللہ! تنگ دستوں کی تنگدستی دُور کر۔ اے اللہ جو بے اولاد ہیں انھیں اولاد عطا کر۔ اے اللہ! ہماری اولاد اور اس کی نسل سے جو اس کے بعد چلے ان سب کو بھی نیک کیجیو۔ اے اللہ جو سفر میں ہیں انھیں خیریت سے رکھیو، اے اللہ ہمارے مُردوں کی مغفرت فرما، ان کی قبروں پر رحمت نازل کر، ان کی روحوں کو ٹھنڈا رکھ، ان کو بلند درجات عطا کر۔ اے اللہ! تیرے کل مسلمان بندوں کو پیارے نبی ﷺ کی شفاعت نصیب ہو۔ اے اللہ! آخرت میں اپنا دیدار نصیب کرنا۔ جنّت الفردوس کے بلند درجات عطا کرنا، پُل صراط پر ثابت قدم رکھنا۔ اے اللہ! ہمارے اعمال نامے دائیں ہاتھ میں عطا کرنا۔ اور آخرت میں رسوائی سے بچانا۔ اے اللہ! دُنیا کی تمام مشکلات کو دُور کر دیجیو۔ اے اللہ! کافروں اور دشمنوں کے فریب سے مسلمانوں کو نجات دیجئے۔ یا اللہ! ہماری یہ دُعا قبول فرما۔ آمین ثم آمین۔

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط

دُعائے مُستجاب

اس بزرگوار دُعا کے یہ اسناد ہیں۔ جو کوئی ہر روز اس دُعا کو پڑھے گا اگر روز نہ پڑھ سکے تو ہفتہ میں ایک بار پڑھے۔ اگر ہفتہ میں بھی نہ پڑھ سکے تو مہینے میں ایک بار پڑھے۔ اگر مہینے میں بھی نہ پڑھ سکے تو عُمر بھر میں ایک دفعہ پڑھے، اگر خود نہ بھی پڑھ سکے تو کسی دوسرے سے پڑھوا کر سن لے۔ اگر سن بھی نہ سکے تو اس دُعائے شریف کو اپنے پاس نگاہ کے سامنے

رکھے۔ اللہ کریم اس بندے کے واسطے دوزخ کے دروازے بند کردے گا۔ اور اس کے واسطے بہشت کے دروازے کھول دے گا اور جو بندہ اس دُعاء کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کو عنایت فرمائے گا۔ اور سات چیزوں سے محفوظ رکھے گا۔

۱۔ فقیری سے
۲۔ دنیا کی تکلیف سے
۳۔ جان کنی کی تلخی سے
۴۔ عذاب قبر سے
۵۔ منکر اور نکیر کے سوالوں سے
۶۔ قیامت کی سختی سے
۷۔ دوزخ کے عذاب سے۔

اور اللہ تعالیٰ بہشت میں اس کے لیے اپنا دیدار نصیب کرے گا اور اس بندہ کو اللہ تعالیٰ مکاروں کے مکر، چغلخوروں کی چغلیوں اور نیزوں کے زخم اور ظالموں کے ظلم اور بدگویوں کی زبان اور شیطان کی شرارت اور سانپ وبچھوّ کی آفت اور بجلی کی سختی اور دونوں جہان کی ستّر ہزار بلاؤں سے نگاہ رکھے گا اور اس کے سبب چھوٹے بڑے گناہ معاف کردے گا۔ اگرچہ اس کے گناہ درختوں کے پتوں اور مینہ کے قطروں اور پریوں اور جانوروں سے بھی زیادہ ہوں گے حق سبحانہٗ تعالیٰ معاف فرمادے گا اور اس کے اعمال میں ہزار نیکی لکھے گا۔ آدمی کے بدن میں ستر ہزار بلائیں ہیں جو کوئی اس دُعاء کو پڑھے گا یا اس کو اپنے پاس رکھے گا تو ایسی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ جیسے سر کا درد، شقیقہ کا درد، گھٹنوں کا درد، ہڈیوں کا درد، زہ کا درد اس کے علاوہ ہر قسم کے دردوں اور تکلیفوں سے بچا رہے گا اور جو بیماری وجود میں ہوگی مثلاً نارو، ناسور، سنگِ مثانہ، کدو دانہ، خون کا بند ہونا، یا مقدار سے زیادہ نکلنا اور دیو پری کے آسیب سے محفوظ رہے گا۔

جس کے پاس یہ دُعاء ہوگی اگر وہ بادشاہوں کی مجلس یا کچہریوں میں جائے گا تو بڑی عزت پائے گا۔ گھر میں آئے گا تو سب لوگوں میں عزیز ہوگا اور سب لوگ اس کو دوست رکھیں گے جب اس کو دفن کریں گے تو عذاب قبر نہ ہوگا بلکہ اس کی قبر فراخ ہوجائے گی اور اس دُعائے

بزرگوار کی برکت سے سب بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے گا اور اس کی دینی و دنیاوی مشکلات آسان ہوں گی۔ شک کرے کہ کفر کا خوف ہے۔ نعوذ باللہ منہا۔

خاصیت اس دُعائے بزرگوار کی بہت ہیں لیکن مختصراً لکھی گئی ہیں۔

دُعائے بزرگوار یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمُ

سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ

سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡمَلِکُ الۡقُدُّوۡسُ

سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الۡجَبَّارُ

سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡمُصَوِّرُ الۡحَکِیۡمُ

سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ

سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡبَصِیۡرُ الصَّادِقُ

سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ

سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡجَبَّارُ الۡمُتَکَبِّرُ

سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡمُبۡدِئُ الۡمُعِیۡدُ

سُبْحٰنَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ

سُبْحٰنَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الصَّمَدُ الْمَعْبُوْدُ

سُبْحٰنَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

دُعائے قنوت

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ

اے اللہ ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان

بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ ط

لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں اور تیری ہی تعریف کرتے ہیں

وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ ط

اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں تیرے نافرمان کو

اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ

اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لیے نماز پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی

نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى

طرف دوڑتے اور خدمت کیلیے حاضر ہوتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے

عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ط

ڈرتے ہیں بے شک تیرا عذاب کافروں کو ملنے والا ہے۔

دُعاء المنزل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَللّٰهُمَّ اِنَّا اٰمَنَّا بِكَلَامِكَ وَكِتَابِكَ وَاٰمَنَّا بِرَسُوْلِكَ

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا هٰذِهِ الْمَنْزِلَ الْقُرْاٰنِ يَا حَلَّ

الْمُشْكِلَاتِ فَتَوَكَّلُ ضَعْفِ بِحُرْمَتِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ

يَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتِ وَنَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِتِلَاوَتِ الْقُرْاٰنِ

وَنَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِحُرْمَتِ الْقُرْاٰنِ نَبِيِّ الْاٰخِرِ زَمَانَ

اَللّٰهُمَّ يَا رَزَّاقَ الْمُفْلِسِيْنَ وَيَا اَرْحَمَ الْمَسَاكِيْنَ

وَيَا خَيْرَ النَّاصِرِيْنَ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

چاند دیکھ کر جب پہلا پیر ہو تو قرآن مجید کی پہلی منزل ختم کرے اور اس کے بعد یہ دُعا تین بار پڑھے اس طرح ساتوں منزلیں ختم کرے ۔ یہ دُعا تین بار پڑھی جائے ۔ اس کا بے حد ثواب ہے ۔ بے شمار برکتیں حاصل ہوں گی ۔

دُعَاءِ خَتمِ القُرآن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ
بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَاجْعَلْهُ لِيْ اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّهُدًى
وَّرَحْمَةً ط اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ مِنْهُ مَا نَسِيْتُ وَعَلِّمْنِيْ
مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَاۤءَ الَّيْلِ
وَاٰنَاۤءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ لِيْ حُجَّةً يَّارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ط

اَوقَاتُ الصَّلٰوۃ

ہر ماہ کے علیحدہ علیحدہ

نفل نماز و روزہ اور وظائف

مُحَرَّمُ الحَرَام

سرور کائنات ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ ماہ محرم الحرام بہت ہی بابرکت مہینہ ہے اور شب

عاشورہ نیز یوم عاشورہ کی عبادت کے بے حد فضائل ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ محرم کا چاند دیکھ کر چار مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنا بہت افضل ہے

نفل نماز

اوّل شب بعد نمازِ عشاء آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ دفعہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کی برکت سے روزِ حشر اللہ پاک اس نماز کے پڑھنے والے اور اس کے گھر والوں کی شفاعت قبول فرمائے گا۔

اول شب بعد نمازِ عشاء ماہِ محرم چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور سورۂ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنی ہے پھر بعد سلام کے یہ دُعاء گیارہ مرتبہ پڑھے۔

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ط

اس نماز کے پڑھنے سے بے شمار عبادات کا ثواب درگاہ رب العزت سے عطا کیا جائے گا۔

نفل نماز پہلی تاریخ محرم الحرام

پہلی تاریخ بعد نمازِ ظہر ۲ دو رکعت نماز پڑھے اوّل رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تیرہ بار۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص بارہ مرتبہ پڑھے۔ پھر بعد سلام کے یہ دُعائے مکرم ایک مرتبہ پڑھے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَبَدُ الْقَدِيْمُ هٰذِهٖ سَنَةٌ

اے اللہ تو ایسا ہے جس کی نہ ابتداء ہے نہ انتہا۔ یہ نیا برس

جَدِيْدَةٌ اَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطٰنِ

ہے میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اس برس میں نگہبانی کی شیطان راندے

الرَّجِيْمِ وَالْاَمَانَ مِنَ السُّلْطَانِ الْجَابِرِ وَمِنْ

گئے سے اور امان ظالم بادشاہ سے اور ہر شریر

شَرِّ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ وَمِنَ الْبَلَآءِ وَالْاٰفَاتِ وَاَسْئَلُكَ الْعَوْنَ وَ

کے شر سے اور بلاؤں اور آفتوں سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے مدد اور

الْعَدْلَ عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْٓءِ وَ

انصاف اس نفس پر جو برائی سکھاتا ہے اور

الْاِشْتِغَالِ بِمَا يُقَرِّبُنِيْٓ اِلَيْكَ يَا بَرُّ يَا رَءُوْفُ يَا

مانگتا ہوں مشغول اس چیز کی جو مجھ کو نزدیک کرے تیری طرف اے نیک کار اے مہربان اے

رَحِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط

رحم کرنے والے اے صاحب بزرگی اور انعام کے

اللہ پاک اس نماز اور دعا کے پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرمائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ وہ دنیا سے با ایمان اٹھے گا۔

نفل نمازِ شب عاشورہ

عاشورہ کی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے آیۃ الکرسی تین تین دفعہ سورۃ اخلاص دس دس دفعہ پڑھے۔ بعد سلام کے سورۃ اخلاص ایک سو مرتبہ پڑھ کر اپنے گناہوں کی توبہ کرے اور اللہ پاک سے بخشش طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ اللہ کریم اپنی رحمت کاملہ سے اس نماز کے پڑھنے والوں کے تمام گناہ معاف فرمائیں گے۔

شب عاشورہ بعد نماز عشاء آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پچیس پچیس مرتبہ پڑھنی ہے پھر بعد سلام کے درود پاک ستر مرتبہ،

استغفار ستر دفعہ پڑھ کر دُعائے مغفرت کرے۔ اللہ رب العزت اس نماز کے پڑھنے والوں کی قبر کو روشن کر کے عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا اور بروزِ حشر اسے مغفرت عطا ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

شب عاشورہ عشاء کی نماز کے بعد چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورۃ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ پڑھے۔

یہ نماز واسطے بخشش گناہ کے افضل ہے۔ پروردگار عالم اس نماز پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

عاشورہ کی شب نماز عشاء کے بعد چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور بعد سُورۃ فاتحہ کے ہر رکعت میں آیۃ الکرسی تین تین دفعہ سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے سُورۃ اخلاص ایک سو مرتبہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اللہ کریم اس نماز کے پڑھنے والے کو بہشت میں ہر قسم کی نعمت سے نوازے گا۔

یومِ عاشورہ

عاشورہ کے دن بعد نماز فجر برآمد ہونے آفتاب کے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے جو بھی سُورۃ یاد ہو پڑھ لے اور بعد سلام کے ایک مرتبہ اس دُعاء کو پڑھے۔

دُعاءِ عاشُورہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

یَا قَابِلَ تَوْبَۃِ اٰدَمَ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ

یَا فَارِجَ کَرْبِ ذِی النُّوْنِ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ

يَا جَامِعَ شَمْلِ يَعْقُوْبَ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ

يَا سَامِعَ دَعْوَةِ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ

يَا مُغِيْثَ اِبْرٰهِيْمَ مِنَ النَّارِ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ

يَا رَافِعَ اِدْرِيْسَ اِلَى السَّمَآءِ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ

يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ صَالِحٍ فِى النَّاقَةِ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ

يَا نَاصِرَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ

يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَاقْضِ حَاجَاتِنَا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَطِلْ عُمْرَنَا فِىْ طَاعَتِكَ وَمَحَبَّتِكَ وَرِضَاكَ وَاَحْيِنَا حَيٰوةً طَيِّبَةً وَّتَوَفَّنَا عَلَى الْاِيْمَانِ وَالْاِسْلَامِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ بِعِزِّ الْحَسَنِ وَاَخِيْهِ وَاُمِّهٖ وَ اَبِيْهِ وَجَدِّهٖ وَبَنِيْهِ فَرِّجْ عَنَّا مَا نَحْنُ فِيْهِ ط

پھر سات بار یہ پڑھے :۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ مِلْءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَھَی الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضٰی وَزِنَۃَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَا وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ ط سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ کَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ کُلِّھَا نَسْئَلُكَ السَّلَامَۃَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط وَھُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ عَدَدَ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ وَعَدَدَ مَعْلُوْمَاتِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

درگاہ رب العزت سے اس نماز اور دُعا کے پڑھنے والے کو بیشمار عبادات کا ثواب عطا ہوگا۔

عاشورہ کے دن چار رکعت نماز ظہر سے پہلے پڑھے، ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ زلزال ایک بار، سورۂ کافرون ایک بار، سورۂ اخلاص ایک بار۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ درود پاک پڑھ کر اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ خداوند قدوس اس نماز کے پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا
نماز ظہر سے پہلے یوم عاشورہ چھ رکعت نماز تین سلام سے اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سُورۂ فاتحہ تو پڑھنی ہے۔ بعد سُورۂ فاتحہ کے پہلی رکعت میں سورۂ شمس ایک بار، دوسری میں سورۂ قدر ایک بار، تیسری میں سورۂ زلزال ایک بار، چوتھی میں سورۂ اخلاص ایک بار، پانچویں میں سُورۂ فلق ایک بار، چھٹی میں سورۂ ناس ایک بار پڑھے۔ بعد سلام کے سر سجدہ میں رکھ کر سورۂ کافرون ایک مرتبہ پڑھ کر جس مراد کے لیے دعاء کریں انشاء اللہ تعالیٰ دربار خداوندی میں قبول ہوگی۔
نماز ظہر سے پہلے یوم عاشورہ چار رکعت نماز دو سلام سے اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد ۱۵ مرتبہ سُورۂ اخلاص ہر چار رکعتوں میں پڑھے اور یہ نماز حضرت امام حسن علیہ السلام اور حضرت امام حسین علیہ السلام کو بخش دیں۔

نفل روزہ

محرم الحرام میں روزے رکھنے کی بہت فضیلت ہے۔ پہلی تاریخ سے دس تاریخ تک روزہ رکھے یا پہلی تاریخ کا اور نویں دسویں کا روزہ رکھنا افضل ہے۔

وظائف

محرم کی پہلی شب سے شب عاشورہ تک روزانہ بعد نماز عشاء ایک سو مرتبہ کلمہ توحید پڑھنا واسطے بخشش گناہ بہت افضل ہے۔
پہلی شب محرم الحرام سے شب عاشورہ تک بعد نماز عشاء اوّل آخر مع درود شریف کے ایک سو دفعہ یہ دُعاء بھی پڑھنی افضل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ

وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَآدَّ لِمَا قَضَیْتَ

وَلَا یَنْفَعُ ذَاالْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ط

یوم عاشورہ کسی وقت باوضو ہو کر ستر مرتبہ پڑھے:۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط

مغفرت گناہ کے لیے یہ وظیفہ پڑھنا بھی بہت افضل ہے۔

صَفَرُ الْمُظَفَّر

حضور انور ﷺ فرماتے ہیں کہ ماہ صفر بڑی صعوبت والا مہینہ ہے آپ ﷺ اس ماہ کے شروع ہونے پر افسردہ اور ختم ہونے پر مُسرت کا اظہار فرماتے تھے۔ فرمایا کہ ماہ صفر میں ایک لاکھ بیس ہزار بلائیں آسمان سے نازل ہوتی ہیں لیکن جو لوگ اس ماہ میں عبادت الٰہی میں اپنا وقت گذاریں گے اُن پر ان بلاؤں کا اثر نہ ہوگا۔ اور اللہ پاک ان کے گناہوں کو معاف فرمائے گا۔

نفل نماز

ماہ صفر کا چاند دیکھ کر نماز مغرب اور نماز عشاء کے درمیان چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورۃ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ پھر بعد سلام پھیرنے کے ایک ہزار مرتبہ اس دُرودِ پاک کو پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَرَحْمَةُ

اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ط

اللہ تعالیٰ اس نماز اور دُرود پاک پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما کر انشاء اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے گا۔

اوّل شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ کافرون پندرہ بار، دوسری میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص پندرہ بار، تیسری میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ فلق پندرہ بار، چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ ناس پندرہ بار پڑھے۔ یہ نماز بعد نماز عشاء پڑھنی چاہیے۔ پھر سلام کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ط پھر ستر مرتبہ درودِ پاک پڑھنا ہے۔ نماز عشاء کے وتر اور نفل اس نماز کے بعد پڑھنے چاہئیں۔ اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ پاک تمام بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رکھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

آخری چار رکعت نفل

ماہ صفر کے آخری بدھ جسے آخری چہار شنبہ کہتے ہیں بوقت چاشت غسل کر کے دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے بعد سورۂ فاتحہ کے۔ پھر بعد سلام کے ستر مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

پھر ایک مرتبہ یہ دعاء پڑھنی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَرِّفْ عَنِّيْ سُوْٓءَ هٰذَا الْيَوْمِ وَاَعْصِمْنِيْ مِنْ سُوْٓئِهٖ وَنَجِّنِيْ عَمَّآ اَصَابَ فِيْهِ مِنْ بَحْرِ سَاتِهٖ وَكُرُبَاتِهٖ بِفَضْلِكَ يَا دَافِعَ الشُّرُوْرِ يَا مَالِكَ

النُّشُوْرِ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ الْاَمْجَادِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

انشاءاللہ تعالیٰ اس نماز اور دُعاء کی برکت سے اللہ پاک اسے تمام بلاؤں اور صعوبتوں سے محفوظ رکھے گا۔

آخری چہار شنبہ کو بعد نماز ظہر دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے سُورۃ الم نشرح اسّی بار، سُورۃ والتین اسّی بار، سُورۃ نصر اسّی بار اور سورۃ اخلاص اسی مرتبہ پڑھے۔ یہ نماز ترقی رزق کے لیے بہت افضل ہے۔

چہار شنبہ قبل نماز عصر چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورۃ کوثر ستر ستر مرتبہ۔ سُورۃ اخلاص پانچ پانچ دفعہ پڑھے۔ بعد سلام کے یہ دُعاء مکرر ایک مرتبہ پڑھنی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا شَدِیْدُ الْقُوٰیِّ

یَا شَدِیْدُ الْمُحَالِ یَا مُفْضِلُ یَا مُکَرِّمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ

اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ہ

اس دُعاء اور نماز کے پڑھنے والے کو اس دن کی تمام آفات و بلیات سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے گا۔

دُعاء

آخری چہار شنبہ کو نماز فجر تا نماز عشاء، ہر نماز کے بعد یہ آیات قرآنی ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے خود بھی پیئے اور سب کو بھی پلائے۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ ط سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ

فِی الْعٰلَمِیْنَ ؁ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ؁ سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی
وَهٰرُوْنَ ؁ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْیَاسِیْنَ ؁ سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ طِبْتُمْ
فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ ؁ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ؁

یہ سات آیاتِ قرآنی درازی عمر، حفاظت جان و مال کے لیے بہت افضل ہیں۔

ربیعُ الاوّل

ماہِ ربیع الاول بے حد متبرک اور فضیلت والا مہینہ ہے اور اسی برگزیدہ مہینہ میں شاہِ دو عالم حضور اقدس ﷺ دنیا میں جلوہ افروز ہوئے اس لیے یہ بڑی رحمت و برکت کا مہینہ ہے۔

نفل نماز

پہلی تاریخ ماہ ربیع الاوّل بعد نماز عشاء سولہ رکعت نماز آٹھ سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد سُورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ پھر سلام کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ درود پاک پڑھنا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَرَحْمَةُ
اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ ؁

اس نماز کی بہت فضیلت ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز اور درود شریف کے پڑھنے والے رسُولِ اکرم ﷺ کی زیارت سے فیض یاب ہوں گے لیکن باوضو سونا ضروری ہے۔

اس ماہ مبارک کی بارہ تاریخ بعد نماز ظہر بہ نیت ہدیہ بروح اقدس ﷺ بیس رکعت نماز دس سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ اخلاص اکیس اکیس مرتبہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

اس نماز کے پڑھنے والے توحید پر قائم ہوں اور شرک سے بیزار ہوں، نیز باوضو سوئے۔

وظائف

ربیع الاول کی بارہویں، تیرھویں اور چودھویں شب کو بعد نماز عشاء اس دعاء کو سات ہزار سات سو اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ مذکورہ دعاء یہ ہے۔

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ ط

یہ دعاء ترقی رزق کیلیے بہت افضل ہے مگر یہ خیال رہے کہ بارہ تاریخ پیر یا جمعرات یا جمعہ ہو۔

ماہ ربیع الاول میں سب مہینوں سے زیادہ درود پاک پڑھنے کی بہت فضیلت ہے کثرت کے ساتھ اس ماہ میں درود شریف پڑھنا چاہیئے۔

پہلی تاریخ سے بارہ تاریخ تک روزانہ بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھنا بہت افضل ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ ط

اس درود شریف کو پڑھ کر باوضو سو جائے تو رسول اکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

ربیع الثّانی

ماہ ربیع الثانی بھی نہایت افضل ترین مہینہ ہے اور اس ماہ میں بھی زیادہ درُود پاک پڑھنا چاہئیے۔

نفل نماز

پہلی شب بعد نماز مغرب اور قبل نماز عشاء آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھے اور پہلی رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد سُورۂ کوثر تین بار، دوسری میں بعد سُورۂ فاتحہ کے سُورۂ کافرون تین بار۔ پھر تیسری، چوتھی، پانچویں، چھٹی، ساتویں اور آٹھویں رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد سُورۂ اخلاص تین تین مرتبہ ہر رکعت میں پڑھنی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو بے شمار نمازوں کا ثواب عطا ہوگا۔

ماہ ربیع الثانی کی پہلی، پندرھویں، انتیسویں شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد سُورۂ اخلاص پانچ پانچ دفعہ پڑھنی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کی پروردگار عالم روز حشر مغفرت فرمائے گا۔

جمادی الاوّل

ماہ جمادی الاوّل نہایت بزرگ اور افضلیّت کا مہینہ ہے اور اس کی عبادت کا بہت ثواب ہے۔

نفل نماز

اس ماہ کی پہلی تاریخ بعد نماز مغرب آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد سُورۂ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ یہ نماز بہت افضل ہے اور اس کے

پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بیشمار عبادت کا ثواب پاک پروردگار کی طرف سے عطا کیا جائے گا۔

پہلی تاریخ بعد نماز عشاء بیس رکعت نماز دس سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سُورۂ فاتحہ کے سُورۂ اخلاص ایک ایک بار پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے ایک سو مرتبہ درُود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کی برکت سے اللہ پاک اسے بیشمار نمازوں کا ثواب عطا کرے گا۔

جمادی الثانی

ماہ جمادی الثانی بڑی خیر و برکت کا مہینہ ہے اور اس ماہ کی عبادت بہت افضل ترین ہے۔ یہ مہینہ استقبال ماہ رجب ہے اور اس کی عبادت کا مقصد ماہِ رجب کی حرمت ہے۔

نفل نماز

پہلی تاریخ بعد نماز عشاء بارہ رکعت نماز چھ سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص ایک ایک دفعہ پڑھنی ہے۔

انشاء اللہ العظیم اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ پاک بہت بڑی عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا۔

جمادی الثانی کی اکیس شب سے آخری تاریخ تک روزانہ ہر شب کو بعد نماز عشاء بیس رکعت نماز دس سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۂ فاتحہ کے سُورۂ اخلاص ایک ایک بار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو حرمتِ رجب المرجب کا ثواب عطا کرے گا یعنی اس نماز کا مقصد ہے کہ ماہ رجب کے مبارک مہینہ کا استقبال عبادات الٰہی سے کیا، اس لیے اس نماز کی بڑی فضیلت ہے۔

نفل روزہ

جمادی الثانی کی آخری تاریخ روزہ رکھنا واسطے استقبال رجب المرجب افضل ہے۔

رَجَبُ المُرَجَّب

رسولِ مقبول ﷺ فرماتے ہیں کہ ماہِ رجب کی بیشمار فضیلت ہے۔ اس ماہِ مبارک کی عبادت بہت افضل ہے۔ آپ ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے کہ جب ماہِ رجب کا چاند دیکھو تو پہلے ایک مرتبہ یہ دُعا پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ رَجَبَ وَشَعْبَانَ وَبَلِّغْنَآ اِلٰی شَھْرِ رَمَضَانَ ط

نفل نماز

ماہِ رجب کی پہلی شب نمازِ عشاء کے بعد دس رکعت نماز پانچ سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سُورۂ فاتحہ کے سُورۂ کافرون تین تین مرتبہ اور سُورۂ اخلاص تین دفعہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ پاک قیامت کے دن شہیدوں میں شامل کرے گا اور ہزار درجے اس کے بُلند کرے گا۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَ

لَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ ط وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ

الْخَیْرُ ط وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ

لِمَآ اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ

ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ ط

پہلی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ الم نشرح ایک بار، سورۂ اخلاص ایک بار، سورۂ فلق ایک بار، سورۂ ناس ایک بار پڑھے جب دو رکعت کا سلام پھیرے تو کلمۂ توحید تینتیس ۳۳ بار اور درود شریف تینتیس ۳۳ بار پڑھے۔ پھر دو رکعت کی نیت باندھ کر پہلی دو رکعت کی طرح پڑھے پھر بعد سلام کے کلمۂ توحید تینتیس ۳۳ دفعہ اور درود شریف تینتیس ۳۳ دفعہ پڑھ کر جو بھی حاجت ہو اللہ پاک سے طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر حاجت قبول ہوگی۔

ماہ رجب کی پہلی تاریخ بعد نماز ظہر دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے اپنے پچھلے گناہوں سے توبہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درگاہ رب العزت سے اس نماز کے پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف ہو کر مغفرت ہوگی۔

ماہِ رجب کی ہر شب جمعہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ بقرہ کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے کٰفِرِیْنَ ؏ تک سات مرتبہ پڑھے پھر دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ حشر کی آخری آیات هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ تا الْحَکِیْمُ ؏ سات مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے بارگاہ الٰہی میں جو بھی حاجت ہو طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو دعا مانگے قبول ہوگی۔ ہر مراد کے لیے یہ نماز بہت افضل ہے۔

لیلۃ الرغائب اسی مہینہ میں ہوتی ہے اس مہینہ کے پہلے جمعہ کی رات کا نام لیلۃ الرغائب ہے اس رات میں بعد مغرب کے بارہ رکعت نفل چھ سلام سے ادا کی جاتی ہے ہر رکعت میں بعد الحمد کے انا انزلنٰہ تین بار اور اخلاص بارہ مرتبہ پڑھے بعد فراغ ستر بار پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

پھر سجدہ میں جا کر ستر بار پڑھے۔

سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ط

اور پھر سر اٹھائے اور کہے۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَ يُحَادُ زُعَمَا تَعْلَمُ اِنَّكَ

اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْاَعْظَمُ ط ستر مرتبہ

پھر دوسرا سجدہ اسی طرح کرے پھر جو دُعا مانگے گا قبول ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

ماہ رجب کے پہلے جمعہ کو ظہر اور عصر کے درمیان چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے آیۃ الکرسی سات بار اور سورۂ اخلاص پانچ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے پچیس مرتبہ یہ پڑھے۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ ط

پھر ایک سو مرتبہ یہ استغفار پڑھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ

غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ط

بعد ازاں ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر جو بھی دُعا کرے خواہ دنیاوی ہو یا دینی۔ انشاء اللہ تعالیٰ درگاہ الٰہی میں ضرور قبول ہوگی۔

پندرھویں شب کو بعد نماز عشاء دس رکعت نماز پانچ سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین دفعہ پڑھے۔

بعد نماز کے یہ دُعا پڑھے:۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ
الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا
فَرْدًا وَّتْرًا لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ط

اس نماز کے پڑھنے والے کے گناہ ایسے جھڑیں گے جیسے درخت کے سوکھے پتے جھڑ جاتے ہیں۔
ماہ رجب کے کسی جمعہ کی شب کو بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر دو رکعت میں بعد سُورۂ فاتحہ کے آیۃ الکرسی گیارہ مرتبہ، سورۂ زلزال گیارہ مرتبہ، سورۂ تکاثر گیارہ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے درگاہ الٰہی میں اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما کر اللہ پاک اس کی بخشش فرمائے گا۔

نفل نماز شب معراج

ماہ رجب کی ستائیسویں شب کو بارہ رکعت نماز تین سلام سے پڑھے پہلی چار رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد سُورۂ قدر تین تین مرتبہ ہر رکعت میں بعد سلام کے ستر مرتبہ بیٹھ کر یہ پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ط

دوسری چار رکعت میں بعد سُورۂ فاتحہ کے سُورۂ نصر تین تین مرتبہ ہر رکعت میں بعد سلام کے بیٹھ کر ستر مرتبہ پڑھے۔

اِنَّكَ قَوِيٌّ مُّعِيْنٌ وَّاحِدٌ دَلِيْلٌ بِحَقِّ اِيَّاكَ

نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ط

تیسری چار رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ ہر رکعت میں بعد سلام کے بیٹھ کر ستر مرتبہ سُورۂ الم نشرح پڑھے پھر درگاہِ ربُّ العزت میں دُعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جو حاجت ہوگی وُہ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا۔

ماہ رجب کی ستائیس تاریخ بعد نماز ظہر چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد سُورۂ فاتحہ کے سُورۂ قدر تین مرتبہ، دوسری میں بعد سُورہ فاتحہ کے سُورۂ اخلاص تین دفعہ، تیسری میں بعد سورۂ فاتحہ کے سُورۂ فلق تین مرتبہ، چوتھی میں بعد سُورۂ فاتحہ کے سُورۂ ناس تین دفعہ پڑھے۔ بعد سلام کے درُود پاک ایک سو مرتبہ پڑھے۔ یہ نماز ہر مُراد کے لیے انشاءاللہ تعالیٰ بہت افضل ہے۔

آخر ماہ رجب میں دس رکعتیں پانچ سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون تین بار اور سُورۂ اخلاص تین بار پڑھے۔ پھر بعد نماز کے ہاتھ اٹھائے اور یہ دُعا مقدسہ پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ
الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ
الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَ
لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط

پھر مانگ تو اپنے رب سے حاجت اپنی، قبول کی جاوے گی دعا تیری اور کرے گا اللہ تعالیٰ درمیان تیرے اور دوزخ کے ستر خندق۔ ہر ایک خندق کی چوڑائی پانچ سو برس کی راہ ہوگی

اور لکھے گا اللہ تعالیٰ تیرے واسطے بدلے ہر رکعت کے ثواب ہزار رکعت کا۔ جب سُنی یہ حدیث سلمان نے تو روتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے شکر کے لیے اس کثیر ثواب کے انعام پر سجدہ میں گر پڑے۔

وظائف

ماہ رجب میں پہلی تاریخ سے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ اس دُعا کو پڑھنے کی بہت فضیلت ہے۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ ط اِلَيْهِ تَوْبَةَ عَبْدٍ ظَالِمٍ لَّا يَمْلِكُ نَفْسَهٗ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ط

ماہ رجب المرجب کی پندرہ تاریخ کسی نماز کے بعد ایک مرتبہ یہ استغفار پڑھنی بہت افضل ہے۔ اس دُعا کے پڑھنے والے کی تمام برائیاں مٹا کر اللہ پاک اسے نیکیوں سے بدل دے گا۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ط

ماہ رجب کی کسی تاریخ کو نماز ظہر یا مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد سورۃ کہف ایک بار، سورۃ یٰسٓ ایک بار، سورۃ حٰمٓ السجدہ ایک بار، سورۃ دخان ایک بار، سورہ معارج ایک بار پڑھے۔ پھر سورۃ اخلاص ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ان سورتوں کے پڑھنے والے پر خاص رحمت و برکت عطا فرمائے گا۔

نفل روزہ: حضور اقدس ﷺ فرماتے ہیں ماہِ رجب کے روزوں کی

بہت بڑی فضیلت ہے اور سب سے زیادہ ستائیس تاریخ کے روزہ کا بہت بڑا ثواب ہے اس روزہ سے عذاب قبر اور نار دوزخ سے محفوظ رہے گا۔

ماہِ رجب کے ایک روزہ کا ثواب ہزار روزوں کے برابر ہے۔

شعبانُ المعظم

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے کہ ماہِ شعبان المعظم بہت ہی برگزیدہ مہینہ ہے اور اس ماہِ مبارک کی عبادت کا بے حد ثواب اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔

نفل نماز

ماہِ شعبان کی پہلی شب بعد نمازِ عشاء بارہ رکعت نماز چھ سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے ستّر مرتبہ درودِ پاک پڑھ کر اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کی برکت سے اللہ پاک اس کے گناہ معاف فرما کر داخلِ بہشت کرے گا۔

ماہِ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب بعد نمازِ عشاء آٹھ رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ دفعہ پڑھے اور اس کا ثواب خاتونِ جنت حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بخشے۔ خاتونِ جنّت فرماتی ہیں کہ میں ہرگز بہشت میں قدم نہ رکھوں گی، جب تک اس نماز کے پڑھنے والے کو اپنے ہمراہ داخلِ بہشت نہ کرلوں۔

ماہِ شعبان پہلے جمعہ کی شب نمازِ عشاء کے بعد چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔ اس نماز کی بہت فضیلت ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُسے عُمرے کا ثواب عطا ہوگا۔

شعبان کے پہلے جمعہ کو بعد نمازِ مغرب اور قبل نماز عشاء دو رکعت نماز ادا کرے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے ایک بار آیۃ الکرسی، دس بار سُورۃ اخلاص، ایک بار سُورۃ فلق اور ایک بار سُورۃ ناس پڑھنی ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ یہ نماز ترقیٔ ایمان کے لیے بہت افضل رہے گی۔

چودہ ۱۴ شعبان المعظّم

شعبان کی چودہ تاریخ بعد نمازِ مغرب دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سُورۃ حشر کی آخری تین آیات ایک ایک مرتبہ اور سُورۃ اخلاص تین تین دفعہ پڑھے۔

انشاءاللہ تعالیٰ یہ نماز واسطے مغفرت گناہ بہت افضل ہے۔

شبِ قدر

آنحضرت ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ شعبان المعظّم کی پندرھویں شب کی عبادت بہت افضل ہے۔ فرمایا اس شب کو اللہ پاک اپنے بندوں کیلیے بیشمار دروازے اپنی رحمت کے کھول دیتا ہے اور فرماتا ہے کہ کون ہے جو آج کی رات مجھ سے بخشش طلب کرے اور میں اس کو عذابِ دوزخ سے نجات دے کر اس کی مغفرت کر دوں۔

فرمایا آپ ﷺ نے کہ اس شب کی عبادت کرنے والے پر دوزخ کی آگ اللہ پاک حرام کر دیتا ہے۔

شعبان کی پندرھویں شب کو غسل کرے۔ اگر کسی تکلیف کے سبب غسل نہ کر سکے تو صرف باوضو ہو کر دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے، ہر رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار، سُورۃ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔ یہ نماز بہت افضل ہے۔

شعبان کی پندرھویں شب دو رکعت نماز پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار، سُورۃ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ، بعد سلام کے درُود شریف ایک سو دفعہ پڑھ کر ترقی رزق کی دُعا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس نماز کے باعثِ رزق میں ترقی ہو جائے گی۔

پندرھویں شب ماہ شعبان آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک ایک بار، سورۂ اخلاص پچیس مرتبہ پڑھنی ہے۔ واسطے مغفرت گناہ یہ نماز بہت افضل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کی اللہ پاک بخشش فرمائے گا۔

پندرھویں شب کو آٹھ رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص دس دس مرتبہ پڑھنی ہے۔ اللہ پاک اس نماز کے پڑھنے والے کے لیے بیشمار فرشتے مقرر کرے گا جو اسے عذاب قبر سے نجات کی اور داخلِ بہشت ہونے کی خوشخبری دیں گے۔

شب پندرھویں چودہ رکعت نماز سات سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ کافرون ایک بار، سورۂ اخلاص ایک بار، سورۂ فلق ایک بار اور سورۂ ناس ایک بار پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے آیۃ الکرسی ایک دفعہ پھر سورۂ توبہ کی آخری آیات لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ تا عظیم تک ایک بار پڑھے واسطے قبولیت دُعا خواہ دنیاوی ہو یا دینی یہ نماز بہت افضل ہے۔

شب پندرھویں بعد نماز مغرب کے چھ رکعتیں دو دو رکعت کرکے پڑھے۔ پہلی بار درازیٔ عمر بالخیر، دوسری بار دفع بلا، تیسری بار مخلوق کا محتاج نہ ہونے کی نیّت سے۔ ہر دوگانہ کے بعد سورۂ یٰسٓ ایک بار یا سورۂ اخلاص اکیس بار اور اس کے بعد دُعا نصف شعبان المعظم پڑھے۔

دُعائے نصف شعبان المعظّم

اَللّٰھُمَّ یَا ذَا الْمَنِّ وَلَا یُمَنُّ عَلَیْہِ ط یَا ذَا الْجَلَالِ وَ

الْاِکْرَامِ ط یَا ذَا الطَّوْلِ وَالْاِنْعَامِ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ

ظَھْرَ اللَّاجِیْنَ ط وَجَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ ط وَاَمَانَ الْخَآئِفِیْنَ ط

اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ کَتَبْتَنِیْ عِنْدَکَ فِیْٓ اُمِّ الْکِتٰبِ شَقِیًّا

اَوْ مَحْرُوْمًا اَوْ مَطْرُوْدًا اَوْ مُقَتَّرًا عَلَیَّ فِی الرِّزْقِ فَامْحُ
اَللّٰھُمَّ بِفَضْلِکَ شَقَاوَتِیْ وَحِرْمَانِیْ وَطَرْدِیْ وَاقْتِتَارَ
رِزْقِیْ وَاَثْبِتْنِیْ عِنْدَکَ فِیْ اُمِّ الْکِتٰبِ سَعِیْدًا مَّرْزُوْقًا
مُّوَفَّقًا لِّلْخَیْرَاتِ فَاِنَّکَ قُلْتَ وَقَوْلُکَ الْحَقُّ فِیْ
کِتَابِکَ الْمُنْزَلِ عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّکَ الْمُرْسَلِ یَمْحُوا اللّٰہُ
مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَہٗٓ اُمُّ الْکِتٰبِ ۝ اِلٰھِیْ بِالتَّجَلِّیْ
الْاَعْظَمِ فِیْ لَیْلَۃِ النِّصْفِ مِنْ شَھْرِ شَعْبَانَ الْمُکَرَّمِ
الَّتِیْ یُفْرَقُ فِیْھَا کُلُّ اَمْرٍ حَکِیْمٍ وَّیُبْرَمُ اَنْ تَکْشِفَ
عَنَّا مِنَ الْبَلَآءِ وَالْبَلْوَآءِ مَا نَعْلَمُ وَمَا لَا نَعْلَمُ وَاَنْتَ
بِہٖ اَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَکْرَمُ وَصَلَّی اللّٰہُ
تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ
وَسَلَّمَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

نفل نماز پندرہ تاریخ

شعبان کی پندرہ تاریخ بعد نماز ظہر چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ پہلی رکعت میں

سُورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ زلزال ایک بار۔ سُورۂ اخلاص دس بار، دوسری رکعت میں بعد سُورۂ فاتحہ کے سُورۂ تکاثر ایک بار، سُورۂ اخلاص دس دفعہ۔ تیسری رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد سُورۂ کافرون تین بار، سُورۂ اخلاص دس مرتبہ۔ چوتھی رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی تین بار اور سُورۂ اخلاص پچیس مرتبہ پڑھے۔ اس نماز کی بے حد فضیلت ہے۔ اللہ پاک اس نماز پڑھنے والے پر خاص نظر کرم قیامت کے دن فرمائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کی برکت سے دین و دنیا کی بھلائی حاصل ہوگی۔

اس شب میں قرآن شریف، درود شریف، صلوٰۃ التسبیح اور وظائف پڑھیں۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شب قدر میں بعد نماز عشاء سات مرتبہ اِنَّآ اَنْزَلْنَا پڑھے ہر مصیبت سے نجات ملے، ہزار فرشتے اس کے لیے جنّت کی دُعا کرتے ہیں۔

شب قدر کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ يَا غَفُوْرُ يَا غَفُوْرُ يَا غَفُوْرُ ط

صلوٰۃ التسبیح کی فضیلت

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو یہ نماز پڑھتا ہے اس کے اگلے، پچھلے، ظاہر، پوشیدہ، پرانے نئے، عمداً، سہواً، چھوٹے بڑے تمام گناہ بخشے جاتے ہیں۔ یہ نماز بعد زوال قبل نماز ظہر ادا کرنی چاہیے یا دوسرے وقت میں خواہ روزانہ یا ہر آٹھویں روز یا سال میں ایک مرتبہ۔ ورنہ کم از کم تمام عُمر میں ایک مرتبہ ضرور پڑھے۔

طریقہ ادائیگی چار رکعت نفل صلوٰۃ التسبیح کی نیت باندھیں اور سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ

پورا پڑھے۔ پھر پندرہ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط پڑھیں اگر اس کے ساتھ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط پڑھیں تو زیادہ ثواب ہے۔ پھر سُورۃ فاتحہ کے ساتھ کوئی اور سُورۃ پڑھیں۔ پھر دس بار رکوع میں، دس بار پھر قومہ میں، دس بار پھر اوّل سجدہ میں، دس بار پھر جلسہ میں، دس بار پھر دوسرے سجدہ میں پڑھیں۔ اسی طرح چار رکعتیں پڑھیں۔ یہ یاد رہے کہ شروع میں قرأت سے پہلے پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ پھر دس دس بار پڑھنی ہے۔ (مشکوٰۃ، عالمگیری، شامی) نیز پہلی رکعت میں سورۃ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ دوسری میں وَالْعَصْرِ تیسری میں قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ چوتھی میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھیں (غایۃ الاوطار) اگر کسی کو یہ سُورتیں یاد نہ ہوں تو کوئی اور سورتیں پڑھیں۔

وظائف

ماہ شعبان میں روزانہ ہر نماز کے بعد اس دُعا کو پڑھنا واسطے مغفرت گناہ بہت افضل ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ
الْقَيُّوْمُ اِلَيْهِ تَوْبَةَ عَبْدٍ ظَالِمٍ لَّا يَمْلِكُ نَفْسَهٗ
ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ط

رسُولِ اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ ماہ شعبان المعظم میں جو کوئی تین ہزار مرتبہ درود شریف پڑھ کر مجھ کو بخشے گا بروز حشر اس کی شفاعت کرنی مجھ پر واجب ہو جائے گی۔

شعبان المعظم کی چودہ تاریخ کو بعد نماز عصر آفتاب غروب ہونے کے وقت باوضو چالیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

اللہ پاک اس دعا کے پڑھنے والے کے چالیس سال کے گناہ معاف فرمادے گا۔

پندرھویں شب کو سورۃ بقر کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے کٰفِرِیْنَ تک اکیس مرتبہ پڑھنا واسطے امن وسلامتی، حفاظت جان ومال افضل ہے۔

شب پندرھویں سورۃ یٰسٓ تین دفعہ پڑھنے سے حسب ذیل فائدے ہیں۔

ترقیٔ رزق، درازیٔ عمر، ناگہانی آفتوں سے محفوظ رہنا۔

شعبان کی پندرھویں شب سورۃ دخان سات مرتبہ پڑھنی بہت افضل ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ پروردگار عالم ستر حاجات دنیا کی اور ستر حاجات عقبیٰ کی قبول فرمائے گا۔

نفل روزہ

ماہِ شعبان کی پندرہ تاریخ کے روزے کی بڑی فضیلت ہے جو کوئی یہ روزہ رکھے گا۔

باری تعالیٰ اس کے پچاس سال کے گناہ معاف فرمائے گا۔

رمضان المبارک

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ماہِ رمضان بہت ہی بابرکت اور فضیلت والا مہینہ ہے۔ یہ صبر وشکر اور عبادت کا مہینہ ہے اور اس ماہ مبارک کی عبادت کا ثواب ستر درجہ عطا ہوتا ہے۔ جو کوئی اپنے پروردگار کی عبادت کرکے اس کی خوشنودی حاصل کرے گا۔ اس کی بہت بڑی جزا اللہ تعالیٰ عطا فرمائے گا۔

پہلی شب قدر

حضور انور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میری اُمت میں سے جو مرد یا عورت یہ

خواہش کرے کہ میری قبر نور کی روشنی سے منور ہو تو اسے چاہیئے کہ ماہ رمضان کی شب قدروں میں کثرت کے ساتھ عبادت الٰہی بجالائے تاکہ ان مبارک اور متبرک راتوں کی عبادت سے اللہ پاک اس کے نامۂ اعمال سے بُرائیاں مٹا کر نیکیوں کا ثواب عطا فرمائے۔

شب قدر کی عبادت ستر ہزار شب کی عبادتوں سے افضل ہے۔

اکیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سُورۂ قدر ایک ایک بار، سورۂ اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ درُود پاک پڑھے۔

انشاءاللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کے حق میں فرشتے دُعائے مغفرت کریں گے۔

اکیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک ایک بار، سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے نماز ختم کر کے ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔

انشاءاللہ تعالیٰ اس نماز اور شب قدر کی برکت سے اللہ پاک اس کی بخشش فرمائے گا۔

دُوسری شبِ قدر

ماہ مُبارک کی تیئسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سُورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک بار، سُورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے۔

انشاءاللہ تعالیٰ واسطے مغفرت گناہ کے یہ نماز بہت افضل ہے۔

تیئسویں شب قدر کو آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۂ فاتحہ کے سُورۂ قدر ایک ایک دفعہ، سُورۂ اخلاص ایک ایک بار پڑھے۔ بعد سلام کے ستر دفعہ کلمہ تمجید پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

تیسری شبِ قدر

ماہ رمضان کی پچیس تاریخ کی شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ بعد سُورۂ فاتحہ

کے سُورۃ قدر ایک ایک بار، سورۃ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ ہر رکعت میں پڑھنی ہے بعد سلام کے کلمہ طیّب ایک سو دفعہ پڑھنا ہے۔ درگاہ رب العزت سے انشاء اللہ تعالیٰ بے شمار عبادت کا ثواب عطاء ہوگا۔

پچیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورۃ قدر تین تین مرتبہ، سُورۃ اخلاص تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے ستّر دفعہ استغفار پڑھے یہ نماز بخشش کے لیے بہت افضل ہے۔

پچیسویں شب قدر کو دو رکعت نماز پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورۃ قدر ایک ایک مرتبہ، سُورۃ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے ستّر دفعہ کلمہ شہادت پڑھنا ہے یہ نماز واسطے نجات عذابِ قبر بہت افضل ہے۔

چوتھی شبِ قدر

ستائیس شب قدر کو بارہ رکعت نماز تین سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سُورۃ قدر ایک ایک مرتبہ، سُورۃ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے ستّر مرتبہ استغفار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کو نبیوں کی عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ العظیم۔

ستائیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورۃ قدر تین تین دفعہ۔ سُورۃ اخلاص ستائیس مرتبہ پڑھ کر گناہوں کی مغفرت طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام پچھلے گناہ اللہ پاک معاف فرمائے گا۔

ستائیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورۃ تکاثر ایک ایک بار۔ سُورۃ اخلاص تین تین بار پڑھے۔ اس نماز کو پڑھنے والے پر سے اللہ پاک موت کی سختی آسان کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس پر سے عذابِ قبر بھی معاف ہو جائے گا۔

ستائیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سورۃ اخلاص سات سات مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے ستّر دفعہ یہ تسبیح معظم پڑھنی ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کو پڑھنے والے اپنے مصلے سے نہ اُٹھیں گے کہ اللہ پاک اس کے اور اس کے والدین کے گناہ معاف فرماکر مغفرت فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دے گا کہ اس کے لیے جنت آراستہ کرو اور فرمایا کہ وہ جب تک تمام بہشتی نعمتیں اپنی آنکھ سے نہ دیکھ لے گا۔ اس وقت تک موت نہ آئے گی۔ واسطے مغفرت یہ نماز بہت ہی افضل ہے۔

ستائیس شب قدر کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورہ الم نشرح ایک ایک بار، سُورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام ستائیس مرتبہ سُورۃ قدر پڑھے۔

انشاء اللہ العظیم واسطے ثواب بیشمار عبادت کے یہ نماز بہت افضل ہے۔

ستائیسویں شب کو چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورۃ قدر تین تین دفعہ، سُورۃ اخلاص پچاس پچاس مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام سجدہ میں سر رکھ کر ایک مرتبہ یہ کلمات پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ ط

اس کے بعد جو حاجت دُنیادی یا دینی طلب کرے وہ انشاء اللہ تعالیٰ درگاہِ باری تعالیٰ میں قبول ہوگی۔

پانچویں شب قدر

انتیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورۃ قدر ایک ایک بار، سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے بعد سلام کے سُورۃ الم نشرح ستر مرتبہ پڑھے۔ یہ نماز واسطے کامل ایمان کے بہت افضل ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اللہ تبارک وتعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو دُنیا سے مکمل ایمان کے ساتھ اٹھائے گا۔

ماہ رمضان کی انتیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سُورۃ قدر ایک ایک بار سُورۃ اخلاص پانچ پانچ بار پڑھے۔ بعد سلام کے دُرود شریف ایک سو دفعہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو دربارِ الٰہی سے بخشش اور مغفرت عطا ہوگی۔

وظائف

ماہِ رمضان کی پہلی شب بعد نمازِ عشاء ایک مرتبہ سُورۃ فتح پڑھنا بہت افضل ہے۔

ماہِ رمضان کی پہلی شب بعد نمازِ تہجد آسمان کی طرف منہ کرکے بارہ مرتبہ یہ دُعاء پڑھنی بہت افضل ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَقُّ الْقَيُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ط

اس کے پڑھنے والے کو بیشمار نعمتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کی جائیں گی۔

ماہِ رمضان المبارک میں روزانہ ہر نماز کے بعد اس دُعائے مغفرت کو تین مرتبہ پڑھنا بہت افضل ہے:۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ
الْقَیُّوْمُ اِلَیْہِ تَوْبَۃَ عَبْدٍ ظَالِمٍ لَّا یَمْلِکُ نَفْسَہٗ
ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَیٰوۃً وَّلَا نُشُوْرًا ط

رمضان شریف میں ہر نماز عشاء ، وتراویح کے بعد روزانہ تین مرتبہ کلمہ طیب پڑھنے کی بہت فضیلت ہے۔ اول مرتبہ پڑھنے سے گناہوں کی مغفرت ہوگی۔ دوسری دفعہ پڑھنے سے دوزخ سے آزاد ہونا تیسری دفعہ پڑھنے سے جنت کا مستحق ہوگا۔

ماہ رمضان المبارک کی اکیسویں شب کو اکیس مرتبہ سورۃ قدر پڑھنا بھی بہت افضل ہے۔

تیئسویں شب کو سورۃ یٰس ایک مرتبہ، سورۃ رحمٰن ایک مرتبہ پڑھنی بہت افضل ہے۔

پچیسویں شب کو سات مرتبہ سورۃ دخان پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ پاک اس سورۃ کے پڑھنے کے باعث عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا۔

پچیسویں شب کو سات مرتبہ سورۃ فتح پڑھنا واسطے ہر مراد کے بہت افضل ہے۔

ستائیس شب قدر کو ساتوں حٰم پڑھے۔ یہ ساتوں حٰم عذاب قبر سے نجات اور مغفرت گناہ کے لیے بہت افضل ہے۔

ستائیسویں شب کو سورۃ ملک سات مرتبہ پڑھنی واسطے مغفرت گناہ بہت افضل ہے۔

ماہ رمضان المبارک کی انتیس شب کو سات مرتبہ سورۃ واقعہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ترقی رزق کے لیے بہت افضل ہے۔

ماہ رمضان کی کسی شب میں بعد نماز عشاء، سات مرتبہ سورۃ قدر پڑھنی بہت افضل ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے سے ہر مصیبت سے نجات حاصل ہوگی۔

جُمعۃُ الوداع

رمضان المبارک کے آخری جمعہ کو بعد نماز ظہر دو رکعت پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سُورۃ زلزال ایک بار، سُورۃ اخلاص دس بار۔ دوسری میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سورۃ کافرون تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے دس مرتبہ درُود شریف پڑھے۔ پھر دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے سُورۃ تکاثر ایک بار، سورۃ اخلاص دس دفعہ، دوسری رکعت میں بعد سُورۃ فاتحہ کے آیۃ الکرسی تین مرتبہ، سورۃ اخلاص پچیس مرتبہ۔ بعد سلام کے درُود شریف دس دفعہ پڑھے۔

اس نماز کے بے شمار فضائل ہیں اور اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ پاک قیامت تک بے انتہا عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

شوّالُ المکرّم

سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ شوال المکرم بڑی عظمت و بزرگی والا مہینہ ہے اور اس ماہ کی عبادت کا بہت ثواب ہے۔

نفل نماز

پہلی شب ماہِ شوال بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص ۲۱، ۲۱ مرتبہ پڑھنی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کے لیے اللہ پاک جنّت کے دروازے کھول دے گا۔ اور دوزخ کے دروازے بند کر دے گا۔

شوال کی پہلی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سُورۃ اخلاص تین تین دفعہ، سُورۃ فلق تین تین دفعہ، سُورۃ ناس تین تین دفعہ پڑھے۔

بعد سلام کے کلمہ تمجید ستر مرتبہ پڑھ کر اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔ اللہ پاک اس نماز کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر اس کی توبہ قبول فرمائے گا۔

عید الفطر

شوال کی پہلی تاریخ بعد نماز ظہر آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پچیس پچیس مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ سبحان اللہ، ستر مرتبہ استغفار اور ستر مرتبہ یہ درود شریف پڑھنا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

انشاء اللہ العظیم اس نماز کے پڑھنے والے کی اللہ پاک ستر حاجات دنیا کی اور ستر حاجات آخرت کی قبول فرماتے گا اور اس کے لیے بیشمار دروازے اپنی رحمت کے کھول دے گا۔

نفل روزہ

ماہ شوال المکرم کی دوسری تاریخ سے چھ روزے رکھنے کی بڑی فضیلت ہے۔ فرمایا رسولِ اقدس ﷺ نے جو رکھے چھ روزے شوال کے تو دے گا اللہ پاک اسے ثواب ہزار روزے کا اور کرے گا اس پر آگ دوزخ کو حرام اور اس کے نامۂ اعمال میں بے شمار نیکیوں کا ثواب عطا کرے گا۔

خواہ یہ روزے برابر رکھے یا دوسری کا رکھ کر چھوڑ دیں مگر اسی ماہ تمام روزے رکھ کر پورے کرنے ہوں گے۔

ذیقعدہ

حضرت محمد ﷺ فرماتے ہیں کہ ماہ ذیقعدہ بہت بزرگی والا مہینہ ہے اور اس ماہ کی عبادت بہت افضل ہے۔

نفل نماز

ماہ ذیقعدہ کی پہلی شب بعد نماز عشاء، چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تیئس تیئس مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے اپنے گناہوں سے توبہ کر کے اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کی برکت سے اللہ پاک اس کی بخشش فرمائے گا۔ اور حشر کے دن اس کی پیشانی آفتاب سے زیادہ روشن ہوگی۔

ماہ ذیقعدہ کی ہر رات کو بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے ہر رات عمرے کا ثواب عطاء ہوگا۔

ذیقعدہ کے مہینے میں ہر جمعہ بعد نماز ظہر چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص اکیس اکیس مرتبہ پڑھنی ہے۔

اس نماز کے پڑھنے والے کو انشاء اللہ تعالیٰ حج وعمرہ کا ثواب اللہ پاک عطا فرمائے گا۔

نفل روزہ

ماہ ذیقعدہ میں جو کوئی کسی دن ایک روزہ رکھے، اللہ پاک اس کو ثواب عمرے کا عطا فرمائے گا۔ اور اس ماہ میں پیر کے روز جو کوئی روزہ رکھے گا بے شمار عبادت کا ثواب ملے گا۔

ذی الحجہ

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ پاک نے ماہ ذی الحجہ کو بڑی بزرگی اور فضیلت کا مہینہ فرمایا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس ماہ کے دس دن بہت متبرک ہیں اور اس کی عبادت کا بہت ثواب ہے اور فرمایا کہ دس دن میں تین دن یوم ترویہ۔ یعنی آٹھ تاریخ یوم عرفہ۔ یعنی ۹ تاریخ یوم نحر ذی الحجہ کی دس تاریخ ہیں۔ یہ تین دن تمام دنوں سے زیادہ مبارک ہیں اور ان کی عبادت کا بے انتہا ثواب بھی ہے۔

نفل نماز

ماہ ذی الحجہ کی پہلی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پچیس پچیس مرتبہ پڑھنی ہے۔ اللہ پاک اس نماز کے پڑھنے والے کو بیشمار نمازوں کا ثواب عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

پہلی شب سے دسویں شب تک روزانہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ کوثر تین تین بار، سورۃ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کی عظمت کے سبب اللہ پاک اس کے نامۂ اعمال میں بیشمار نیکیاں عطا فرما کر بیشمار برائیاں مٹا دے گا۔

ماہ ذی الحجہ کی پہلی شب سے دسویں شب تک روزانہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار سورۃ اخلاص پندرہ بار۔ دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ بقر کا آخری رکوع ایک بار، سورۃ اخلاص پندرہ دفعہ پڑھے۔ اس نماز پڑھنے والے کے گناہ اگر ریت کے ذروں کے برابر بھی ہوں گے تب بھی پروردگار عالم اپنی قدرت کاملہ سے اس کے گناہ معاف فرما کر انشاء اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے گا۔

ذی الحجہ کی دوسری شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ

فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی تین بار، سورۃ اخلاص تین بار، سورۃ فلق تین بار اور سورۃ ناس تین بار پڑھنی ہے۔

بعد سلام کے گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر دعا کے لیے ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھیں۔

سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ ذِی
الْقُدْرَۃِ وَالْمَلَکُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْحَیِّ الَّذِیْ
لَایَمُوْتُ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ھُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ وَھُوَ
حَیٌّ لَّایَمُوْتُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعِبَادِ وَالْبِلَادِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا عَلٰی کُلِّ حَالٍ اَللّٰہُ
اَکْبَرُ کَثِیْرًا رَبُّنَا جَلَّ جَلَالُہٗ وَقُدْرَتُہٗ بِکُلِّ مَکَانٍ ط

دُعا کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر بارگاہ رب العزت میں جو بھی دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

ذی الحجہ کی پہلی جمعرات کی شب بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ کوثر ایک بار، سورۃ اخلاص ایک بار پڑھے۔ صدق دل سے اس نماز کا پڑھنے والا اپنی زندگی میں ہی اپنا مقام بہشت بریں میں دیکھ لے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ذی الحجہ کے پہلے جمعہ کو بعد نماز ظہر چھ رکعت نماز تین سلام سے پڑھنی ہے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھیں پھر بعد سلام کے دس مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھیں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ط

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر نماز کی قبولیت اور بخشش گناہ کے لیے اللہ تعالیٰ سے دُعاء مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ پاک اپنی قدرت کاملہ سے اس نماز پڑھنے والے کو اس کے گناہ معاف فرما کر داخل بہشت فرمائے گا۔

وظائف

ذی الحجہ کی پہلی تاریخ اور چھٹی تاریخ کو بعد نماز فجر یا ظہر حسب ذیل کلمات ایک سو مرتبہ پڑھیں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

ذی الحجہ کی دوسری اور ساتویں تاریخ بعد نماز فجر یا ظہر مندرجہ ذیل کلمات ایک سو مرتبہ پڑھیں۔

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اِلٰھًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا فَرْدًا وِّتْرًا وَّلَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا ط

ذی الحجہ کی تیسری اور آٹھویں تاریخ کو بعد نماز فجر یا ظہر مندرجہ ذیل کلمات ایک سو دفعہ پڑھنے ہیں۔

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ

اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ

كُفُوًا اَحَدٌ ط

ذی الحجہ کی چوتھی اور نویں تاریخ بعد نماز فجر یا ظہر ایک سو مرتبہ حسب ذیل کلمات پڑھنے ہیں۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ

الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

عشرہ ذی الحجہ میں روزانہ باوضو کسی وقت بھی سُورۂ فجر کا پڑھنا بہت افضل ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی ان مبارک ایام حرمت کو مدنظر رکھتے ہوئے سُورۂ فجر کا ورد کرے گا حق تعالیٰ یوم حساب اس کی بخشش فرماتے گا اور اس کیلیے اس دن کوئی خوف نہ ہوگا۔

ذی الحجہ کے دس دن برابر بکثرت سُورۂ ضحیٰ پڑھنے کی بڑی فضیلت ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سُورت کے پڑھنے والے کو انشاء اللہ تعالیٰ آتشِ دوزخ سے نجات عطا فرماتے گا۔

عیدالاضحیٰ کے دن کسی وقت باوضو قرآنِ کریم کی کم ازکم سو آیات تلاوت کرے اللہ پاک اسے بہشت کی بے شمار نعمتیں انشاء اللہ تعالیٰ عطا فرماتے گا۔

نفل روزہ

ماہ ذی الحجہ کی پہلی تاریخ سے نو تاریخ تک کے روزوں کی بڑی فضیلت ہے اور سب سے زیادہ سات آٹھ، نو تاریخ کے روزے رکھنے کے بہت فضائل ہیں۔ اللہ پاک ان روزوں کا بہت ثواب عطا فرمائے گا۔

یاد رہے کہ عملیات اور دعاؤں میں زیادہ دخل پڑھنے کی نیت، توجہ اور یکسوئی کو ہوتا ہے جتنی زیادہ توجہ اور صدق دل اور یقین سے ان کو پڑھا جائے گا اتنا ہی زیادہ اثر ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

وضاحت

یہ منزل چالیس دن تک یا ایک سو بیس دن تک صبح و شام یا ہر نماز کے بعد اہتمام سے پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ بہت ہی فائدہ ہوگا، ہاں اس کے ساتھ مرد حضرات پانچ وقت کی نماز جماعت سے مسجد میں پڑھیں اور اس کے ساتھ ساتھ مسجد کو آباد کرنے کے لیے چوبیس گھنٹوں میں سے ڈھائی گھنٹے سے لے کر آٹھ گھنٹے تک مسجد میں دینے کی کوشش کریں اور مسجد اور محلہ والوں کو بٹھا کر فکر کریں کہ مسجد سے ملحقہ آبادی کا ہر بالغ مرد مسجد میں آکر نماز پڑھے، اور عورتیں گھروں پر اذان ہوتے ہی نماز پڑھ لیں، اور گھر میں کسی جاندار کی تصویر نہ ہو۔ اور چھوٹے بڑے گناہوں سے بچنے کی پوری کوشش کریں، اگر غلطی سے گناہ ہو جائے تو توبہ استغفار کرلیں، اور صدقہ کی کثرت رکھیں۔ ان چاروں باتوں کے اہتمام سے بہت ہی جلد سحر بلا اور مصیبت سے نجات مل جائے گی۔

منزل کی تمام آیتوں کے حوالے کے لیے دیکھیں:۔

(مسند احمد ۵: ۱۲۸، الفتح الربانی ۱۷: ۱۸۳، مجمع الزوائد ۵: ۱۱۵)

*

مَنْزِل

آسیب، سحر اور دیگر خطرات کے دفعیہ کیلیے اس کا ورد مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ؕ

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ ع سورۃ الفاتحہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

الٓمّٓ ۚ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ فِيْهِ ۛۚ هُدًى

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ۙ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ۙ

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ

مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ؕ

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (سورۃ البقرۃ آیت ۱تا۵)

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ

الرَّحِيْمُ ۝ (سورۃ البقرۃ آیت ۱۶۳)

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ

سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۭ

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ یَعْلَمُ

مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ

بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَ

هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○ لَآ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۟ۙ قَدْ

تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

وَیُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی ۗ

لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ○ اَللّٰهُ

وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۙ یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

اِلَی النُّوْرِ ۭ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِیٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ

یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰٓئِكَ

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ○ (سورۃ البقرۃ آیت ۲۵۵ تا ۲۵۷)

لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا
مَا فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ
فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ
عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ
اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ
مَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ
مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۗ غُفْرَانَكَ
رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝ لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا
وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَیْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ
رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ نَّسِیْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا
وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَاۤ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ
مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ
وَاعْفُ عَنَّا ۥ وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وَارْحَمْنَا ۥ اَنْتَ
مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ۝

سورۃ البقرہ
آیت ۲۸۴ تا ۲۸۶

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا
الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ۝ آل عمران آیت ۱۸

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ
وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ
تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ
شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ
فِى الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ
الْمَيِّتَ مِنَ الْحَىِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ
حِسَابٍ ۝ (آل عمران آیت ۲۶-۲۷)

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۫ يُغْشِى
الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ

تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ
خُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۚ وَلَا تُفْسِدُوْا فِى
الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ
اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ سُوْرَةُ الاعراف آیت ۵۴ تا ۵۶

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا
فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا
تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا وَقُلِ
الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ
لَّهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِىٌّ مِّنَ
الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ؏ سُوْرَةُ بنی اسرائیل ، آیت ۱۱۰ تا ۱۱۱

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا
تُرْجَعُوْنَ ○ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَا اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ○ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ
اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ

عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ○ وَقُلْ رَّبِّ
اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○ سورۃ المؤمنون آیت ۱۱۵ تا ۱۱۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ○ۙ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ○ۙ فَالتّٰلِيٰتِ
ذِكْرًا ○ۙ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ○ؕ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ○ؕ اِنَّا زَيَّنَّا
السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ○ۙ وَحِفْظًا مِّنْ
كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ○ۚ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ
الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ○ۖ دُحُوْرًا
وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ○ۙ اِلَّا مَنْ خَطِفَ
الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ○ فَاسْتَفْتِهِمْ
اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ
طِيْنٍ لَّازِبٍ ○ سورۃ الصّٰفّٰت آیت ۱ تا ۱۱

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ

تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ
لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا
تُکَذِّبٰنِ ○ یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ۵ وَّ
نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا
تُکَذِّبٰنِ ○ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَکَانَتْ وَرْدَةً
کَالدِّهَانِ ○ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ○ فَیَوْمَئِذٍ
لَّا یُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ
رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ○ سورۃ الرحمٰن آیت ۳۳ تا ۴۰
لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا
مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ
نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ
الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ
هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ

الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ
عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ
لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ (سورۃ الحشر آیت ۲۱ تا ۲۴)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْۤا
اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ لا یَّهْدِیْۤ اِلَى الرُّشْدِ
فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَاۤ اَحَدًا ۝ لا وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى
جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ لا وَّاَنَّهٗ كَانَ
یَقُوْلُ سَفِیْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝ سورۃ الجن آیت ۱ تا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لا لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ لا
وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝ ج وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا
عَبَدْتُّمْ ۝ لا وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ ۝ لَكُمْ

دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ع (سورۃ الکافرون)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ج اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ج لَمْ يَلِدْ ۝لا

وَلَمْ يُوْلَدْ ۝لا وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ع (سورۃ الاخلاص)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝لا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝لا وَ

مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝لا وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

فِي الْعُقَدِ ۝لا وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ع (سورۃ الفلق)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝لا مَلِكِ النَّاسِ ۝لا

اِلٰهِ النَّاسِ ۝لا مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝صلے

الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝لا مِنَ

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ع (سورۃ الناس)

*

حادثات سے بچنے کا

وظیفہ

حضرت طلقؒ فرماتے ہیں کہ :-

ایک شخص حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ کا مکان جل گیا، فرمایا نہیں جلا۔ پھر دوسرے شخص نے آکر یہی اطلاع دی تو فرمایا نہیں جلا۔ پھر تیسرے شخص نے آکر یہی خبر دی، آپ نے فرمایا نہیں جلا۔ پھر ایک اور شخص نے آکر کہا کہ اے ابوالدرداء آگ کے شرارے بہت بلند ہوئے مگر جب آپ کے مکان تک آگ پہنچی تو بجھ گئی۔ فرمایا مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا (کہ میرا مکان جل جائے) کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ (میں نے صبح یہ کلمات پڑھے تھے اس لیے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا۔

وُہ کلمات یہ ہیں

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْكَ تَوَكَّلْتُ

وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ كَانَ

وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا

بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی كُلِّ

شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ

عِلْمًا ۝ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَ

مِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِھَآ اِنَّ

رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝

بِاسْمِہٖ سُبْحَانَہٗ

حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا وَّمُسَلِّمًا

ذیل میں جن قرآنی آیات کو درج کیا گیا ہے وُہ ہمارے خاندان میں منزل کے نام سے معروف ہیں۔ ہمارے خاندان کے اکابر عملیات اور ادعیہ میں اس منزل کا بہت اہتمام فرمایا کرتے تھے اور بچوں کو بچپن ہی سے یہ منزل بہُت اہتمام سے یاد کرانے کا دستور تھا۔

دُرُوْدِ تُنْجِیْنَا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ
الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ
الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ
وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجٰتِ وَتُبَلِّغُنَا
بِهَآ اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرٰتِ فِي
الْحَيَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ
وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ وَيَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ وَيَا كَافِيَ
الْمُهِمَّاتِ وَيَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتِ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ
اَغِثْنِيْ يَآ اِلٰهِيْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ
وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۝

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

یَآ اَللّٰہُ اُنۡصُرۡنَا فَاِنَّکَ خَیۡرُ النّٰصِرِیۡنَ ○

اے اللہ! ہماری مدد فرما کیونکہ تُو سب سے بہتر مدد کرنے والا ہے

یَآ اَللّٰہُ وَافۡتَحۡ لَنَا فَاِنَّکَ خَیۡرُ الۡفَاتِحِیۡنَ ○

اے اللہ! اور تُو ہم کو فتح دے کیونکہ تُو سب سے بہتر فتح دینے والا ہے

یَآ اَللّٰہُ وَاغۡفِرۡ لَنَا فَاِنَّکَ خَیۡرُ الۡغَافِرِیۡنَ ○

اے اللہ! اور تُو بخش ہم کو کیونکہ تُو سب سے بہتر بخشنے والا ہے

یَآ اَللّٰہُ وَارۡحَمۡنَا فَاِنَّکَ خَیۡرُ الرَّاحِمِیۡنَ ○

اے اللہ! اور رحم کر ہم پر کیونکہ تُو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے

یَآ اَللّٰہُ وَارۡزُقۡنَا فَاِنَّکَ خَیۡرُ الرَّازِقِیۡنَ ○

اے اللہ! اور ہم کو رزق دے کیونکہ تُو سب سے بہتر رزق دینے والا ہے

یَآ اَللّٰہُ وَاحۡفَظۡنَا فَاِنَّکَ خَیۡرُ الۡحَافِظِیۡنَ ○

اے اللہ! اور تُو ہماری حفاظت فرما کیونکہ تُو سب سے بہتر حفاظت کرنے والا ہے

یَآ اَللّٰہُ وَاهۡدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ ○

اے اللہ! اور ہم کو ہدایت کر اور ہم کو ظالموں کی قوم سے بچا

درودِ قرآنی

اس درودِ پاک کے الفاظ میں یہ کہا گیا ہے کہ اے اللہ قرآنِ پاک کے الفاظ کے برابر نبی اکرم ﷺ پر صلوٰۃ بھیج۔ اس لیے اسے قرآنی درود کہا جاتا ہے۔ اس درود کے پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ کی بے پناہ رحمت ہوتی ہے۔ کیونکہ اس درود کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی رحمت کا خاص دخل ہے۔ اگر بارش نہ ہوتی ہو تو علاقہ کے لوگ ایک مسجد میں جمع ہو کر اجتماعی صورت میں شماروں پر سوا لاکھ مرتبہ یہ درود پڑھیں اور اس کے بعد بارش کی دُعا کریں انشاءاللہ بارگاہ رَبُّ العزت میں دُعا قبول ہو گی اور رحمتِ ربی کا بادل آسمان پر چھا کر برسنا شروع کر دے گا۔

اس درودِ پاک کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ پڑھنے والے کے دل میں حُبِ رسُول ﷺ بہت بڑھ جاتی ہے اور حضور ﷺ کی ذاتِ گرامی سے کمال محبّت نصیب ہوتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

اے اللہ! درود بھیج اوپر محمد ﷺ کے اور ان کی اولاد کے اور ان کے دوستوں

بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا

کے مطابق قرآن کے حروف کی تعداد کے مطابق

وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ط

اور ہر ہر حرف کے بدلے ایک ایک ہزار کے عدد کے مطابق

درُودِ فقری

یہ درُود میرے معمولات میں سے ہے یہ درُود بے پناہ انوار و برکات کا حامل ہے۔
صدقِ اخلاص سے پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہو جاتا ہے اور اعمال نامے میں نیکیوں میں اضافہ ہوتا ہے اور حضُور ﷺ کی قربت حاصل ہو گی۔ ظاہر اور باطن میں پاکیزگی پیدا ہو گی۔ بعد نماز فجر ایک سَو مرتبہ بلا ناغہ پڑھنے والا ہر طرح کے فیضان سے مستفید و مستفیض ہو گا۔ اور جو شخص بعد نماز عشاء گیارہ سو مرتبہ دینی و دُنیوی حاجت روائی کی غرض سے پڑھے۔ انشاء اللہ اس کے دل کی مُراد پُوری ہو گی اور اللہ تعالیٰ کی مدد و رحمت سے اس کی مشکل حل ہو جائے گی۔ اگر روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ کی تائیدو مدد شامل حال رہے گی غمزدہ پڑھے غم دُور ہو جائے، سفر میں پڑھا جائے سفر بخیریت گزرے۔ عام طور پر پڑھنے سے شر شیطان اور ایذائے دشمن سے حفاظت رہے گی، اگر کوئی چالیس رات بعد نماز تہجد ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے جو اللہ تعالیٰ سے مانگے وہی ملے، اگر زیارت کی غرض سے پڑھے تو زیارت سے بھی مشرف ہو گا۔ ایسا کرم اللہ تعالیٰ نے بندۂ ناچیز پر بھی کیا ہوا ہے۔ رمضان المبارک میں کثرت سے پڑھنا بارگاہ محبوب خدا ﷺ تک پہنچنے کا بہترین وسیلہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی و رضا اور قرب حاصل کرنے کا آسان ترین ذریعہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اَفْضَلِ الْحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ

اے اللہ — اپنے افضل حبیب عظیم — نبی محمد ﷺ پر

الْعَظِيْمِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ ط

اور آپ ﷺ کی آل پر اور آپ ﷺ کے صحابہ پر درُود اور سلام بھیج

درُود حصُولِ رحمت

یہ درُود اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لیے بہت بہتر ہے لہٰذا جو شخص اسے روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے، اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جائے گا۔ اور اُسے نعمتوں اور رحمتوں سے مالا مال کر دے گا۔ اللہ تعالیٰ اُسے ایسا نیک کام سرانجام دینے کی توفیق دے گا جو تا قیامت رہے گا۔ جس سے اس کا نام ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہے گا۔ یہ درُود شریف میرے معمولات میں سے ہے۔ میں نے اسے فیوض و برکات کے لحاظ سے بہت اکسیر پایا ہے۔ جو شخص اس درُود شریف کو روزانہ چند بار پڑھنے کا معمول بنالے۔ اس کا حضورِ انور ﷺ کے ساتھ ایک خاص تعلق اور رابطہ پیدا ہو جائے گا جس کی بدولت بے پناہ دینی فوائد حاصل ہوں گے۔ یہ درُود دل کی میل کچیل کو اسی طرح دھو ڈالتا ہے جس طرح صابن کپڑے کو صاف کر دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً دَآئِمًا وَّسَلِّمْ سَلَامًا

اے اللہ ۔ درُود بھیج ۔ ابدی درُود بھیج ۔ اور ابدی سلام

اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ وَسَیِّدِ النَّبِیِّکَ

بھیج ۔ اپنے حبیب ۔ اور ۔ انبیاء کے سردار پر

وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ

اور اُن کی آل پر اور اُن کے صحابہ پر ۔ پس تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں

رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔

نوافل شب و روز

نمازِ شنبہ ہفتہ کی شب بعد نمازِ عشاء، بارہ رکعت نماز چھ سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قرآن پاک سے جو بھی سورت یاد ہو پڑھی جاسکتی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کو اللہ پاک اپنی رحمت سے اس کے گناہ معاف کر کے مغفرت فرماتا ہے اور اس کے لیے بہشت میں اعلیٰ مقام عطا کرے گا۔

نمازِ یک شنبہ بروز اتوار نمازِ ظہر کے بعد چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ بقر کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ تا کٰفِرِیْنَ ط ایک ایک بار پڑھیں۔ اللہ کریم اس نماز پڑھنے والے کو ہر رکعت کے عوض ہزار رکعت کا ثواب عطا کرے گا۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ اس کی تمام دنیا و آخرت کی دُعاء قبول کرے گا۔

نمازِ دو شنبہ پیر کی شب بعد نمازِ عشاء دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد سُورۃ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے بعد سلام کے آیۃ الکرسی پندرہ بار اور استغفار پندرہ مرتبہ پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کے تمام ظاہر و باطن گناہ معاف فرما کر انشاء اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے گا۔

نمازِ سہ شنبہ منگل کی شب بعد نمازِ عشاء بارہ رکعت نماز چھ سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد سُورۃ نصر پانچ بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ کریم مغفرت فرما کر بہشت بریں میں اعلیٰ درجہ کا محل عطا فرماتے گا۔

نمازِ چہار شنبہ بروز بدھ صبح دس گیارہ بجے کے درمیان یا بعد نمازِ ظہر بارہ رکعت نماز چھ سلام سے پڑھنی ہے اور ہر رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد سُورۃ اخلاص تین بار، سُورۃ فلق تین بار، سُورۃ ناس تین بار پڑھیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اس نماز

کو پڑھنے والے کے گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ اس پر سے عذاب قبر ہٹا دے گا اور بروز حساب اسے صدیقوں میں شامل کرے گا۔

نماز پنجشنبہ جمعرات کی شب بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سُورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی پانچ مرتبہ، سُورۂ اخلاص پانچ مرتبہ، سورۂ فلق پانچ مرتبہ، سُورۂ ناس پانچ مرتبہ پڑھیں۔ بعد سلام کے استغفار پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو انشاء اللہ تعالیٰ بروز حساب صدیقوں اور شہیدوں میں اٹھائے گا۔ اس نماز کو پڑھ کر اپنے ماں باپ کو بخشنے کا بے حد ثواب ہے۔

نماز جُمعہ بروز جمعہ صبح دس گیارہ بجے کے درمیان چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد سُورۂ اعلیٰ ایک بار، سورۂ اخلاص پندرہ بار۔ دوسری رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد سُورۂ کوثر ایک بار، سُورۂ اخلاص پندرہ بار پڑھے۔ پھر اسی ترکیب سے دو رکعت اور پڑھنی ہیں۔

اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کی ہر دُعاء قبول فرمائے گا۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ اس کی قبر میں روشنی ہو گی اور دوزخ سے نجات پا کر داخل بہشت کیا جائے گا۔

فرمانِ رسُول ﷺ

لَيْسَ الْمُؤْمِنُ الَّذِيْ يَشْبَعُ وَجَارُهٗ جَائِعٌ اِلٰى جَنْبِهٖ رواہ البیہقی

وُہ شخص مومن نہیں ہے جو خود پیٹ بھر کر کھائے اور اس کا پڑوسی بھوکا رہے۔

لَا تُكَلِّمَهُ بِكَلَامٍ تَعْتَذِرُ مِنْهُ غَدًا ط (مشکوٰۃ)

کوئی ایسی بات نہ کر جس کے لیے کل تجھے پچھتانا پڑے۔

اُعْطُوا الْاَجِيْرَ اَجْرَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّجِفَّ عِرْقُهٗ (ابن ماجہ)

مزدور کی مزدوری اس کے پسینے خشک ہونے سے پہلے ادا کرو

اِذَا قُمْتَ فِيْ صَلٰوتِكَ فَصَلِّ صَلٰوةَ مُوَدِّعٍ (مشکوٰۃ)

جب تو نماز کے لیے کھڑا ہو تو یہ سمجھ کر پڑھ کہ (تیری زندگی کی) یہ آخری نماز ہے

یا

رات کو سونے سے پہلے اپنے گناہوں کی معافی مانگ ممکن ہے کہ یہ رات تیری زندگی کی آخری رات ہو۔ (تعلیم القرآن)

*

فجر کی نماز کے بعد ۔۔۔۔۔۔ سورۂ یٰسٓ اور سورۂ فجر

ظہر کی نماز کے بعد ۔۔۔۔۔۔ سورۂ فتح

عصر کی نماز کے بعد ۔۔۔۔۔ سورۂ نبا

مغرب کی نماز کے بعد ۔۔۔۔۔ سورۂ واقعہ

عشاء کی نماز کے بعد ۔۔۔۔ سورۂ سجدہ اور سورۂ ملک

یہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم روزانہ پڑھ کر سوتے تھے۔

روزی کیلیے سورۂ مزمل تین یا سات بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی و کامرانی نصیب ہوگی۔

*

۲۲ محرم ۔۔۔۔۔۔۔ کو کعبۃ اللہ کی بنیاد پڑی۔

۱۸ ذی الحجہ ۔۔۔۔۔۔۔ کو کعبۃ اللہ تیار ہوا۔

۲۵ ذیقعدہ ۔۔۔۔۔۔۔ نبوت کا اعلان فرمایا۔

۲۷ رجب المرجب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو معراج پر تشریف لے گئے۔

۱۲ ربیع الاوّل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو آپ ﷺ دنیا میں تشریف لاتے۔

اگر آپ ان تاریخوں میں روزہ رکھیں تو اللہ تعالیٰ آپ کو ایک روزہ کے عوض ایک ہزار روزوں کا ثواب عطا فرمائے گا۔

اشعارِ دُعائیہ

الٰہی بحق بنی فاطمہ رضؓ!
کر بر قول ایماں کنی خاتمہ!

اگر دعوتم رد کنی در قبول
من و دست و دامان آلِ رسُول

زباں پہ کلمہ ہو سر ہو نبیؐ کے قدموں پر
جمعہ کا دن ہو شب قدر میں بُلا لینا

الٰہی ذکر سے غافل نہ رکھنا بعد مُردن بھی
لحد میں بھی کریں ذکرِ الٰہی ہڈیاں میری

خُدا کے ذکر سے قائم ہے یہ نظامِ حیات
یہ دل کی دھڑکنیں ہر وقت صدا دیتی ہیں!

عمر ہو تیری بسر حمدِ خدا میں ماجد
نام ہو تیرا محمد ﷺ کے ثنا خوانوں میں

رسول اللہ ﷺ کی پیاری باتیں

راستی: سچائی پر قائم رہو، سچائی میں نجات ہے۔

امانتداری: جس شخص میں امانتداری نہیں اس میں ایمان نہیں۔

پرہیزگاری: اللہ تعالیٰ کے نزدیک با عزت وُہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو۔

سادگی: عیش پسندی سے بچو۔ اللہ کے بندے عیش پسند نہیں ہوتے۔

توکّل: صرف اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو۔ لیکن اپنی کوشش اور محنت کو نہ چھوڑو۔

رحمدلی: تم زمین والوں پر رحم کرو، آسمان والا (اللہ تعالیٰ) تم پر رحم کرے گا۔

اعانت: اپنے بھائیوں کی مدد کرنا ایک ماہ کسی مسجد میں معتکف ہونے سے افضل،

صُلح: صلح کرنی نماز پڑھنے اور صدقہ کرنے سے بہتر ہے۔

عفو وحِلم: تم میں زیادہ قوی وُہ ہے جو غصہ میں اپنے آپ کو قابو میں رکھے اور قدرت ہوتے ہوئے بدلہ لینے سے درگذر کرے۔

تلاش: اللہ تعالیٰ کی تلاش میں بھٹکتے پھرنے کی کوئی ضرورت نہیں، دیکھنے کی نظر سے دیکھو اللہ تعالیٰ شہ رگ سے زیادہ قریب تم کو ملے گا۔

بزرگی: اللہ تعالیٰ کے بندوں میں وہی شخص بزرگ ہے جو اللہ تعالیٰ کو محبت کی نظر سے دیکھتا ہے۔

تقویتِ ایمان: جس طرح زبان بال سے پاک ہے، اسی طرح ایمان کو بے ایمانی سے پاک رکھنا چاہیئے۔

مُناجات

اب دُعا کے واسطے اے مومنو
ہاتھ اپنے سب اٹھاؤ دوستو

اور پکارو ہم زباں ہو کے سب
فریاد ہے فریاد ہے سُن لے اے یارب

در کو تیرے چھوڑ کر جائیں کہاں
ترے بندوں کا ٹھکانا ہے کہاں

تُو ہی خالق تُو ہی مالک ہے خُدا
دوسرا کوئی نہیں تیرے سِوا

آگ کو تُو نے بنایا باغ تھا
اور خلیلؑ اللہ کو بچوا لیا

راہ دریا میں دیا موسیٰؑ کو ہے
اور بچایا چاہ سے یُوسفؑ کو ہے

ور آدمؑ نے خطا جب ہے کیا
پھینکا ہے تُو نے زمیں پہ اے خُدا

اپنی بخشش کے لیے آدمؑ نے تب
بہت روئے اور پکارے میرے رب

پر نہیں بخشش ہوئی آدمؑ کی ہے
سینکڑوں برسوں تلک رویا کیے

جب محمد ﷺ کا وسیلہ ہے لیا
اے خُدا تب تُو نے آدمؑ کو کہا

تیری دُعا مقبول اب تو ہو گئی
جوش پر رحمت ہے آئی اس گھڑی

معاف اب تیری خطا کو ہم نے کیا
دیکھ اے آدمؑ طفیل مُصطفیٰ

تو آج ہم بھی سب تیری درگاہ میں
سب محمد کا وسیلہ لائے ہیں

واسطے اب نورِ رسُولؐ اللہ کے!
اصحاب نبیؐ اہل نبیؐ کے واسطے

بخش دے سارے گناہ جو ہم نے کیے
رحمت سے تیری اور تیرے فضل سے

ہر بلا سے اور مصیبت سے بچا
راستہ ہم کو خدا سیدھا چلا

جو کہ اس مجلس میں ہیں حاضر خُدا
ان کے پُورا دل کا مُدعا

خوش رہے سب اُمت خیر الوریٰ
پُوری ہو امید سب کی اے خُدا

دے شفا بیمار کو مالک میرے
جو سفر میں ہیں خوشی سے بھیج دے

اور بے اولاد کو اولاد دے !
کردے گھر کو اُنکے روشن رب میرے
اور روزی دے ہمیں رزق حلال
مہربانی سے تیری اے ذوالجلال
روزی میں ایسی برکت سب کو دے
منہ سے اپنے ہی تمامی بس کہے
زندگی میں تندرستی سب کو دے
رات دن تیرا ذکر لب پہ رہے
چھوڑ دے تو قیدیوں کو قید سے
اور خوشی سے ان کے گھر پہنچ دے
نہ کر تو محتاج ہم کو کسی کا بھی
رکھ ہمیں محتاج اپنے در کا ہی
وقت جب سکرات کا ہو دے خُدا
لب پہ ہو کلمہ محمد ﷺ مصطفٰے
حشر میں بھی ہوں انہی کے ساتھ میں
ہو ہمارا ہاتھ ان کے ہاتھ میں
قادری کی یہ دُعا ہے گی خُدا
اس کو کر مقبول بہرِ مصطفٰی

ہر مصیبت اور ہر بلا سے بچا!
اور رسول اللہ کا جلوہ دکھا!

مفید اور کارآمد باتیں

- خیرات مال میں اضافہ کرتی ہے۔
- احسان دشمن کو بھی زیر کرلیتا ہے۔
- حقیقت یقین کی ماں ہے۔
- انسان کا سب سے بڑا دشمن نفس ہے۔
- جو اپنی ذاتی اصلاح نہیں کرسکتا اس سے دوسروں کی اصلاح ممکن نہیں۔
- خاموشی فضول گوئی سے بہتر ہے۔

- محبّت کے بغیر خُوب صُورتی زہر ہے۔
- دل کی صفائی سب سے زیادہ خوب صُورتی ہے۔
- جو محبت آپ اپنے ماں باپ سے کروگے وہی محبت آپ کی اولاد آپ سے کرے گی۔
- دنیا ایک بینک ہے تم کو اس میں سے وہی چیز ملے گی جو تم نے جمع کی ہے۔
- دنیا میں سب سے مشکل کام اپنی اصلاح ہے اور سب سے سہل دوسروں پر نکتہ چینی ہے۔
- امن چاہتے ہو تو اپنے کان اور آنکھ استعمال کرو لیکن زبان بند رکھو۔
- عمر کے کسی حصّے میں بھی عورت کو اپنی مرضی پر نہ چھوڑنا چاہیئے۔
- بیماری گھوڑے کی رفتار سے آتی ہے اور چیونٹی کی رفتار سے جاتی ہے۔
- آدمی کو خود اس کی ذات کے سوا دوسری چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔
- عورت کا دل اس کے دماغ پر حکومت کرتا ہے۔
- سچ بولنے والا دشمن جھوٹے دوست سے اچھا ہے۔
- دوسروں کی غلطیاں بھول جاؤ لیکن اپنی ایک بھی نہ بھولو۔
- زبان اگرچہ تلوار نہیں لیکن تلوار سے تیز ہے۔
- جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی زندگی آرام سے گذرے، وُہ اپنے دل سے لالچ نکال دے۔